باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری 114

دسمبر 2015 صفر المظفر ربیع الاول 1437 ہجری

گھر گھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 45

جناب! چائے نہیں قہوہ پی لیں بھرپور زندگی جی لیں

گھریلو مشکلات الجھنوں سے چھٹکارے اور روایات کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس کے اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

نہ چوہے نہ چھپکلی نہ لال بیگ
لاجواب آزمودہ آسان عمل

- ذہنی دباؤ سے نجات ممکن ہے کچھ اصول اپنا لیجیے
- درس کی برکت سے امتحان میں شاندار کامیابی
- ناف نکالنے اور چیک کرنے کا آسان طریقہ
- سانس بند کر کے زم زم پڑھنا شروع کردیا
- مشکلات دور حاجات منوانے کا آسان ٹوٹکہ
- کڑوی بیماریوں کا میٹھا علاج
- انجیر بادام اخروٹ اور مونگ پھلی کے مزے

جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کیلئے کچھ مشورے

پندرہ روپے کی دار چینی سے شوگر ہمیشہ کیلئے ختم

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-
2	اکسیر البدن	300/-
3	الرجی ڈرکورس	600/-
4	اصلاح معدہ پیکیج	440/-
5	السر کورس	400/-
6	بواسیر کورس	500/-
7	برص پھلبہری کورس	500/-
8	بے اولادی کورس	2500/-
9	بے اولادی پاؤڈر	500/-
10	بنفشی قہوہ	120/-
11	پیشاب کنٹرول کورس	400/-
12	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-
13	پوشیدہ کورس	600/-
14	پیچش شفاء	120/-
15	پتہ پتھری شفاء	90/-
16	ٹھنڈی مراد	120/-
17	ٹھنڈک پیکیج	500/-
18	جوہر شفاء مدینہ	150/-
19	چلڈرن سیرپ	120/-
20	چوٹ شفاء	100/-
21	چہرہ شفاء	150/-
22	خون صفاء پاؤڈر	120/-
23	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-
24	خون افزا ٹانک	120/-
25	وکسی کریم	500/-
26	دردی ہربل لیپ	80/-
27	دم والا شہد دوائی	900/-
28	ڈیپریشن پیکیج	490/-
29	روحانی پھکی	20/-
30	روحانی عطر	240/-
31	روشن دماغ ٹانک	250/-
32	زیتونی نقراتی	2200/-
33	ستر شفائیں	250/-
34	سکون افزا شوگر فری سیرپ	120/-
35	سکون افزا (بڑی پیک میں)	320/-
36	سچا منجن	70/-
37	سدابہار حسن و خوبصورتی پیکیج	840/-
38	شفاء حیرت سیرپ	120/-
39	شہد ایک کلو گرام	600/-
40	شہد 330 گرام	200/-
41	شوگر کورس	800/-
42	طب نبوی حسن و جمال کریم	300/-
43	طب نبوی ہیر آئل	300/-
44	طب نبوی انمول ہیر پاؤڈر	120/-
45	عروسی سہاگ کورس	5000/-
46	عشاری گولیاں	200/-
47	فٹنس پیکیج	600/-
48	فٹنس فولاد ٹانک	120/-
49	کراماتی تیل	200/-
50	کان شفاء	70/-
51	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
52	کرنٹ مالش	500/-
53	کمر جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
54	گیس بدہضمی تبخیر کورس	600/-
55	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	500/-
56	قد دراز کورس	500/-
57	قبض کشا	120/-
58	قوتی گولیاں	500/-
59	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
60	لیکوریا شفاء	120/-
61	معجون شفاء یابی	500/-
62	مرہم سکون	70/-
63	موٹاپا کورس	600/-
64	مشروب جگر افزاء	180/-
65	مردمی جواہراتی	1100/-
66	معجون مراد	1100/-
67	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
68	ناک شفاء	100/-
69	نشاطی (جدید)	520/-
70	نوجوان شفاء	120/-
71	نیو طاقت	640/-
72	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
73	ہارمونز شفاء	300/-
74	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
75	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
76	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
77	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
78	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-

آج کل کاغذ اور دیگر سامان طباعت کی گرانی کی وجہ سے کتابوں کی قیمتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں اس لیے ترسیل کے وقت جو قیمت ہوگی اسی کا اعتبار ہوگا' اس سلسلے میں ادارہ پر اعتماد فرمائیں۔

مہنگی ادویات سے چھٹکارا چاہتے ہیں' یہ کتاب پڑھیں!

عبقری کی سربند دوائیں لاکھوں انسانوں کو فائدے اور کمال دے چکی ہیں' ان کی شفایابی کے کمالات اور لوگوں کی تصدیقات ایک کتاب کی شکل میں قارئین تک پہنچانے کیلئے ادارہ کے خصوصی تعاون سے اس کی قیمت صرف 20 روپے رکھی ہے۔ اپنے ہاکر اور قریبی سٹال سے ابھی خریدیں' پڑھیں۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا بہت ضروری ہے۔ یہ کتاب دراصل گھریلو معالج اور فرسٹ ایڈ یا دادی اماں کی پٹاری۔۔۔۔ بس لاجواب کتاب ہے۔

0343-8710009

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ کی تالیفات

نمبر شمار	نام کتاب	قیمت
1	[illegible]	300/-
2	[illegible]	200/-
3	[illegible]	200/-
4	[illegible]	200/-
5	[illegible]	100/-
6	[illegible]	180/-
7	[illegible] 700 [illegible]	300/-
8	[illegible]	200/-
9	[illegible]	250/-
10	[illegible]	180/-
11	1947 [illegible]	350/-
12	[illegible]	350/-
13	[illegible]	200/-
14	[illegible]	200/-
15	[illegible]	180/-
16	[illegible]	200/-
17	[illegible]	180/-
18	[illegible]	160/-
19	[illegible]	250/-
20	[illegible]	200/-
21	[illegible]	250/-
22	[illegible]	200/-
23	[illegible]	600/-
24	[illegible]	150/-
25	[illegible]	120/-
26	[illegible]	200/-
27	[illegible]	250/-
28	[illegible]	350/-
29	[illegible]	120/-
30	[illegible]	230/-
31	[illegible]	200/-
32	[illegible]	500/-
33	[illegible]	200/-
34	[illegible]	200/-
35	[illegible]	200/-
36	[illegible]	400/-
37	[illegible]	250/-
38	[illegible]	300/-
39	[illegible]	300/-
40	[illegible]	250/-
41	[illegible]	180/-
42	[illegible]	400/-
43	[illegible]	10/-
44	[illegible] (جلد اول)	300/-
45	[illegible] (جلد دوم)	300/-
46	[illegible]	300/-
47	[illegible]	150/-
48	[illegible]	200/-
49	[illegible]	120/-
50	[illegible]	300/-
51	[illegible]	200/-
52	[illegible]	300/-
53	[illegible]	400/-
54	[illegible]	320/-
55	[illegible]	200/-
56	[illegible]	300/-
57	[illegible]	90/-
58	[illegible]	60/-
59	[illegible]	450/-
60	[illegible]	300/-
61	خطبات عبقری (جلد اول)	300/-
62	خطبات عبقری (جلد دوم)	300/-
63	خطبات عبقری (جلد سوم)	300/-
64	خطبات عبقری (جلد چہارم)	300/-
65	[illegible]	250/-
66	[illegible]	180/-
67	[illegible]	10/-
68	[illegible]	10/-
69	[illegible]	200/-
70	[illegible]	200/-
71	[illegible]	200/-
72	[illegible]	40/-
73	[illegible]	200/-
74	[illegible]	10/-
75	[illegible]	200/-
76	[illegible]	30/-
77	[illegible]	5/-
78	[illegible]	10/-
79	[illegible]	350/-
80	[illegible]	250
81	[illegible]	200/-
82	[illegible]	10/-
83	[illegible]	10/-
84	[illegible] (جلد نمبر 1)	400/-
85	[illegible] (جلد نمبر 2)	400/-
86	[illegible] (جلد نمبر 3)	400/-
87	[illegible] (جلد نمبر 4)	400/-
88	[illegible] (انگلش والیم 1)	300/-
89	[illegible] (انگلش والیم 2)	300/-
90	[illegible]	280/-
91	[illegible]	10/-
92	[illegible]	80/-
93	[illegible]	30/-
94	[illegible]	60/-
95	[illegible]	10/-
96	[illegible]	250/-
97	[illegible]	150/-
98	[illegible]	250/-
99	[illegible]	250/-
100	[illegible]	200/-
101	[illegible]	300/-
102	[illegible]	200/-
103	[illegible]	250/-
104	[illegible]	120/-
105	[illegible]	250/-
106	[illegible]	200/-
107	[illegible]	160/-
108	[illegible]	200/-
109	[illegible]	150/-
110	[illegible]	250/-
111	[illegible]	200/-
112	[illegible]	350/-
113	[illegible]	160/-
114	[illegible]	200/-
115	[illegible]	350/-
116	[illegible] 700 [illegible]	300/-
117	[illegible]	150/-
118	[illegible]	350/-
119	[illegible]	200/-
120	[illegible]	20/-
121	[illegible]	200/-
122	[illegible]	2100/-
123	[illegible] (جلد اول)	400/-
124	[illegible] (جلد دوم)	300/-
125	[illegible]	300/-
126	[illegible] (جلد اول)	400/-
127	[illegible] (جلد دوم)	400/-
128	[illegible]	200/-
129	[illegible] (جلد اول)	300/-
130	[illegible] (جلد دوم)	300/-
131	[illegible]	8/-
132	[illegible]	300/-
133	[illegible]	40/-
134	[illegible]	200/-
135	[illegible]	120/-
136	[illegible]	200/-
137	[illegible]	300/-
138	[illegible]	200/-
139	[illegible]	120/-
140	[illegible]	250/-
141	[illegible]	200/-
142	[illegible]	200/-
143	[illegible]	80/-
144	[illegible]	600/-
145	[illegible]	250/-
146	[illegible]	180/-
147	[illegible]	2500/-
148	[illegible]	230/-
149	[illegible]	100/-
150	[illegible]	230/-
151	[illegible]	400/-
152	[illegible]	150/-
153	[illegible]	400/-
154	[illegible]	200/-
155	[illegible]	180/-
156	[illegible]	10/-
157	[illegible]	170/-
158	[illegible]	250/-
159	[illegible]	10/-
160	[illegible]	150/-
161	[illegible]	250/-
162	[illegible]	500/-
163	[illegible]	180/-
164	[illegible] (جلد نمبر 1)	400/-
165	[illegible] (جلد نمبر 2)	400/-
166	[illegible] (جلد نمبر 3)	400/-
167	[illegible] (جلد نمبر 4)	400/-
168	[illegible]	500/-
169	[illegible]	300/-
170	[illegible]	250/-
171	[illegible]	200/-
172	[illegible]	200/-
173	[illegible]	200/-
174	[illegible]	250/-
175	[illegible]	200/-
176	[illegible]	200/-
177	[illegible]	150/-
178	[illegible]	250/-
179	[illegible]	200/-
180	[illegible]	80/-
182	[illegible]	300/-
183	[illegible]	40/-
184	[illegible]	120/-
185	[illegible]	200/-
186	[illegible]	250/-
187	[illegible]	300/-
188	[illegible]	250/-
189	[illegible]	150/-
190	[illegible]	10/-
191	[illegible]	200/-
192	[illegible]	180/-
193	[illegible]	200/-
194	[illegible]	200/-
195	[illegible]	350/-
196	[illegible]	60/-

ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار رہوں گے۔

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب رحمۃ اللہ علیہ — جناب حکیم محمد رمضان چغتائی رحمۃ اللہ علیہ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 6 | جلد نمبر 10 | دسمبر 2015ء صفر المظفر/ربیع الاول 1437 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

دسمبر 2015ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی' محمد محسن انصاری' میاں محمد طارق' امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شارہ 45 روپے | سالانہ ممبر شپ مع رجسٹرڈ ڈاک 900 روپے' بیرون ملک سالانہ 63 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

فرمان قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ: 10 ستمبر 1945ء کو عید الفطر کے موقع پر قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:۔ "ہمارا پروگرام قرآن کریم میں موجود ہے۔ تمام مسلمانوں پر لازم ہے کہ قرآن غور سے پڑھیں۔ قرآنی پروگرام کے ہوتے ہوئے مسلم لیگ مسلمانوں کے سامنے کوئی دوسرا پروگرام پیش نہیں کر سکتی"

مومن کا وہ انداز باکمال کھو گیا	اقبال تیری قوم کا اقبال کھو گیا
یہ مال و دولت دنیا' یہ رشتہ و پیوند	بتان وہم و گماں' لا الہ الا اللہ

(ڈاکٹر محمد علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ)

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں۔ شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

صرف لاہور عبقری دفتر دیں۔ مقامی ایجنسی کو نہ دیں سامان اکثر عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے آنے سے پہلے

صرف اس نمبر 0322-4688313 پر وقت لیکر آئیں۔ حضرت حکیم صاحب صرف (پیر' منگل' بدھ' جمعرات) کو ملاقات کرتے ہیں۔ بغیر وقت لیے آنیوالے حضرات سے معذرت' بحث سے گریز کریں۔ وقت پر نہ آنے والے حضرات کی باری کینسل ہو جائیگی' یہ شیڈول تمام ملاقاتیوں کیلئے ہے۔ (روحانی و جسمانی دونوں)

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن 78/3 عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون/فیکس: E mail:contact@ubqari.org | 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803

محمد طارق محمود [illegible] سے چھپوا کر [illegible] لاہور سے شائع کیا

[illegible] عالمی مرکز روحانیت و امن [illegible] عبقری اسٹریٹ [illegible]

جادو کا اثر زائل کرنے کیلئے: جادو کے اثر کو زائل کرنے کیلئے گیارہ دن تک سو مرتبہ پارہ نمبر 16 کی سورۂ طٰہٰ کی آیت نمبر 69,68 کو روزانہ سو مرتبہ پڑھیں۔

اللہ کی محبت جن کیلئے واجب ہے!

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نقل فرماتے ہیں: ''میری محبت اُن لوگوں کیلئے واجب ہے جو میری وجہ سے ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہیں' میری محبت ان لوگوں کے لئے واجب ہے جو میری وجہ سے ایک دوسرے کی خیر خواہی کرتے ہیں' میری محبت ان لوگوں کے لئے واجب ہے جو میری وجہ سے ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں اور میری محبت ان لوگوں کے لئے واجب ہے جو میری وجہ سے ایک دوسرے پر خرچ کرتے ہیں۔ وہ نور کے منبروں پر ہوں گے ان کے خاص مرتبہ کی وجہ سے انبیاء اور صدیقین ان پر رشک کریں گے۔ (ابن حیان) ☆ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس بندہ نے اللہ تعالیٰ کیلئے کسی بندہ سے محبت کی اس نے اپنے رب ذوالجلال کی تعظیم کی۔ (مسند احمد)

ایڈیٹر کے قلم سے



حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

ایک دکھی خط میرے نام

''بہت دکھی دل کے ساتھ آپ کو بتا رہی ہوں' میرے شوہر نے میرے ساتھ پسند کی شادی کی تھی اللہ تعالیٰ نے دو بیٹے اور ایک بیٹی دی۔ شوہر شروع ہی سے گرم مزاج' اتنا گرم مزاج کہ یہ بھی نہیں دیکھتے تھے کہ میں کس کے سامنے اور کہاں ہوں؟ میں سب کچھ برداشت کرتی رہی' میرے شوہر ایک شعبے میں ملازمت کرتے تھے مناسب گزارا ہو رہا تھا لیکن ان کے غصے اور گرم مزاجی نے ان کی وہ جاب چھڑا دی کہ میرا اس پر گزارا نہیں ہوتا اور ان لوگوں کا رویہ میرے ساتھ اچھا نہیں حالانکہ خود ان کا رویہ ان لوگوں کے ساتھ اچھا نہیں تھا۔ پھر انہوں نے اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر ایک اور بزنس شروع کیا لیکن نمبر دو بزنس' نمبر ایک نوکری چھوڑ کر نمبر دو بزنس کیا۔ حالات تو اچھے ہو گئے کاروبار' چہل پہل' لباس' کپڑے' کھانا پینا بظاہر رزق کی فراوانی لیکن ادھر سے گھر کی بربادی شروع ہو گئی۔ میرے شوہر اپنے آپ کو زمین کا خدا سمجھنے لگے۔ ماں باپ' بہن بھائیوں کے ساتھ نہایت گستاخانہ اور بدتمیزی کا رویہ۔ ماں کو جی بھر کر دکھ دیا اور ماں کی جی بھر کر بے عزتی کی' ماں پیاسی اور سسکتی نظروں سے اسے دیکھتی رہتی کہ شاید کبھی اچھے لہجے اور اچھے رویے سے یہ شخص مجھے دیکھ لے لیکن آج تک اس بندے نے نہ میٹھا بول بولا' نہ میٹھی آنکھیں دیکھیں اور نہ میٹھی چال چلا۔ اس کی چال میں تکبر' غرور' بدتمیزی اور اکڑ تھی' اس کے بولوں میں کڑواہٹ تھی' اس کے لہجے میں کھٹاس تھی' آخر اسی حالت میں ماں اللہ کو پیاری ہو گئی' یوں یہ گھر والوں سے اور دور ہو گیا۔ اس کے اسی غصے' اکڑپن' تکبر' غرور اور مزاج کی تلخی اور تیزی کی وجہ سے تمام گھر والے حتیٰ کہ رشتے دار سب اس سے دور ہو گئے۔ اس کا وہی دو نمبر کام چلتا رہا۔ پھر اس کی زندگی میں ایک غیر مذہب لڑکی آ گئی' جو اس کے بہت قریب ہو گئی' ہوٹلوں میں ملاقاتیں ہونا شروع ہو گئیں۔ پھر شوہر کو نا معلوم کیا ہوا اس نے تمام لوگوں کا پیسہ اکٹھا کیا جو پینتالیس لاکھ سے زیادہ تھا اور بیرون ملک' ہمیں روتا' سسکتا چھوڑ کر چلا گیا اور یہاں تک بھول گیا کہ میری بیوی اور بچے بھی تھے' وہاں یہ سارا پیسہ اجاڑ کر آخر کار پاکستان اس لڑکی کے ساتھ واپس آ گیا۔ اس لڑکی کے والدین نے لڑکی کو اپنے گھر بٹھا لیا اور بہت بڑی رقم کا مطالبہ کرنے لگے' اب عالم یہ ہے کہ یہ پاکستان کے ایک چھوٹے سے شہر میں چھپ کر رہ رہا ہے ہر وقت لوگوں سے جھوٹ بولتا ہے' دھوکہ دیتا فریب کرتا ہے۔ اسے اپنے خاندان کی' اپنے گھر کی' اپنی بیوی کی' اپنی اولاد کی کوئی پرواہ نہیں۔ سڑک بازار' گھر برادری ہر جگہ' ہر کسی کی بے عزتی کرتا ہے۔ یہ نہیں دیکھتا کہ سامنے کون ہے' کیا ہے؟ بس اس کا مزاج وہی ہے حالانکہ وہ عورت بھی اس سے دور ہو گئی۔ دولت' مال' چیزیں دو نمبر جہاں سے آئیں تھیں' وہاں واپس چلی گئیں۔ یہ خالی اور فقیروں کی طرح سڑکوں کے گشت کرتا ہے' اب تو میرے بچے بڑے ہو گئے ہیں کہتے ہیں ماما' بابا کو گھر نہ آنے دیں۔ بچے باپ سے نفرت کرتے ہیں۔ چونکہ میں آپ کے تسبیح خانہ سے متعلق ہوں' میں نے بچوں کی تربیت بہت اچھی کی ہے بچوں کے اندر باپ والا مزاج نہیں ہے لیکن میری زندگی اجیرن ہو گئی ہے۔ میرا سکھ لٹ گیا ہے' میرا چین لٹ گیا ہے۔ اے کاش! میں محبت کی شادی نہ کرتی! ایک خواب مجھے بار بار آتا ہے اور کئی بار آیا ہے پھر یہ خواب خیالوں کی شکل میں میرے ذہن میں ہر وقت سوار رہتا ہے۔ اس محبت کی شادی میں میرا باپ مجھ سے ناراض تھا' میرے بہن بھائی اور خاص طور پر میری ماں بہت ناراض اور دکھی تھی' آج بھی وہ آنسو' وہ آہیں' وہ سسکیاں جو شاید اب میرا مقدر بن کر رہ گئی ہیں' میں نے بے شمار بار اپنی ماں کے چہرے پر دیکھیں۔ حضرت حکیم صاحب! مجھے ماں کی بددعائیں کھا گئیں' مجھے باپ کی آہیں کھا گئیں میں ہر محبت کرنے والی بیٹی اور بھائی سے کہوں گی خدارا تسبیح خانہ سے جڑ جائیں آپ جہاں بھی ہیں' موبائل کے ذریعے مسلسل تسبیح خانہ کے درس سنیں اور کبھی بھی پیار اور محبت کی شادی نہ کریں۔ اپنا سب کچھ اپنے والدین کے حوالے کر دیں اور اپنے مزاج میں دھیما پن' ٹھنڈا پن پیدا کریں اور غصے کو ختم کر دیں۔ بس! اے کاش وہ دن کیا تھا جب یہ غصے والا شخص میری زندگی میں آیا اس نے مجھے بہت خواب دکھائے' میں اپنی پیاری ماں کو بھول بیٹھی' میں اپنے عظیم باپ کو فراموش کر بیٹھی' میں ساتھ کھیلنے والے بہن بھائیوں کو نفرت سے دیکھنے لگی' مجھے صرف اس شخص سے محبت تھی' باقی سارے معاشرے سے نفرت تھی۔ اے کاش! ایسا نہ کرتی' یا اللہ! اس ظلم کی سزا جو تو نے مجھے دی ہے' میری نسلوں کو بچا' ہر کسی کی بیٹی اور بیٹے کو پیار عشق اور محبت کی شادی سے بچا لے۔ حکیم صاحب! خدارا مجھے سکون چاہیے' مجھے چین چاہیے' مجھے امن اور عافیت چاہیے۔ کیا یہ مل سکتا ہے؟ مجھے علم ہے آپ مجھے کہیں گے ماں باپ کو راضی کر' بہن بھائیوں کو منا اور اگر تیری ماں زندہ ہے اور باپ حیات ہے تو ان کو اتنا راضی کر' اتنا راضی کر کہ وہ دل سے تجھے معاف کر دیں اور جو اندر سے اٹھنے والی آہیں ہیں وہ دعاؤں میں بدل جائیں تب تو تیرا کوئی کام بن سکتا ہے ورنہ ہرگز نہیں!'' قارئین! یہ خط میں نے آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے اس کا جواب میں کیا دوں مجھے آپ سے اس کا جواب چاہیے معاشرے میں لو' محبت' پیار' میسج اور نیٹ کی شادی کا جو رواج چل پڑا ہے اس شادی کا آخر انجام کیا ہوتا ہے؟ سینکڑوں نہیں ہزاروں مثالیں ہمارے معاشرے میں بھری ہوئی ہیں' کبھی اس معاشرے کی مثالوں کو نظر انداز نہ کیجئے بلکہ ہر وقت اس مثال کو مثال سمجھیں کیونکہ یہ مثالیں جن میں عبرت' انجام اور مکافات ہوتا ہے ہمیشہ بے مثال ہوتی ہیں۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

درس روحانیت و امن

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

اللہ سے باتیں کرنے کا انعام

حضرت جی کے ہر درس میں گونگے حضرات ساتھ لائیں۔ درس کا اشاروں میں ترجمہ ہوگا۔

اللہ سے باتیں کرنے کا انعام: ایک اللہ والے خط میں لکھتے ہیں اکتوبر 2005ء کے قیامت خیز زلزلے کے متاثرین کو مفت معاوضے کی ادائیگی کیلئے حکومت نے یونین کونسل کی وساطت سے سرکاری ملازمین پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دیں جو آرمی کی معاونت سے زلزلہ سے متاثرہ گھرانوں کو معاوضہ اور DeathClame جاری کرتی تھی۔ راقم بھی ایک ایسی ٹیم کا چیئرمین مقرر ہوا۔ ٹوٹے ہوئے مکانات کے معاوضے کی ابتدائی قسط پچیس ہزار روپے اور ایسے گھرانے جن کے ہاں اموات ہوئی تھیں ان کے لیے فی آدمی ایک لاکھ روپے DeathClame مقرر ہوا۔ ایک دن DeathClame کا ایک لاکھ روپے والا چیک گم ہوگیا۔ میں بہت پریشان ہوا کیونکہ وہاں تو جعلسازی کا خطرہ تھا۔ تمام نظام ڈسٹرب تھے۔ زلزلے نے سب کچھ تہہ وبالا کردیا تھا۔ ایسا چیک کوئی بھی کیش کرواسکتا تھا۔ میں سوچ رہا تھا کہ کل ڈپٹی کمشنر کو مکتوب لکھوں گا کہ فلاں نمبر کا چیک منسوخ کردیں کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی بندہ اس چیک کو کیش کروالے۔ دو تین روز کے بعد اچانک میں نے واسکٹ چیک کی تو وہ چیک میری جیب میں موجود تھا حالانکہ میں پہلے چیک کرچکا تھا۔ کوئی بندہ ڈال گیا تھا۔ اللہ جل شانہٗ نے کسی جن کی ڈیوٹی لگائی تھی کہ جاؤ وہ چرا کرلے گیا تھا اس چور کی واسکٹ سے اس کی واسکٹ میں ڈال دیں۔ رب آقا ہے۔ ساری خدائی اس کے ماتحت ہے۔ رب کچھ بھی کرسکتا ہے‘ رب سب کچھ کرسکتا ہے اس کے بعد وہ صاحب خط میں لکھتے ہیں کہ ”میں نے اپنی سوچ کے دھارے بدل دیئے۔“

غیبی امداد کا دوسرا واقعہ: پہلی قسط تقسیم ہونے کے بعد دوبارہ ڈی سی آفس مظفرآباد گیا تاکہ مزید رقم، چیک لاکر فہرست کے مطابق تقسیم کروں، مظفرآباد ڈی سی آفس سے پچیس لاکھ روپے کیش اور پندرہ لاکھ روپے کے DeathClame چیک لے کر میں نے اپنے کپڑے کے تھیلے میں پیک کرکے اپنی موٹرسائیکل کے پیچھے رکھ دیئے تاکہ نیشنل بینک سے وہ DeathClame کے چیک کیش کرالوں جب میں اپنے چچا کے گھر پہنچا تو دیکھا کہ موٹرسائیکل سے تو وہ تھیلا جو پیچھے باندھا ہوا تھا غائب تھا۔ جس تھیلے میں پچیس لاکھ روپے نقد اور پندرہ لاکھ روپے کے چیک تھے۔

گمشدہ 25 لاکھ نقد اور 15 لاکھ کے چیک کی تلاش: اب میں اسی راستے سے واپس ڈی سی آفس کی جانب سے روزانہ ہوا جہاں سے آرہا تھا۔ راستے میں جگہ جگہ موٹرسائیکل کھڑی کرکے بازار میں، دکانداروں سے اور دیگر پیدل چلنے والے افراد سے پوچھتا رہا کہ آپ نے یہاں روڈ پر کوئی گرا ہوا تھیلا تو نہیں دیکھا؟ سب نے انکار کیا۔

حواس باختہ کی رب سے فریاد: ایک لمحے کیلئے ایسے محسوس ہوا کہ میں کوئی خواب دیکھ رہا ہوں کیونکہ اتنی بڑی گمشدہ رقم نے مجھے حواس باختہ کردیا تھا۔ میں کافی پریشان ہوگیا۔ میں جب تلاش بسیار کے باوجود مکمل مایوس ہوا تو ہجوم سے ذرا ہٹ کر کھڑے ہوکر رب سے باتیں کیں کہ ”اے اللہ اگر میں نے زندگی میں کوئی ایسا کام کیا جو تجھے پسند ہو تو مجھ پر رحم کر کیونکہ میں اب مجبور ہوں اور میری ساری جائیداد بھی اتنی نہیں کہ میں رقم کی ادائیگی کرسکوں اور پھر بات یہ ہے کہ مجبور لوگوں کا مال ہے اور رقم کی گمشدگی پر میرا کوئی یقین بھی نہیں کرے گا۔ یا اللہ تو ہی میرا مولا ہے۔ بس تو ہی مجھ پر کرم فرما۔“ (اللہ والو! اللہ سے باتیں کرنا سیکھ لو۔)

اور میری رقم مجھے مل گئی!: وہ صاحب خط میں مزید لکھتے ہیں کہ دعا مانگ کر میں اسی راستے پر ایک بار پھر موٹرسائیکل لے کر نکلا جس راستے پر پہلے ڈھونڈ ڈھانڈ کر آیا تھا۔ اسی راستے میں لڑکوں کی ایک ٹولی کے پاس رکا، ان سے پوچھا یہاں اس رنگ کا کوئی تھیلا تو نہیں دیکھا؟ تو ان میں سے کسی نے کہا ہاں دیکھا ہے۔ ابھی کوئی 30 منٹ پہلے ایک لڑکا وہ تھیلا فلاں خیمہ بستی میں لے کر گیا ہے۔ میں اس لڑکے کی نشاندہی پر اس بچے کے ساتھ خیمہ بستی گیا۔ متعلقہ خیمے کے باہر کھڑے ہوکر آواز دینے لگا کہ وہ میرا تھیلا جو تمہارے بچے کو ملا ہے مجھے واپس دو اور وہ تھیلا اس رنگ کا ہے۔ اندر خاتون موجود تھی، میں نے اس خاتون سے کہا کہ ابھی کچھ دیر پہلے تمہارا بچہ جو تھیلا لے کر آیا ہے وہ میرا ہے وہ مجھے دے دو۔

رقم صحیح سلامت تھی: کوئی 30 سیکنڈ کے انتظار کے بعد دوبارہ اس خاتون کے ہاتھ میں وہی تھیلا تھا اور بالکل کھلا ہوا نہیں تھا اور اس میں وہ سب کچھ موجود تھا جو میرا تھا اور جس کا میں امین تھا اور جو مجھے زلزلہ سے متاثرہ بے گھر لوگوں تک پہنچانا تھا۔ آگے لکھتے ہیں کہ ”تھیلا دیکھ کر بے اختیار میری آنکھوں سے شکر کے آنسو نکلے۔“ سبحان اللہ! سچے دل سے اور رزق حلال کھا کر مانگی ہوئی دعا کبھی رد نہیں ہوتی۔ آگے لکھتے ہیں میری امانت مجھے مل گئی۔ وہ لڑکا جس نے تھیلے کی نشاندہی کی تھی پہلے اس سے جب میں پہلے چکر پر آیا تھا تب بھی میں نے اس سے پوچھا تھا اس نے تب بھی انکار کیا تھا۔ لیکن دعا کے بعد اس نے نشاندہی کی۔

مولانا ظہور احمد بگھوی رحمۃ اللہ علیہ کا خادم ”منیر احمد“

سرگودھا کے ساتھ بھیرہ کا مقام ہے وہاں مولانا ظہور احمد بگھوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ بڑے عالم گزرے ہیں۔ ان کا ایک سفیر تھا جو ان کا خادم بھی تھا، اس کا نام منیر احمد تھا۔ بڑا مزاحیہ تھا۔ بعض بندے ایسے مزاحیہ ہوتے ہیں کہ بات سے بات نکالتے ہیں۔ عقل کو دیوانہ اور حیران کردیتے ہیں۔ وہ مزاح کرتا تھا۔ ایک دفعہ کہنے لگا ”مُرظہور احمدا“ ان کو مولانا ظہور احمد کی بجائے ظہور احمدا کہتا تھا بڑا بے تکلف تھا۔ کلکتہ اور ممبئی کے اتنے بڑے بڑے سیٹھ تیرے مرید ہیں کسی کو کہہ کر حج کروا“ فقیرنوں سوہنے صلی اللہ علیہ وسلم دا روضہ تے وکھاں“۔ ”میں وی اللہ دے گھر دا دیدار کراں“ مولانا ظہور احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمانے لگے کہ ”تے مُرد بکواس بند کریسیں“ حتیٰ کہ طے ہوا کہ اسٹامپ پیپر پر اسٹام لکھ کردے کہ اب تو مذاق نہیں کرے گا تو میں تیرے حج کا بندوبست کرتا ہوں اس پر باقاعدہ اسٹامپ لکھا گیا منیر احمد نے اس پر انگوٹھا لگایا ان پڑھ تھا۔ (جاری ہے)

درس سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا درس بہت شوق سے سنتی ہوں‘ آپ کے درس کی تو میں سچ میں دیوانی ہوگئی ہوں۔ ہم نے زادالطالبین میں حدیث مبارکہ پڑھی تھی جس کا مفہوم ہے کہ بعض لوگ بیان کے اعتبار سے بہت اثر رکھتے ہیں‘ اب مجھے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ حدیث آپ کیلئے ہی ہے۔ آپ کے انداز پر تو میں قربان جاتی ہوں اور پتہ نہیں آپ کے درس کے الفاظ میں کیا اثر ہے کہ اللہ تعالیٰ فوراً کرنے کی توفیق بھی عطا فرمادیتے ہیں۔ درس میں بتائے گئے اعمال میں کرتی رہتی ہوں جن کے مجھے بے شمار فوائد ملے ہیں۔ اب تو صبح سے لے کر شام تک ہر کام کے شروع میں مسنون دعائیں زبان پر جاری رہتی ہیں۔ آپ کے درس کی برکت سے میری بہت سی پریشانیاں‘ مشکلات اور گھریلو الجھنیں ختم ہوئی ہیں۔ میرے میاں کے کاروباری حالات بہت بہتر (باقی صفحہ نمبر 7 پر)

امیرالمومنین سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فضائل و مناقب

محمد جہان یعقوب

اسی موقع پر آپ ﷺ نے یہ جملے ارشاد فرمائے: ''اے علی کرم! (اللہ وجہہ) کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ تم میری طرف سے اسی مرتبے پر ہو، جس مرتبے پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے حضرت ہارون علیہ السلام تھے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں

آپ کرم اللہ وجہہ کا اسم گرامی علی، کنیت ابوالحسن و ابوتراب، القاب اسد اللہ الغالب، الحیدر، اور المرتضیٰ ہیں، یہ تمام القلوب آپ کرم اللہ وجہہ کو حضور سید کونین ﷺ نے مختلف مواقع پر مرحمت فرمائے تھے۔ آپ کرم اللہ وجہہ کی ولادت عام الفیل کے 7 برس بعد ہوئی۔ آپ کرم اللہ وجہہ کا تعلق قبیلہ قریش کے معزز ترین خاندان بنو ہاشم سے تھا، آپ کرم اللہ وجہہ نہ صرف حضور اکرم ﷺ کے چچا زاد بھائی بلکہ آپ ﷺ کے پروردہ بھی تھے۔ بچپن میں ہی آپ کرم اللہ وجہہ کے والد حضرت ابوطالب نے آپ کرم اللہ وجہہ کو اپنے بھتیجے حضور سید کونین ﷺ کے سپرد کر دیا تھا۔ آپ کرم اللہ وجہہ کا شمار سابقین اولین کی صف اول میں ہے، اسلام قبول کرنے والے بچوں میں آپ کرم اللہ وجہہ کا پہلا نمبر ہے جبکہ آپ کرم اللہ وجہہ کی عمر 8 یا 10 برس تھی۔ آپ کرم اللہ وجہہ کو ہجرت کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ ہجرت مدینہ کے موقع پر آپ کرم اللہ وجہہ حضور اقدس ﷺ کے حسب ارشاد لوگوں کی امانتیں ان کے حوالے کر کے وسط ربیع الاول 13 نبوی میں مدینہ منورہ پہنچے، جب حضور اکرم ﷺ نے مہاجرین و انصار کے درمیان مواخات قائم فرمائی تو آپ کرم اللہ وجہہ کو حضرت سہل بن حنیف انصاری رضی اللہ عنہ کا دینی بھائی بنایا تھا۔ رجب 2 ہجری میں سرور کونین ﷺ نے 21 یا 24 سال کی عمر میں اپنی سب سے چھوٹی صاحبزادی حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے ساتھ آپ کرم اللہ وجہہ کا نکاح کیا۔ اس وقت خاتون جنت رضی اللہ عنہا کی عمر 16 یا 19 برس تھی۔ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ بہت بہادر، جری اور دلیر تھے، ذیل میں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے چیدہ چیدہ جہادی کارنامے ذکر کیے جاتے ہیں: ☆ غزوہ بدر (2 ہجری) میں آپ کرم اللہ وجہہ نے قریش کے دو سرکردہ رہنماؤں ولید بن عتبہ اور شیبہ بن ربیعہ کو قتل کیا۔ ☆ غزوہ احد (3 ہجری) میں آپ کرم اللہ وجہہ لشکر اسلام کے میمنہ (دائیں حصے) کے امیر تھے۔ حضرت سیدنا مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد علم آپ کرم اللہ وجہہ کے ہاتھ میں آیا، کفار کے علمبردار ابوسعید بن طلحہ کی دعوت مبارزت کے نتیجے میں اس کا بے جگری سے مقابلہ کیا اور اس کو واصل جہنم کر کے دم لیا۔ اسی جنگ میں متعدد مشرکین کے علاوہ کفارہ کے چوٹی کے رہنما ابوالحکم کو بھی موت کے گھاٹ اتارا، جب گھاٹی پر متعین تیراندازوں کی غلط فہمی سے جیتی ہوئی بازی ہارنے کا خطرہ پیدا ہوا تو جو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میدان میں ثابت قدم رہے ان میں آپ کرم اللہ وجہہ بھی شامل تھے۔ نبی اکرم ﷺ کو سہارا دینے والے آپ کرم اللہ وجہہ اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ تھے، جنگ کے اختتام پر حضور نبی اکرم ﷺ کے خون مبارک کو صاف کرنے کیلئے آپ کرم اللہ وجہہ ڈھال میں پانی بھر کر لاتے جاتے اور حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا زخم کو دھوتی جاتی تھیں۔ ☆ غزوہ بنونضیر (4 ہجری) میں آپ کرم اللہ وجہہ کے ہاتھ میں لشکر اسلام کا علم تھا۔ غزوہ خندق (5 ہجری) میں آپ کرم اللہ وجہہ نے قبیلہ بنوعامر کے مشہور جنگجو عمرو بن عبدود کو، جو اکیلا ایک ہزار سواروں کے برابر سمجھا جاتا تھا، قتل کیا۔ اسی سال غزوہ خندق میں بدعہدی کرنے والوں کی سرکوبی کیلئے جو دستے بھیجے گئے ان کے علمبردار بھی آپ کرم اللہ وجہہ تھے۔ صلح حدیبیہ (6 ہجری) میں صلح نامہ لکھنے کا شرف بھی آپ کرم اللہ وجہہ کو حاصل ہوا۔ آپ کرم اللہ وجہہ نے گواہ کے طور پر اس عہد نامے پر دستخط بھی فرمائے۔ غزوہ خیبر (7 ہجری) میں خیبر کے 12 قلعوں میں سے ایک قلعہ حصن القموص کی فتح میں شدید دشواریاں پیش آئیں، بالآخر یہ قلعہ آپ کرم اللہ وجہہ کے ہاتھوں فتح ہوا، اسی معرکے میں مرحب نامی مشہور جنگجو آپ کرم اللہ وجہہ کے ہاتھوں اپنے انجام بد سے دوچار ہو کر جہنم واصل ہوا۔ فتح مکہ (8 ہجری) میں آپ کرم اللہ وجہہ نے بحکم نبی اکرم ﷺ ایک کافر کو قتل کیا، اسی سال غزوہ حنین میں جب بنوہوازن کے یکدم حملہ آور ہونے سے بھگدڑ مچ گئی تو آپ کرم اللہ وجہہ ثابت قدم رہے اور جان نثاری سے شجاعت کے جوہر دکھائے۔ غزوہ تبوک (8 ہجری) میں حضور اقدس ﷺ نے آپ کرم اللہ وجہہ کو اپنے خانگی معاملات اور کچھ انتظامی امور کی نگرانی کے حوالے سے مدینہ منورہ میں قیام کرنے اور جنگ میں حصہ نہ لینے کا حکم دیا۔ جسے تعمیل حکم میں آپ کرم اللہ وجہہ نے قبول فرمایا، ورنہ آپ کرم اللہ وجہہ کی ذاتی خواہش جنگ میں بنفس نفیس شریک ہونے کی تھی، اسی موقع پر آپ ﷺ نے یہ جملے ارشاد فرمائے: ''اے علی کرم اللہ وجہہ! کیا تم یہ پسند نہیں کرتے کہ تم میری طرف سے اسی مرتبے پر ہو، جس مرتبے پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے حضرت ہارون علیہ السلام تھے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں''۔ ☆ حج (9 ہجری) میں چند خاص اعلانات کیلئے حضور اکرم ﷺ نے آپ کرم اللہ وجہہ کو روانہ فرمایا: واضح رہے کہ یہ حج حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی امارت میں ہوا تھا۔ ☆ حجۃ الوداع کے موقع پر 63 اونٹ تو آپ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے ذبح فرمائے، جبکہ بقیہ اونٹ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ذبح فرمائے۔ منیٰ میں آپ کرم اللہ وجہہ نے حضور اکرم ﷺ کے خطبات مجمع تک پہنچانے کیلئے معبر کے فرائض بھی انجام دیئے۔ حضور اکرم ﷺ کی رحلت کے بعد خلیفہ اول بلافصل حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے آپ کرم اللہ وجہہ کو اموال خمس کی تقسیم کے سدباب کے لئے بھیجے جانے والے ایک دستے کا امیر بھی آپ کرم اللہ وجہہ کو مقرر فرمایا۔ حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے آپ کرم اللہ وجہہ کو ان تمام عہدوں پر برقرار رکھا اور مزید مناصب بھی عطا فرمائے، جن میں قاضی کا منصب بھی شامل تھا۔ حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے بھی آپ کرم اللہ وجہہ کو سابقہ مناصب پر برقرار رکھا، حدود کے تمام فیصلے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی عدالت میں ہوتے تھے۔ جمع قرآن کا کام بھی آپ کرم اللہ وجہہ کے مشورے سے ہوا۔ حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد 35 ہجری کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اتفاق رائے سے چوتھے خلیفہ راشد مقرر ہوئے۔ آپ کرم اللہ وجہہ نے اپنے پیشرو خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین کی پالیسیوں کو برقرار رکھا۔ خلیفہ بننے کے تیسرے روز ہی سازشی سبائی ٹولے کو بلا کر فوری طور پر مدینہ چھوڑنے کا حکم دیا۔ یوں ان کے ارادوں پر پانی پھر گیا، اسی روز سے وہ آپ کرم اللہ وجہہ کے بھی دشمن بن گئے۔ ان کی سازشوں کے نتیجے میں مسلمانوں کے درمیان جنگوں تک کی نوبت بھی آئی۔ جنگ نہروان میں خوارج کو شدید نقصان اٹھانا پڑا، اسی روز حرم مکہ میں ایک میٹنگ میں انہوں نے کبار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو شہید کرنے کا منصوبہ تیار کیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے قتل کی ذمہ داری عبدالرحمن بن ملجم کو سونپی گئی۔ منصوبے کے مطابق 17 رمضان 40 ہجری میں نماز فجر کے موقع پر اس بدبخت نے آپ کرم اللہ وجہہ کے سر کے اگلے حصے پر وار کیا۔ آپ کرم اللہ وجہہ کی ریش مبارک خون سے رنگین ہو گئی، آپ کرم اللہ وجہہ شدید زخمی ہو گئے اور 3 دن بعد شہادت کا عظیم رتبہ پایا۔ مدت خلافت 4 سال 9 ماہ ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 29 پر)

بچوں کی خراب لینگویج! وجوہات و سدباب

ڈاکٹر احمد علی

جب والدین اپنے چار سے دس برس کے بچوں کے منہ سے گالیاں، قسمیں اور معیوب زبان سنتے ہیں تو انہیں اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی بے خیالی یا نظر اندازی نے پانی سر سے اونچا کر دیا ہے۔ اس کے سدباب کیلئے سب سے پہلے آپ کو اس خراب زبان کو روکنا ہوگا۔

بچہ والدین کی پرچھائی ہوتا ہے۔ وہ زندگی کا ہر بنیادی طرز عمل گھر سے سیکھتا ہے، ہمارے مذہب میں بچے کے پیدا ہونے پر اس کے کان میں اذان یعنی اللہ کا نام پکارا جاتا ہے تاکہ بچہ زندگی کا پہلا لفظ سنے تو اپنے تخلیق کرنے والے کو یاد رکھے اس کے کان میں والدین کے جملے، باتیں اور گالم گلوچ بھی پڑتی ہے۔ یہ سب INPUT اور OUT PUT کا معاملہ ہے جو کچھ بچے کے کان میں Input ہوگا اس کے ہونٹوں سے Out put کی صورت سے باہر نکل آئے گا۔ بچہ جو کچھ اپنے بڑوں سے سنتا ہے اس کے ذہن پر نقش ہو جاتا ہے اور پھر موقع محل ہو یا نہ ہو وہ انہی الفاظ کو دہرا دیتا ہے۔ خوف انسان کی جبلت میں شامل ہے، بچے کو بری باتوں اور برے کاموں سے روکنے کیلئے اوائل عمر سے اسے ڈرایا جاتا ہے "یہ نہ کرو ورنہ اللہ آ جائے گا" یا اگر تم یہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ ماریں گے" اسی طرح بچے سے کوئی سچ اگلوانا ہو تو اسے اللہ کی قسم دلوانا بھی بڑے یا والدین سکھاتے ہیں؟ بچہ جوں جوں بڑا ہوتا ہے وہ اللہ کے خوف کو بھولتا جاتا ہے کیونکہ وہ سمجھ جاتا ہے کہ اس کی، کی گئی غلطیوں پر کبھی اللہ نہیں آیا لیکن وہ اللہ کی قسم کو اپنی حفاظت یا بچت کیلئے استعمال کرتا ہے۔ چھوٹی عمر میں بچے کو جھوٹ کے نقصان سمجھانا ایسا ہی ہے جیسا ہمالیہ کی چوٹی سر کرنا' لہٰذا کوئی بھی شرارت بچہ کرتا ہے وہ قسم کھا کر اس سے انکار کرتا اور جھوٹ کا سہارا لیتا ہے۔ گھر میں اگر زائد بچے ہوں اور ان کے درمیان عمر کا فرق ہو تو ان کی آپس کی لڑائی اور گالم گلوچ کا طرز عمل ان کے والدین کے برعکس بن کر سامنے آتا ہے اور جب والدین اپنے چار سے دس برس کے بچوں کے منہ سے گالیاں قسمیں اور معیوب زبان سنتے ہیں تو انہیں اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی بے خیالی یا نظر اندازی نے پانی سر سے اونچا کر دیا ہے" اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت" کی مصداق اپنے بچوں کو بدگوئی سے بچانا عقدہ لاینحل ہوتا ہے اور پھر یہ سوچ کر اس تربیت پر گامزن ہو جاتے ہیں جس میں دیر تو ہو گئی ہے لیکن بہت زیادہ دیر نہیں ہوئی۔ کیا آپ والدین نے اس رخ پر کبھی سوچا ہے یا نہیں! تو آج ہی سے اپنے بچوں پر نظر رکھئے اور مشاہدہ کیجئے کہ آپ سے کوتاہی کہاں ہوئی۔ کیا آپ کے بچے نے یہ بدگوئی آپ سے سیکھی ہے یا' بچے کی گفتگو جیسا کہ پہلے ذکر ہوا ان کے ماحول اور ارد گرد موجود لوگوں، والدین یا بڑوں کی گفتگو کے برعکس ہوتی ہے بچے اس تناظر میں توجہ حاصل کرنے کیلئے بھی ان جملوں کا استعمال کرتے ہیں جو بڑے اکثر بولتے ہیں۔ اس سلسلے میں وہ والدین انگشت بدنداں رہ جاتے ہیں، وہ اپنے بچوں کی تربیت کے معاملے میں بہت فکر مند اور ذمہ دار ہوتے ہیں۔ والدین کی آپس میں نوک جھونک، طعنہ زنی، گالم گلوچ یا غصے کی حالت میں برا بھلا کہنا بچوں کو نہ صرف سراسیمہ کرتا ہے بلکہ وہ دماغی تناؤ کی صورت میں لاشعوری طور پر ان الفاظ کو دہراتے ہیں اور جب وہ کسی بات پر غصہ کرتے ہیں تو ان الفاظ کو دہرا دیتے ہیں۔ اس قسم کے رویے کو ماہر نفسیات Conduct Disorder کہتے ہیں۔

خراب رویے اور خراب زبان کا استعمال بچے، والدین یا اساتذہ کے بھرپور کنٹرول کے باوجود بھی کرتے ہیں اور کر سکتے ہیں۔ اس قسم کے کیس میں بچہ گالم گلوچ کے علاوہ دوسری خراب عادتیں بھی سیکھتا ہے۔ ریسرچ بتاتی ہے کہ اس قسم کے بچوں میں نیوکیمیکل کی سطح کم ہوتی ہے جو ان مسائل کو پیدا کرتی ہے۔ ذہنی دباؤ اداسی اور عدم تحفظ بچوں کو تنگ مزاج بنا دیتا ہے۔ ماہر نفسیات کے مطابق بچے کا یہ رویہ غیر صحت مندانہ ہوتا ہے اور وہ اس رویہ کو کسی صورتحال سے نمٹنے کیلئے استعمال کرتے ہیں جو ان کی شخصیت کو بگاڑنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ وہ اس شخصیت کے اس بگاڑ کو Tic Discorder کہتے ہیں۔ اس کی دو علیحدہ علیحدہ علامتیں ہیں۔ پہلی علامت میں بچہ جسمانی ردعمل کا تیز رفتاری سے مظاہرہ کرتا ہے یعنی ٹکر مارنا' تھپڑ مارنا وغیرہ اور دوسرا Vocaltics ہے جس میں بچہ ان باتوں کو بار بار دہراتا ہے جس کا مطلب اسے معلوم بھی نہیں ہوتا۔ وہ والدین جن میں ماہر نفسیات یا مشورہ سازوں کو بھاری بھرکم معاوضے دینے کی سکت نہیں ہوتی' ان کیلئے کچھ ہدایات ہیں لیکن پہلے بچوں میں بری عادات پر نظر دوڑائیے آپ کو میڈیا کے برے اثرات کا بچے کے ذہن پر پڑنے کا بخوبی ادراک ہونا چاہیے۔ بچوں میں بڑوں کا یا اپنے پسندیدہ ہیروز کی نقل کرنے کا رجحان ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنے پسندیدہ کارٹون کرداروں کی نقل کرنا بھی پسند کرتے ہیں۔ بچے گفتگو کا بہت سا حصہ اپنی آیاؤں، سکول بس ڈرائیور گھر میں کام کاج کرنے والی نوکرانیوں یا ماسیوں سے سیکھتے ہیں اور اس طرح اپنے بڑوں یا پڑوسیوں سے بھی خراب الفاظ سیکھتے ہیں۔ بہت سے تہذیب یافتہ والدین بھی منہ پھٹ ہوتے ہیں، وہ نوکروں یا ڈرائیوروں کو گالم گلوچ سے نوازتے ہیں۔ جس سے بچے بھی ان الفاظ کا استعمال سیکھتے ہیں۔ اس کے سدباب کیلئے سب سے پہلے آپ کو اس خراب زبان کو روکنا ہوگا جو آپ دوسرے لوگوں کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ یعنی ڈرائیور، نوکروں یا اپنے پڑوسیوں سے بھی۔ سب سے پہلے تو ان الفاظ کے معنی بچوں کو سمجھائیے انہیں بتائیے کہ یہ بہت غلط الفاظ ہیں، آئندہ اگر انہوں نے یہ الفاظ کہے تو ان کو قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ بچے کو محسوس کروائیے کہ غصہ کرنا چاہیے لیکن غصے کی حالت میں گالی یا دوسرے کو برے الفاظ یا القاب سے پکارنا نہیں چاہیے اس تناظر میں بچوں کو غصے کی حالت میں خود بھی عمل کر کے دکھانا چاہیے۔ اسے بتائیے کہ اس حالت میں بھی اچھی طرح صورتحال کو کیسے قابو کیا جا سکتا ہے، اسے یہ بھی بتائیے کہ بری باتوں اور برے الفاظ سے دوسروں کو دل ٹوٹتا ہے۔ اچھے اور پیار بھرے الفاظ خود بھی استعمال کیجئے، بچوں کا بھی سکھائیے بچے اگر کوئی خراب لفظ غصے کی حالت میں بول رہے ہیں تو آپ ٹھنڈے مزاج سے اسے روکئے اور سمجھائیے اسے پہلے پانی کا گلاس دیجئے اور سکون سے بٹھائیے اس سے اسے غصہ کنٹرول کرنے میں بھی مدد ملے گی اور پھر آہستہ آہستہ اس کے الفاظ پر اسے سرزنش کیجئے۔ ٹی وی پروگرام میں اگر کوئی بری بات یا خراب لینگویج ہے تو فوراً اس پر سخت ردعمل کیجئے۔ بچے کو بتائیے کہ ٹی وی پر کہے گئے الفاظ غلط ہیں اور جو کردار ایسے الفاظ استعمال کر رہے ہیں وہ انتہائی برے ہیں اور ان کی تقلید نہیں کرنی چاہیے۔ اس معاملے کو سکول انتظامیہ سے بھی ڈسکس کیجئے خاص طور پر وہاں جہاں بچے کی معاشرت متاثر ہے۔ بچے کی ٹیچر کو بچے کے متعلق بتائیے تاکہ وہ بچے اور دوسرے عوامل پر نظر رکھ سکے۔ بچے کو اچھی کتابیں پڑھنے کو دیجئے، نصیحت آموز کہانیاں اور قصے، بچوں کو بہت ساری اچھی باتیں سکھانے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ بچوں کو اچھے رول ماڈل دیجئے وہ ان کی تقلید میں خود بھی اچھے رول ماڈل بننے کی کوشش کریں گے۔

لاعلاج کینسر کا مریض تیس دن میں تندرست

مرض کا یہ عالم تھا کہ آواز بند ہوچکی تھی اور کینسر پھیپھڑوں اور کھانے کی نالی میں پوری طرح پھیل چکا تھا۔ مگر اللہ کے کلام میں وہ تاثیر ہے جو ناقابل بیان ہے۔ عمل یہ ہیں:۔ سورۂ مؤمنوں کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ دن میں پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرنی ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے کچھ مسائل کے حل کیلئے فون پر وقت لے کر آپ سے ملنے لاہور آئی تھی۔ آپ سے ملاقات کے بعد بہت سکون میسر آیا۔ آپ کی دی ہوئی پڑھائی اور دوائی سے بہت افاقہ ہوا ہے۔ شوہر کی طبیعت بھی اب بہتر رہنے لگی ہے۔ سر میں درد جہاں روز صبح اٹھتے ہی شروع ہوجاتا تھا اب ہفتے میں صرف ایک دفعہ یہ شکایت ہوتی ہے۔ انشاء اللہ العزیز اللہ کے پاک کلام سے وہ بھی ٹھیک ہوگا۔ (آمین)

جب میں لاہور آئی تھی تو والدہ کا خط آپ تک پہنچایا تھا جس میں انہوں نے مدینہ میں افحسبتم اور اذان والے عمل کی تقسیم اور اس کے فوائد لکھے تھے۔ اس بارے میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ اس عمل کو ہم اپنے ذاتی تجربے میں لا چکے ہیں۔ یہ بات عبقری سے تعلق بننے سے دو سال پہلے کی ہے۔ میرے سسر کو ”کینسر“ کا مرض تشخیص ہوا تھا۔ سالہا سال علاج کے بعد ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تھا۔ اس وقت ہم نے درج ذیل عمل اپنائے تھے جس کے بعد وہ ایک ماہ کے بعد ہی صحت یاب ہونا شروع ہوگئے اور اگلے سی ٹی سکین پر ڈاکٹروں نے بتایا کہ آپ کا مرض خود بخود ختم ہورہا ہے۔ اب آپ کو کینسر کے علاج کیلئے کیموتھراپی اور ریڈیوتھراپی کی کوئی ضرورت نہیں۔ مرض کا یہ عالم تھا کہ آواز بند ہوچکی تھی اور کینسر پھیپھڑوں اور کھانے کی نالی میں پوری طرح پھیل چکا تھا۔ مگر اللہ کے کلام میں وہ تاثیر ہے جو ناقابل بیان ہے۔ عمل یہ ہیں:۔ سورۂ مؤمنوں کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ دن میں پانچ مرتبہ پڑھ کر دونوں کانوں میں دم کرنی ہے۔ 2۔ سورۂ رحمٰن اور سورۂ یٰسین کی تلاوت کو بغور سننا۔ 3۔ سورۂ بقرہ کی تلاوت اور اس کا دم کیا ہوا پانی پلانا۔ یہ وہ عمل ہیں جو ہم نے باقاعدگی سے کیے اور مرض اب تک بفضل خدا لوٹ کر نہیں آیا۔ اسی لیے جب عبقری سے منسلک ہوئے۔ اس کے قاری کے طور پر تو صرف اس ہی ایک بات نے اس کو باقاعدگی سے اپنانے پر مجبور کیا وہ یہ تھی کہ جو بیان کیا جاتا ہے۔ وہ حق کی بنیاد پر اور سب سے اہم بات یہ کہ لوگوں کو تسبیح اور مصلے کی طرف لگایا نہ کہ تعویذ اور دھاگوں کے چکروں میں ڈالا۔ ساری بات بیان کرنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ کلام الٰہی اور اس کا ساتھ ہی سوپر پاور ہے۔ (صائمہ وقار، واہ کینٹ)

سورۂ قریش کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ دنوں گھر سے نکلا تو میری جیب میں کوئی پیسہ نہ تھے۔ گھر والوں کو ناشتہ بھی میں دکان سے ادھار لاکر دیا اور دوپہر کیلئے چنے کی دال وغیرہ۔ میں سیکرٹریٹ میں ملازم ہوں۔ بغیر پیسوں کے سٹاپ پر آکر کھڑا ہوگیا کیونکہ ہماری سرکاری بس ہمیں لینے آتی ہے۔ اپنے وقت پر میں سٹاپ پر کھڑا رہا مگر اللہ کی کرنی کے آج بس بھی نہیں آئی۔ میں نے ایک دوست کو فون کیا کہ وہ موٹر سائیکل پر جاتا ہے مجھے ساتھ لیتا جائے مگر اس نے بھی فون نہ اٹھایا۔ جب میں مایوس ہوگیا تو سورۂ قریش کی تلاوت شروع کردی اور چل پڑا کہ میرے گھر سے کچھ فاصلے پر ایک سیکشن آفیسر رہتے ہیں میں نے سوچا کہ وہ گاڑی پر جاتے ہیں۔ ان کے ساتھ چلا جاؤں۔ سورۂ قریش کی تلاوت جاری تھی کہ آگے ایک بس کھڑی تھی اور بھی بسیں آرہی تھیں مگر میرے پاس تو پیسے ہی نہیں تھے۔ میں سورۂ قریش پڑھتا ہوا آگے بڑھا تو بس کے آگے ایک موٹر سائیکل رکی ہوئی تھی اس بندے نے ہیلمٹ پہن رکھا تھا اور مڑ کر میری جانب دیکھ رہا تھا میں قریب پہنچا تو اس نے مجھ سے پوچھا کہ سیکرٹریٹ جانا ہے میں نے ہاں میں سر ہلایا تو مجھے کہا بیٹھ جاؤ میں بھی وہیں جارہا ہوں۔ راستے میں اس نے بتایا کہ میں بھی سیکرٹریٹ کا ملازم ہوں حالانکہ میں اسے نہیں جانتا تھا اور اس طرح اللہ نے سورۂ قریش کی برکت سے مجھے بس سے پہلے ہی اپنے دفتر بغیر پیسوں کے پہنچا دیا۔ راستے میں میں نے سورۂ فاتحہ کی تسبیح کی اور اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا اور سورۂ فاتحہ کی تسبیح آپ کو ہدیہ کردی' اللہ تعالیٰ آپ کا حامی ناصر ہو۔ (فیاض احمد، لاہور)

(بقیہ: درس سے فیض پانے والے)

ہوئے ہیں۔ میں نے آج تک آپ کو دیکھا نہیں مگر درس کی وجہ سے آپ سے اتنی عقیدت ہوگئی ہے کہ کیا بتاؤں؟ اب تک 45 مرتبہ آپ کو خواب میں دیکھ چکی ہوں حالانکہ میں نے آپ کو حقیقت میں نہیں دیکھا۔

اسلام اور رواداری | قسط نمبر 104 | ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

بحیثیت مسلمان ہم جس باخلاق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا آپ نے سابقہ اقساط میں پڑھا اب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جانوروں سے حسن سلوک کے چند واقعات پڑھیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک بدکار عورت اس لیے بخش دی گئی کہ ایک دفعہ اس نے ایک کتے کو ایک کنوئیں کی منڈیر (کنارہ) پر دیکھا کہ زبان نکال رہا ہے قریب ہے کہ پیاس اسے بیدم کردے۔ اس نے اپنی جوتی نکالی اور اُسے اپنی اوڑھنی (ڈوپٹہ) سے باندھا اور اس کیلئے پانی کھینچا (اور اس کو نچوڑ نچوڑ کر پیاسے کتے کو پانی پلایا) تو وہ اپنے اس نیک کام کی وجہ سے بخش دی گئی (اس پر) حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا کیا جانوروں پر رحم کرنے سے بھی ثواب ملتا ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہر تر جگہ والی چیز (ذی روح) پر رحم کرنے سے ثواب ملتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

”پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک“ اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور ”غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں“ کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

بواسیر کسی بھی قسم کی ہو' آزمودہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس بواسیر کا ایک روحانی علاج ہے جو سو فیصد تیر بہدف ہے۔ قارئین عبقری کیلئے میری طرف سے ہدیہ ہے۔ **ھوالشافی:** سرخ رنگ کا سوت کا دھاگہ گز 21 تار لے کر سورۂ لہب پڑھ کر گرہ لگائیں اور اسی طرح ہر دھاگہ پر ایک دفعہ سورۂ لہب پڑھتے جائیں اور اکیس گرہ لگائیں۔ پھر الٹی طرف سے لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ پھر سیدھی طرف سے یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَ یٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿ھود ۴۴﴾ اور دھاگہ مریض اپنی کمر میں باندھ لے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ آزمودہ ہے۔ (عطاء المصطفیٰ)

ذہنی دباؤ سے نجات ممکن ہے کچھ اصول اپنا لیجیے

شائلہ احمد مہر شاہ

عام طور پر مایوس انسان کو پسند نہیں کیا جاتا' معاشرتی تقاضا ہے کہ جو شخص خوش باش ہو وہی محفلوں کی جان ہوا کرتا ہے۔ چلبلا پن' شوخ انداز' پر جوش طبیعت کس کو پسند نہیں۔ مگر خلوت اور جلوت میں ایک جیسی طبیعت اور شخصیت کا مالک ہر کوئی نہیں ہوتا۔

دباؤ کسی بھی قسم کا ہو ذہنی اور جسمانی عدم توازن کا باعث بنتا ہے' موجودہ دور کی مصروفیات نے ہر شخص کو تھکا دیا ہے' ایک بچہ بھی دباؤ کے باعث چڑچڑا ہوجاتا ہے۔ اگر دباؤ کی مقدار کم ہے تو یہ انسانی صحت کیلئے مضر نہیں ہوتا بلکہ انسان کو کچھ نہ کچھ کرنے کی ترغیب دیتا ہے لیکن دباؤ کا حد سے زیادہ پریشر انسانی صحت کیلئے خطرے کی علامت ہے۔ دباؤ کو شکست دینا بہت آسان ہے بس مندرجہ ذیل چھ باتوں پر عمل کو اپنا معمول بنالیں اور پھر دیکھئے دباؤ کیسے دُم دبا کر بھاگتا ہے۔ **آرام کیجئے:** دباؤ سے نجات کیلئے ضروری ہے کہ آپ آرام کریں' ساتھ ہی اپنی سانس کو بھی کنٹرول میں رکھیں' جب سانس اندر کھینچیں اور باہر پھینکیں تو پانچ منٹ تک اس عمل پر اپنی توجہ مرکوز رکھئے اور اس عمل کو مکمل طور پر محسوس کیجئے آپ فوری طور پر دباؤ میں کمی محسوس کرنے لگیں گی۔ **مثبت انداز فکر اپنائیے:** حالات کتنا ہی منفی رخ اختیار کیوں نہ کرلیں انہیں خود پر حاوی نہ آنے دیں بلکہ ہروقت یہ سوچیں کہ آپ خوش ہیں' مسائل حل ہوجائیں گے وغیرہ! اگر آپ مثبت انداز فکر اپنانے کے عادی ہیں تو دباؤ آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔ **دوست کو رازدار بنالیں:** اگر کوئی شخص آپ کو مسلسل پریشان کررہا ہے تو اس کے بارے میں اپنے شوہر یا دوست کو ضرور اعتماد میں لیجئے' آپ خود کو ہلکا پھلکا محسوس کریں گی۔ اگر آپ کسی کو ہمراز نہیں بنانا چاہتیں تو پھر کمرہ بند کرکے زور زور سے چیخیں ماریں اس طرح سارا غصہ اور دباؤ بہہ نکلے گا اور آپ خود کو ہشاش بشاش محسوس کریں گی۔ **خود کو وقت دیجئے:** اپنی شخصیت پر توجہ دینا ضروری ہے۔ ساتھ ہی خود کو آرام بھی پہنچایئے' آرام پہنچانے کا عمل انتہائی سادہ ہے' کسی بھی پرسکون جگہ پر لیٹ کر کچھ وقت گزاریئے اس دوران ذہن کو مکمل طور پر خالی چھوڑ دیں' اس عمل کے بعد اگر کوئی پرفضا پارک میں جانا چاہیں تو جایئے ورنہ کوئی اچھی سی کتاب بھی مفید ثابت ہوسکتی ہے۔ اگر پسند کریں تو اپنا پسندیدہ مشغلہ بھی اپنا سکتی ہیں۔ مثلاً کوکنگ یا پودوں کی دیکھ بھال وغیرہ۔ **متوازن غذا منتخب کیجئے:** یاد رکھئے! آپ کی غذا دباؤ سے لڑنے کا اہم ترین ہتھیار ہے' لہٰذا اس کا متوازن ہونا اور طاقتور ہونا بہت ضروری ہے۔ پھل' ترکاری اور سوپ وغیرہ کو غذا کا مستقل حصہ بنالیں۔ شکر اور کیفین کی مقدار کم کرنا ضروری ہے۔ اگر پان یا سگریٹ پیتی ہیں تو فوری طور پر اس سے باز آجائیں۔

ضرورت سے زیادہ امید نہ رکھیں: زندگی کو حقیقت پسندی کی عینک لگا کر دیکھیں کبھی کسی سے غیرضروری امید نہ باندھیں' حقیقت پسند لوگ زندگی میں کم ہی دکھ اٹھاتے ہیں۔ ساتھ ہی اس بات کا بھی تعین کرلیں کہ آپ زندگی سے کیا چاہتی ہیں؟ اور پھر اپنے مقصد کے حصول میں مصروف ہوجایئے جو بات ناممکن ہے اسے ممکن بنانے کی کوشش نہ کریں کیونکہ ناکامی کی صورت میں آپ پر دباؤ بڑھ جائے گا اور یہ دباؤ کسی بھی صورت آپ کیلئے مفید نہیں۔

ڈیپریشن سے بچنے اور خوش رہنے کے اصول

درحقیقت ڈیپریشن یا مایوسی عام لوگوں کی بجائے' پڑھے لکھے' قابل' نیک و مخلص' پیشہ ور حضرات' خصوصاً وہ لوگ جو عرصہ دراز سے بیمار رہے ہوں یا کسی حادثے کا شکار ہوئے ہوں' فارغ رہنے والے اور تنہا لوگوں کا زیادہ مقدر بنتی ہے۔

عام طور پر مایوس انسان کو پسند نہیں کیا جاتا' معاشرتی تقاضا ہے کہ جو شخص خوش باش ہو وہی محفلوں کی جان ہوا کرتا ہے۔ چلبلا پن' شوخ انداز' پرجوش طبیعت کس کو پسند نہیں۔ مگر خلوت اور جلوت میں ایک جیسی طبیعت اور شخصیت کا مالک ہر کوئی نہیں ہوتا۔ اس کا دورانیہ لمحوں' گھنٹوں' دنوں' ہفتوں اور مہینوں پر محیط ہوسکتا ہے مگر ڈیپریشن سے نجات حاصل کرنا ناممکن ہرگز نہیں۔ **علامات:** اکیلا پن' کھوئے کھوئے رہنا' لوگوں سے نفرت لڑائی جھگڑا' کسی ایک جانب دیکھتے رہنا' ہر بات پر پریشانی کا اظہار' رونا اور منفی سوچوں میں مبتلا رہنا وغیرہ شامل ہے۔ نیند نہ آنے کا سب سے بڑا سبب ڈیپریشن ہے۔ **اقسام:** عام طور پر اسکی دو قسمیں ہیں۔ 1۔ وقتی یا عارضی۔ 2۔ دائمی۔ کچھ لوگ وقتی طور پر اس کا شکار ہوجاتے ہیں مگر اس پر قابو پانا نہایت آسان ہے مثلاً کوئی شخص اگر کسی مالدار کو دیکھتا ہے اور اس کی آسائشیں دیکھ کر احساس کمتری محسوس کرتا ہے تو اسے چاہیے کہ وہ اپنی نعمتوں کو بغور دیکھے اور اپنے سے کمتر بندے کی زندگی کا مشاہدہ کرے۔ فوراً سوچ میں تبدیلی اس عارضی ڈیپریشن کو ختم کردیتی ہے مگر یہی کیفیت آگے جاکر دائمی مرض اختیار کرلیتی ہے جو مہینوں اور سالوں تک رہتی ہے اگر کسی نفسیاتی معالج یا مذہبی سکالر سے رابطہ نہ کیا جائے تو صورت بگڑ جاتی ہے۔ انسان نفسیاتی مریض کہلاتا ہے۔ مندرجہ ذیل تجاویز پر عمل کرکے ڈیپریشن پر کافی حد تک قابو پایا جاسکتا ہے۔ 1۔ نماز کی پابندی کریں اور سجدے میں ضرور روئیں۔ 2۔ اچھے دوستوں' بزرگوں اور علماء کی صحبت ضرور اختیار کریں۔ 3۔ مراقبہ کریں (طریقہ ہر مہینے ماہنامہ ''عبقری'' میں موجود ہوتا ہے۔) 4۔ منفی سوچوں سے دور رہیں' ناشکری سے بچیں' اللہ کا ہروقت شکر ادا کریں توبہ استغفار کو اپنا شعار بنائیں۔ 5۔ سورۂ رحمٰن کی تلاوت سنیں۔ 6۔ خوشگوار یادیں دہرائیں' اپنے لیے جینا سیکھیں۔ 7۔ باغبانی کریں' نئی نئی جگہ کی سیر و تفریح کریں۔ 8۔ سورۂ الم نشرح ترجمہ کے ساتھ دن میں ایک مرتبہ پڑھیں۔ 9۔ اپنی غذا پر توجہ دیں' ثقیل اور بادی اشیاء ترک کردیں' زیادہ فارغ مت بیٹھیں۔ 10۔ بلند آواز میں حمد و نعت اور قرآن خوانی کریں۔ 11۔ کسی اللہ والے سے منسلک رہیں' ہر جمعرات کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے ہونے والے درس روحانیت و امن کو بعد از نماز مغرب ضرور سنیں۔ اگر لاہور میں ہیں تو تسبیح خانہ جاکر سنیں اگر نہیں تو نیٹ پر آن لائن لازمی سنیں۔ 12۔ اچھی اچھی کتب کا مطالعہ کریں' گھر میں تاریخی و اسلامی کتب کی لائبریری بنائیں۔

لوز موشن کیلئے چھوٹا سا مگر تیر بہدف ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس لوز موشن کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ ایک پاؤ دہی میں ایک چمچ سرکہ ڈال کر رکھ دیں' تھوڑے تھوڑے وقفے سے ایک چمچ کھالیں تو لوز موشن جس میں انسان نڈھال ہوجاتا ہے اور کسی بھی چیز سے فرق نہ پڑ رہا ہو تو لوز موشن ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ بہت تیر بہدف ٹوٹکہ ہے' ہمارے خاندان کا آزمودہ ہے۔ آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (صائمہ' اسلام آباد)

جوہر شفاء مدینہ کا قہوہ لاجواب ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب بھی مجھے شدید کھانسی ہورہی ہو یا گلا خراب ہو تو میرا ذہن فوراً جوہر شفاء مدینہ کے قہوہ کی طرف جاتا ہے۔ میں جونہی یہ قہوہ ہلکا سا میٹھا ڈال کر پیتی ہوں تو میرا گلا ٹھیک اور کھانسی ختم ہوجاتی ہے۔ بہت لاجواب ہے۔ ایک دن میرے پیٹ میں درد بہت شدید درد ہورہا تھا میں نے جوہر شفاء مدینہ کا قہوہ بنا کے پیا تو میرا پیٹ کا درد ٹھیک ہوگیا۔ (فرحت' لاہور)

خواتین اب یخ بستگی اور ٹھٹھرنے سے بچ سکتی ہیں!

عائشہ ناز، فیصل آباد

تھوڑی سی ورزش بھی آپ کے جسم کو گرما سکتی ہے۔ ہلکے سوتی موزے گرم جرابوں کے نیچے پہنیں تاکہ پاؤں گرم رہیں۔ ایک بھاری موٹے سویٹر سے بہتر دو ہلکے سویٹر ہیں یہ آپ کو سردی سے بچائیں گے۔ آپ موسمی سبزیوں اور پھلوں سے بھی سردی کا مقابلہ کرسکتی ہیں۔

ماہ دسمبر موسم سرما کے عنفوان شباب کا زمانہ ہوتا ہے۔ گرم مشروبات اور گرم غذاؤں کا زور بڑھ جاتا ہے۔ نحیف سے نحیف معدہ بھی شدت اشتہا کا اشتہار بن جاتا ہے اور جسمانی نظام قوت پذیری کی طرف مائل ہونے لگتا ہے۔

اس مہینے میں جہاں ایک اوسط درجہ کی صحت رکھنے والا آدمی زندگی کے تمام تر مادی تقاضوں میں ایک غیر معمولی انقلاب محسوس کرتا ہے وہاں اس کی صحت کا معیار بھی روبہ تغیر ہونے لگتا ہے۔ ہر ذی روح اپنے اپنے طور پر خدشات اور احتیاطوں کے مختلف النوع سانچوں میں ڈھلنے لگتا ہے۔ کیونکہ اس ماہ کی خنک تابی اور انجمادی کیفیت کسی وقت بھی کسی بھی ذی روح کو اپنی گرفت میں لینے پر کمربستہ رہتی ہے۔ یخ بستگی اور ٹھٹھراؤ کا دہانہ کسی وقت بھی کھل سکتا ہے اور موسمی تقاضوں کے مطابق نہ چلنے والے افراد اچانک اور غیر متوقع طور پر سردی کی لپیٹ میں آکر زکام، سردرد، اعصابی ٹھٹھراؤ، پسلیوں کے سکیڑ پن، سرسام دماغی، نخاع دماغی کے جمود، نمونیہ ایسے عوارض میں مبتلا ہوجایا کرتے ہیں۔

امراء وصاحب حیثیت افراد تو موسم سرما کے اس شدید زمانے میں حسب ضرورت گرم ملبوسات، حفاظتی تدابیر اور انڈہ، مچھلی، مرغ اور میوہ جات پر مشتمل اعلیٰ غذاؤں سے اپنے نظام صحت کے گرد مناسب حفاظتی حصار استوار کیے رہتے ہیں لیکن غریب اور مزدور پیشہ افراد اپنی اقتصادی ومعاشی ناہمواریوں کے تحت شدید سردی کے ان ایام میں موسم کے برفیلے تھپیڑے سہنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ ناکافی لباس اور مطلوبہ لوازم میسر نہ آسکنے کی وجہ سے ایسے افراد موسمی شدائد میں گھرے رہتے ہیں اور سوائے مصنوعی طور پر پیدا کردہ جسمانی قوت مدافعت، محنت ومشقت کے کام اور گلابی دھوپ سینکنے اور رات کو کمبل یا لحاف میں منہ لپیٹ کر سو رہنے کے ان کو اور کوئی اطمینان بخش لازمہ حیات اور ذریعہ سکون نہیں ہوتا ہے۔ خاص کر اس موسم کا سب سے زیادہ جو شکار ہوتی ہیں وہ گھریلو خواتین ہیں اور آج میں گھریلو خواتین کیلئے کچھ ٹوٹکے لائی ہوں جنہیں آزما کر وہ اس شدید ٹھنڈ کا مقابلہ بڑی آسانی سے کرسکتی ہیں۔ گرم دودھ کے کپ میں ایک چمچ شہد، مونگ کی گرم پتلی دال کا سوپ، چنوں کا شوربہ، ہڈیوں کی یخنی، آپ کو سردی سے محفوظ رکھے گی۔ تھوڑی سی ورزش بھی آپ کے جسم کو گرما سکتی ہے۔ ہلکے سوتی موزے گرم جرابوں کے نیچے پہنیں تاکہ پاؤں گرم رہیں۔ ایک بھاری موٹے سویٹر سے بہتر دو ہلکے سویٹر ہیں یہ آپ کو سردی سے بچائیں گے۔ آپ موسمی سبزیوں اور پھلوں سے بھی سردی کا مقابلہ کرسکتی ہیں۔ آج کل چقندر، پالک، ساگ، شلجم سستے داموں دستیاب ہیں۔ بڑے گوشت کے ساتھ ہڈیاں ہوتی ہیں آپ ان ہڈیوں کا سوپ بنا سکتی ہیں جو سستے داموں پورے گھر کی ضرورت پوری کرسکتا ہے آپ ایسی چند چیزیں بنا کر خود بھی استعمال کریں اور دوسری خواتین کو بھی بتایئے۔

ہڈیوں کا سوپ ہڈیاں 250 گرام، پیاز درمیانہ ایک عدد، لہسن درمیانہ چھیل کر ڈالیں، نمک حسب ذائقہ، گرم مصالحہ ثابت ایک چاول والا چمچ، ادرک ایک چھوٹا ٹکڑا، دھنیا پسا ہوا آدھا چائے کا چمچ **ترکیب:** ہڈیاں دھو کر اس میں خاصا پانی ڈالیں، تیار ہوکر وہ ہڈیوں سے ایک انچ اوپر رہے (اتنا اندازہ کرلیں) پیاز کے چار ٹکڑے کریں اور سب چیزیں چڑھادیں۔ سوپ پریشر ککر میں اچھا بنتا ہے۔ دیگچی میں بنانا ہو تو اسے دو تین گھنٹے ہلکی آنچ پر پکائیں۔ پانی کم ہوجائے تو اور ڈال لیں۔ اسے گرم گرم پئیں تاکہ آپ کے جسم میں توانائی آئے اور سردی سے محفوظ رہیں۔

ہری سبزی کا سوپ: پالک کاٹا ہوا ایک گٹھی، آلو درمیانہ ایک عدد، مٹر پونا کپ، ہری پیاز ایک عدد، ہرا لہسن ایک ایک عدد، ہڈیاں 250 گرام، ثابت گرم مصالحہ ایک بڑا چمچ، نمک حسب ذائقہ، ادرک ایک چھوٹا ٹکڑا۔ **ترکیب:** ہری پیاز، ہرا لہسن چھیل کر موٹا موٹا کاٹ لیں۔ آلو کے چار ٹکڑے کرلیں۔ پالک ڈنٹھل کے ساتھ کاٹیں۔ سب چیزوں کو ملا کر پکائیں۔ جب تیار ہوجائیں تو چھلنی میں چھان لیں۔ آپ اس میں ڈبل روٹی کے توس سینک کر ڈال سکتی ہیں اسے سوپ کی طرح سادہ بھی استعمال کرسکتی ہیں۔ بچوں کیلئے اس میں آدھا کپ نوڈلز ابال کر پکا سکتی ہیں۔

گاجر کا سوپ: ایک عدد بڑا چقندر لے کر پتوں اور ڈنٹھل کے قریب حصے سمیت چوکور ٹکڑے کاٹ لیں، ایک بڑی گاجر کے لمبے ٹکڑے کرلیں، پیاز ایک عدد، لہسن ایک عدد، ادرک ایک چھوٹا ٹکڑا، گوشت لگی ہوئی ہڈیاں 200 گرام، بند گوبھی 2 پتے، نمک حسب ذائقہ، گرم مصالحہ پسا ہوا پونا چائے کا چمچ۔ ترکیب: چقندر، گاجر، بند گوبھی، لہسن، پیاز، ادرک، ہڈیاں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ تیار ہوجائے تو چھان لیں۔ گرم مصالحہ چھڑک کر سوپ استعمال کریں۔ یہ سوپ بڑا مقوی اور صحت بخش ہوتا ہے۔ پیشاب کھل کر آتا ہے جسم سے زہریلے مادے خارج ہوجاتے ہیں۔ چقندر کے پتوں میں غذائی اجزا زیادہ ہوتے ہیں۔ پالک سے زیادہ فولاد اور دیگر غذائی اجزاء چقندر کے اوپری حصہ میں پائے جاتے ہیں۔ جن لوگوں کو پتھری کی شکایت ہو انہیں زیادہ مقدار میں چقندر یا اس کے پتے نہیں کھانے چاہئیں اس میں اوگزیلک ایسڈ زیادہ ہوتا ہے۔ سردیوں کے موسم میں چقندر ضرور پکانے چاہئیں۔ چقندر خون کی کمی کو دور کرتا ہے۔ تازہ خون بناتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ جن خواتین کے چہرے پر کیل مہاسے بہت نکلتے ہوں ان کیلئے مفید ہے۔ گومڑیاں، رسولیاں بھی اس سے دور ہوتی ہیں۔ یہاں تک کہ لیوکیمیا جیسے موذی مرض میں کچے چقندر کدوکش کرکے کھانا مفید ثابت ہوتا ہے۔ ڈاکٹر سے پوچھ کر استعمال کریں۔ جن خواتین کو ایام کی خرابی کی شکایت ہو ان کو چقندر کھانے چاہئیں۔ سردیوں میں پاؤں کی انگلیاں سوج جاتی ہیں۔ اس کیلئے آپ دو شلجم مع چھلکوں کے کاٹ لیں اور پانی میں خوب ابالیں۔ کسی تسلے یا ٹب میں یہ گرم پانی ڈالیں اس میں تھوڑا سا سادہ پانی ملائیں۔ پونا چمچ نمک ڈالیں اور دس منٹ کیلئے اس پانی میں پاؤں ڈال کر بیٹھ جائیں۔ تین چار روز شلجم کے پانی میں پاؤں بھگونے سے سوجے ہوئے پاؤں ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ ایڑیاں پھٹ جائیں تب بھی شلجم کے پانی میں پاؤں ڈالیں۔ (باقی صفحہ نمبر 10 پر)

انوکھا درود جو زیارت کرائے

اللہ جل شانہٗ کا احسان عظیم ہے کہ اللہ نے ہمیں امت محمدی ﷺ میں پیدا فرمایا اللہ نے ہمیں بن مانگے ہی اس امت میں سے ہونے کا شرف بخشا۔ اللہ جل شانہٗ کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے اور پھر اللہ نے اپنے حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ کے صدقے بے شمار احسانات کیے

اللہ جل شانہٗ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ اگر تم یہ چاہتے ہو کہ میں تمہارے اتنا قریب ہو جاؤں جتنا کہ تیرا کلام تیری زبان کے قریب ہے، تیری دل کی دھڑکن تیرے دل کے قریب ہے، تیری روح تیرے بدن کے قریب ہے، تیری آنکھ کی روشنی آنکھ کے قریب ہے، تیرا سننا تیرے کانوں کے قریب ہے تو پھر تم خاتم الانبیاء ﷺ پر درود بھیجا کرو۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے تو اللہ پاک اس درود پڑھنے والے کی سانس میں سے ایک سفید بادل پیدا فرماتا ہے پھر اس کو برسنے کا حکم دیتا ہے پھر جب وہ بادل برستے ہیں تو زمین پر پڑنے والے ہر قطرے سے سونا پیدا فرماتا ہے اور پہاڑوں پر گرنے والے ہر قطرے سے چاندی پیدا فرماتا ہے اور کافر پر گرنے والے ہر قطرے کی برکت سے اس کو ایمان نصیب فرماتا ہے۔ (مکاشفۃ القلوب، امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ) اللہ جل شانہٗ کا احسان عظیم ہے کہ اللہ نے ہمیں امت محمدی ﷺ میں پیدا فرمایا اللہ نے ہمیں بن مانگے ہی اس امت میں سے ہونے کا شرف بخشا۔ اللہ جل شانہٗ کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے اور پھر اللہ نے اپنے حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ کے صدقے بے شمار احسانات کیے، تھوڑی سی عبادت کے بدلے بہت زیادہ ثواب دینے کا وعدہ فرمایا۔ سبحان اللہ!

زیارت رسول ﷺ کا عمل محبوب خدا کی زبانی

حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کی تمنا کون سا ایسا مسلمان ہوگا جس کو نہ ہو لیکن عشق و محبت کے بقدر اس کی تمنائیں بڑھتی رہتی ہیں۔ علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے قول بدیع میں خود رسول اللہ ﷺ کا ارشاد پاک نقل فرمایا ہے: محبوب خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص روح محمد ﷺ پر ارواح میں اور آپ ﷺ کے جسد اطہر پر بدنوں میں اور آپ ﷺ کی قبر مبارک پر قبور میں درود بھیجے گا وہ مجھے خواب میں دیکھے گا اور فرمایا جو مجھے خواب میں دیکھے گا وہ قیامت میں دیکھے گا اور جو مجھے قیامت میں دیکھے گا میں اس کی سفارش کروں گا اور جس کی میں سفارش کروں گا وہ میرے حوض سے پانی پیے گا اور اللہ جل شانہٗ اس کے بدن کو جہنم پر حرام فرما دیں گے۔

علامہ سخاوی دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ جو شخص یہ ارادہ کرے کہ نبی کریم ﷺ کی زیارت ہو وہ یہ درود پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ۔ جو شخص اس درود کو طاق عدد میں پڑھے گا اس کو زیارت نصیب ہوگی اور اس درود کا بھی اضافہ کرنا چاہیے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

ایک اللہ والے فرماتے ہیں کہ سب سے زیادہ لذیذ تر اور شیریں تر خاصیت درود کی یہ ہے کہ اس کی بدولت عشاق کو خواب میں حضور نبی کریم پرنور ﷺ کی دولت زیارت میسر ہوتی ہے۔ (فضائل درود شریف) رسول اکرم ﷺ کی زیارت کیلئے یہ بات بھی بہت ضروری ہے کہ آپ ﷺ کی پیاری پیاری سنتوں پر عمل ہو، محبت ہو۔ آپ ﷺ کا عشق ہو، ان کے عشق میں مر مٹنے کا جذبہ ہو اور اس کا خیال رہے کہ کوئی ایسا گناہ، غلطی نہ ہو اور نہ کوئی سنت ٹوٹے اور پھر جب ہمارے نامہ اعمال خدمت اقدس ﷺ میں پیش ہوں اور آپ ﷺ کو ہمارے عملوں سے کوئی تکلیف نہ پہنچے کہ میرا نام لینے والوں کا یہ حال ہے۔ (خدیجہ، حیدرآباد)

زیارت رسول ﷺ کا خصوصی عمل

سر مائیکل ہارٹ بیسوی صدی کا ایک مشہور تاریخ دان گزرا ہے، اسے تاریخ اور تاریخی شخصیات کی زندگیوں کے بارے میں خصوصی مہارت حاصل تھی۔ اس نے ایک بہت مشہور تاریخی کتاب "سو عظیم شخصیات" کے نام سے لکھی، یہ کتاب مشہور کتب خانوں سے آرام سے مل جاتی ہے۔ اس کتاب میں ان سو عظیم شخصیات کے بارے میں تذکرہ ہے جو تاریخ انسانی پر بہت شدید طور پر اثر انداز ہوئی ہیں اور جنہوں نے تاریخ کا رخ موڑ کر نسل انسانی پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ اس کتاب میں سر مائیکل ہارٹ نے پہلا نمبر ہمارے پیارے پیغمبر حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو دیا ہے کہ اس عظیم شخصیت نے اپنے اخلاق، کردار اور بلند ہمتی سے عرب کے جاہل بدوؤں کو کیسے پیارے انداز میں جاہلانہ رسومات، غیر فطری طریقوں اور ظلم و ستم سے ہٹا کر انہیں دنیا کے بہترین انسانوں کی صف میں لا کھڑا کیا اور جب یہی پیغمبر ﷺ کی جماعت بیدار ہو کر نکلی تو انہوں نے اپنے عدل و انصاف کی بدولت ایک ایسی حکومت قائم کی جو 23 لاکھ مربع میل پر پھیلی ہوئی تھی اور جنہوں نے اپنے وقت کی دو عظیم حکومتوں قیصر و کسریٰ کو شکست دی۔ قیصر و کسریٰ کی حکومتیں اپنے وقت میں اسی طرح تھیں جس طرح آج امریکہ اور روس کی حکومتیں ہیں۔ یہ تمام انقلاب نہیں حضور نبی کریم ﷺ کی بے پناہ جدوجہد کا نتیجہ تھا۔ اسی لیے مصنف نے آپ ﷺ کو پہلا نمبر دیا ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ سے محبت ہر مسلمان کی زندگی کا لازمی جزو ہے، ہر مسلمان دلی طور پر یہ سمجھتا ہے کہ دنیا اور آخرت کی کامیابی صرف اور صرف اپنے نبی کریم ﷺ کے طریقوں پر چلنے میں ہے، اس کے علاوہ اور کہیں کامیابی نہیں ہے۔ علاوہ ازیں ہر مسلمان کی یہ خواہش بھی ہوتی ہے کہ وہ حج و عمرہ کرے اور نبی پاک ﷺ کا دیدار خواب میں کرے۔ میری آج کی تحریر کا مقصد بھی یہی ہے کہ عبقری پڑھنے والے تمام بہن بھائیوں جن کی تعداد بلا مبالغہ لاکھوں میں ہے کو خواب میں دیدار رسول ﷺ ہو جائے اس کیلئے ایک خصوصی طریقہ لکھ رہا ہوں اس پر عمل کریں انشاء اللہ پہلے ہی ہفتہ میں یہ خواہش پوری ہو جائے گی جو آپ کیلئے اطمینان اور سکون کا باعث بنے گی۔ عمل مبارک یہ ہے:۔ جمعرات کے دن مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نفل اسی نیت سے پڑھ لیں۔ سورۃ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں گیارہ دفعہ آیۃ الکرسی پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ دفعہ سورۃ اخلاص پڑھ لیں۔ دونوں رکعتیں اسی طرح ادا کریں۔ دو رکعت نفل نیت دیدار مصطفیٰ پڑھنے کے بعد ایک تسبیح درود شریف کی پڑھ لیں۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ۔ عشا کی نماز پڑھ کر پاک صاف بستر پر سو جائیں۔ سنت کے مطابق سوئیں۔ ایک اللہ والے لکھتے ہیں کہ جمعرات، جمعہ، ہفتہ، اتوار، سوموار، منگل، بدھ اور پھر جمعرات کو یہی عمل ایسے ہی طریقے سے کریں۔ اگلا جمعہ آنے سے پہلے ہی انشاء اللہ العزیز اللہ آپ کو اپنے پیارے حبیب نبی کریم ﷺ کا دیدار کروا دے گا۔ (ب، خ)

(بقیہ: خواتین اب بخ بستگی اور ٹھٹھرنے سے بچ سکتی ہیں!)

پاؤں میں کالے نشان پڑ جائیں تو جھانوے سے صاف کر کے شلجم کے ابلے قتلے پاؤں پر ملیں۔ شلجم کے پانی میں پاؤں بھگوئیں پندرہ منٹ بعد پاؤں دھو کر پٹرولیم جیلی یا زیتون کا تیل ملیں۔ پاؤں میں چیر یا شگاف گہرے ہوں تو پاؤں بھگو کر صاف کر کے ایک چمچ موم بتی کا موم یا سادہ موم 3 چمچ زیتون یا سرسوں کے تیل میں گرم کریں۔ موم پگھل کر تیل میں مل جائے تو ہلکا گرم گرم پاؤں کے چیر میں انگلی سے بھر دیں۔ سوتی موزے پہنیں۔ دو چار دن ایسا کرنے سے پاؤں کے چیر ٹھیک ہو جائیں گے۔

شاہ صدیق دہلوی رحؒ کے مستند روحانی وظائف

اگر کسی شخص یا بچے کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل حروف مقطعات باوضو پڑھ کر مریض کے اوپر دم کرے اور پھونک مارے پہلی مرتبہ دم کرنے سے آرام آجائے تو ٹھیک ہے ورنہ یہ حروف بار بار پڑھ کر مریض پر دم کرتا رہے۔

نزلہ زکام کا علاج

اگر کسی کو نزلہ زکام نے جکڑ لیا اور ہر قسم کی دوائی سے فائدہ نہیں ہو رہا ہے تو اس کیلئے اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ اگر غیر عورت ہے تو پانی پر دم کر کے دے دے وہ پانی پی لے۔ یہ عمل تین دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ نزلہ وزکام سے نجات حاصل ہوگی۔

اولاد نرینہ کیلئے

اگر کوئی شخص اولاد سے محروم ہو اور اس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب اور تیر بہدف ہے۔ بعد نماز عشاء باوضو سات بار ایک سفید کاغذ پر کٓھٰیٰعٓصٓ لکھے اور آب زم زم یا بارش کے پانی یا پاک وصاف پانی سے دھو کر میاں بیوی پی لیں اور اسی طرح روزانہ لکھ کر سات دن تک پئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

کتے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو کتا کاٹ لے اور ہسپتال قریب نہ ہو تو اس کیلئے فوراً چینی کی پلیٹ پر مندرجہ ذیل مفرد حروف باوضو لکھے اور روغن زیتون سے دھو کر اس شخص کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کتے کا زہر ختم ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔ وہ مفرد حروف یہ ہیں۔

ا ب ج ا ع ہ ہ د یا ب اللہ

مرگی کا بہترین عمل

اگر کسی شخص یا بچے کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل حروف مقطعات باوضو پڑھ کر مریض کے اوپر دم کرے اور پھونک مارے اور پہلی مرتبہ دم کرنے سے آرام آجائے تو ٹھیک ہے ورنہ یہ حروف بار بار پڑھ کر مریض پر دم کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دوبارہ دورہ نہیں پڑے گا۔ وہ حروف مقطعات یہ ہیں:۔

الٓمّٓ۔ الٓمّٓصٓ۔ الٓمّٓرٰ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰہٰ۔ یٰسٓ۔ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ۔ صٓ۔ طٰسٓمّٓ۔ طٰسٓ۔ حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ قٓ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۔

شوگر کا علاج

اگر کسی شخص کو ذیابیطس (شوگر) ہوگئی ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیت باوضو نماز عصر کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ذیابیطس سے نجات حاصل ہوگی۔ یہ عمل اکتالیس دن مسلسل کریں۔ آیت درج ذیل ہے:۔ وَ قُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿بنی اسرائیل ۸۰﴾

ہر قسم کی طلب حاجت

جو شخص کوئی حاجت رکھتا ہو اور اس کو پورا کرنے کی طلب ہو تو اس کیلئے باوضو بعد نماز فجر سورۂ مزمل پڑھے اور پڑھتے پڑھتے ان آیات پر آئے تو ان آیات کو تین تین بار پڑھے۔

آیات یہ ہیں:۔ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا

وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ

یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

وَ اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

اس عمل کے اول وآخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے اور اس عمل کا ثواب حضور نبی اکرم ﷺ کی روح اقدس کو ہدیہ پیش کرے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت پورا ہونے کی دعا کرے۔

چوری سے مال کی حفاظت

اگر کسی شخص نے گھر یا دکان میں مال یا نقدی یا سامان مویشی رکھے ہیں اور ہر وقت خطرہ چوری ڈاکے کا رہتا ہے اس کیلئے ایک سفید کاغذ پر سورۂ رعد پارہ نمبر 13 کی پہلی تین آیات باوضو لکھے اور یہ پرچہ مال میں رکھ دے۔ اسی طرح ان آیات کو باوضو موم جامہ کر کے باڑے یا مویشی رکھنے کی جگہ کے دروازے میں یا دیوار میں کھود کر رکھ کر بند کر دے اور یہی سورۂ رعد کی پہلی تین آیات سات مرتبہ پڑھ کر گھر یا دکان کے چاروں کونوں میں پھونک مار دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے گھر یا دکان اور اس میں موجود تمام مال محفوظ رہے گا اور چور چوری نہ کر سکے گا۔ اس کلام پاک کی برکت سے گھر یا دکان یا باڑے میں خیر وبرکت ہوگی اور بارہ آگ، جانوروں کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

حمل کی حفاظت کیلئے

اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو تو اس کیلئے آیت ذیل باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ہر قسم کے حملہ سے محفوظ رہے گا اور قائم رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے: وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿کہف ۲۵﴾

کتے کے کاٹنے اور اس کے حملے سے حفاظت

اگر کسی شخص پر کتا حملہ کر دے یا کسی کو ڈر ہو کہ کتا اسے کاٹ لے گا تو یہ آیت گیارہ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے انشاء اللہ تعالیٰ کتے کے حملے سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ بِالْوَصِیْدِ۔ (کہف 18)

ہر مشکل کام کیلئے آسان وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک روحانی عمل ہے کہ کسی کا جائز کام اٹکا ہوا ہو مثلاً بے گناہ مقدمہ بازی میں پھنس جائے، کوئی وعدہ کر کے مکر جائے، رشتہ دینے سے انکار کر دے، کوئی بھی مشکل ہو انشاء اللہ یہ وظیفہ مجرب ہے۔ بعد نماز ظہر گیارہ آدمی اکٹھے ہو کر ہر بندہ گیارہ دفعہ سورۂ فتح پڑھیں۔ اول وآخر سات دفعہ درود ابراہیمی پڑھ لیں۔ انشاء اللہ فتح ہوگی۔ (محمد فاران ارشد بھٹی، خان گڑھ)

ناف میں تیل لگانے سے کھانسی کا خاتمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری امی کو بہت زیادہ کھانسی تھی، اتنی زیادہ کہ الٹی آنے لگ جاتی، بہت علاج کروایا لیکن وقتی آرام آتا پھر وہی حال ہوتا۔ ایک دن میرے ذہن میں آیا کہ امی کو کہوں کہ ناف میں تیل لگائے کیونکہ رات کو بھی بہت کھانسی آتی تھی، سو نہیں پاتی تھیں۔ امی نے رات کو ناف میں تیل لگایا، یقین کریں اس رات امی کو بالکل کھانسی نہیں ہوئی، نہ ہی پورا دن، اب میری امی ناف میں تیل استعمال کر رہی ہیں اور میری آنٹی کو بھی کھانسی تھی، خشک کھانسی اور بخار بھی وہ بھی تنگ آگئی تھی تو میں نے انہیں بھی بتایا انہوں نے بھی ناف میں تیل لگایا تو اگلے دن انہیں کھانسی نہیں تھی، مجھے کہتی ہیں کہ تم نے تو کوئی جادو والی چیز بتادی ہے۔ (زارا خان)

عزت کے حصول کیلئے: اگر کسی جگہ کسی وجہ سے آپ کی عزت میں کمی واقع ہوگئی ہو یا کوئی زخم ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو روزانہ 7 دفعہ سورۂ جاثیہ آیت نمبر 36،37 پڑھیں۔

سویرا حیات' لاہور

انجیر' بادام' اخروٹ اور مونگ پھلی کے مزے

چنبل اور جلد کے تمام امراض کیلئے مونگ پھلی کے تیل کی مالش مفید ہے۔ کھاتے ہوئے اس کا لال رنگ کا چھلکا اتارلیں یہ دیر سے ہضم ہوتا ہے۔ مونگ پھلی میں پایا جانے والا وٹامن ای کینسر کے خلاف لڑنے کی بھرپور صلاحت رکھتا ہے۔

سردی کے موسم کا ایک اپنا لطف ہے، قدرت نے ہر موسم کے ساتھ ہمیں کھانے پینے کیلئے انواع و اقسام کے پھلوں اور سبزیوں سے نوازا ہے جو موسم کے مطابق ہماری صحت کی حفاظت میں ہمارا بھرپور ساتھ دیتے ہیں۔ موسم سرما کا خصوصی تحفہ خشک میوہ جات ہیں جو اپنے اندر بے شمار فوائد لئے ہوئے ہیں۔ سردیوں کے موسم میں ہیٹر کے پاس بیٹھ کر جہاں اس موسم کا مزا خشک میوہ جات سے دوبالا کیا جاتا ہے وہیں ہم اپنے جسم میں پلنے والی بیماریوں کو بھی دور بھگا رہے ہوتے ہیں۔ آیئے ان میووں کے فوائد کا جائزہ لیتے ہیں۔

انجیر: انجیر جنت کا میوہ ہے اس کا ذکر قرآن پاک میں بھی آیا ہے۔ اس کی تاثیر گرم ہوتی ہے سفید انجیر حلق کی سوزش، سینے کے بوجھ اور پھیپھڑوں کی سوجن میں مفید ہے۔ جن کے سینے میں بلغم ہو وہ اسے استعمال کریں کیونکہ انجیر بلغم کو پتلا کرکے خارج کرتا ہے۔ نہار منہ انجیر کھانے سے بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں یہ دل کے عارضے سے بچاتا ہے۔ کولیسٹرول کم کرتا ہے، شوگر کے مریضوں کیلئے مفید ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کو کنٹرول کرتا ہے۔ **اخروٹ:** دماغی کمزوری میں بہت مفید ہے۔ گرم مزاج والوں کیلئے نقصان دہ ہے۔ زیادہ استعمال سے منہ میں دانے بھی نکل آتے ہیں۔ اس میں ایسے اجزاء ہوتے ہیں جن سے نیند بہت اچھی آتی ہے۔ دل کی رفتار کو اعتدال میں رکھتا ہے۔ کینسر کے مرض میں بھی مفید ہے، کالے اخروٹ ہائی بلڈ پریشر، دل کی جلن اور بہت سی جلدی بیماریوں کو روک تھام میں مدد کرتے ہیں۔ **بادام:** دماغ، بصارت اور جسم کی تقویت کیلئے اس کا استعمال نہایت مفید ہے۔ دل کی کمزوری کیلئے موسم گرما میں اس کی سردائی بنا کر پینا نہایت مفید ہے۔ بادام کی سات یا گیارہ گریاں کھانی چاہئیں اس سے زیادہ کھانی نقصان دہ ہیں۔ یہ کولیسٹرول بڑھاتے ہیں۔ بادام کا حلوہ نزلہ، زکام، سردرد کیلئے مفید ہے۔ بادام میں آئرن بہت زیادہ مقدار میں ہوتا ہے جو جسمانی خلیوں کو توڑ پھوڑ سے بچاتا ہے۔ بادام کا پیسٹ، بالائی اور عرق گلاب کو ملا کر چہرے پر لگانے سے رنگ گورا اور جلد چمکدار ہوجاتی ہے۔ بادام کا تیل سردرد دور کرنے کے علاوہ بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ قبض دور کرنے کے علاوہ جلدی امراض میں بھی بہت مفید ہے۔ **پستہ:** یہ دل کیلئے مفید ہے کولیسٹرول کو کم کرتا ہے۔ بدن کو فربہ کرتا ہے، دماغی کمزوری میں بھی مفید ہے۔ آنکھوں کیلئے فائدہ مند ہے، ذیابیطس کے مریضوں کو فائدہ پہنچاتا ہے اور بلڈ شوگر کو بھی کنٹرول کرتا ہے، قبض کشا بھی ہے۔ گرم مزاج والے اسے استعمال نہ کریں۔ **کھجور:** کھجور میں بہت زیادہ (کیلوریز) حرارے پائے جاتے ہیں۔ ایک کھجور میں 20 حرارے ہوتے ہیں جو ایک پائے کی چچ چینی کے برابر ہے۔ اس سے وزن بڑھتا ہے۔ قبض دور کرنے کیلئے گٹھلی نکال کر کھجوروں کو ساری رات پانی میں بھگوئے رکھیں صبح اسے گرائنڈر میں شیک کرکے پی لیں۔ **کشمش:** اس کی تاثیر گرم بھی ہے اور تر بھی۔ دل کی کمزوری میں مفید ہے، دماغ کے کل اعضاء کو تقویت دیتی ہے۔ قبض کشا ہے، بلغم دور کرتی ہے جن کے جگر اور معدے میں گرمی ہو وہ کم استعمال کریں۔ خشک کھانسی کا بہترین علاج ہے۔ رات سوتے سے پہلے 41 دانے کشمش، 7 عدد بادام بسم اللہ شریف اور درود شریف پڑھ کر کھالیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ ہر روز نو یا گیارہ دانے کشمش کھانے سے دماغی قوت بڑھتی ہے۔

مونگ پھلی: چنبل اور جلد کے تمام امراض کیلئے مونگ پھلی کے تیل کی مالش مفید ہے۔ اس کے زیادہ استعمال سے کھانسی لگ سکتی ہے۔ کھاتے ہوئے اس کا لال رنگ کا چھلکا اتارلیں یہ دیر سے ہضم ہوتا ہے۔ مونگ پھلی میں پایا جانے والا وٹامن ای کینسر کے خلاف لڑنے کی بھرپور صلاحت رکھتا ہے۔ ذیابیطس کے مریضوں کیلئے مونگ پھلی کا استعمال نہایت مفید ہے۔ اس میں تیل کی کافی مقدار ہونے کے باوجود وزن نہیں بڑھتا۔ مونگ پھلی کے بعد ایک یا دو گھونٹ دودھ پی لیں تو کھانسی نہیں لگتی۔ **چلغوزے:** دل کے ساتھ جسمانی پٹھوں کو تقویت دیتا ہے۔ گردوں اور جگر کی بیماری میں مفید ہے، بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے مفید ہے۔ فالج کے اثر سے محفوظ رکھتا ہے، چلغوزے کو شہد کے ساتھ کھانا کھانسی کیلئے مفید ہے کمزور لوگ دودھ کے ساتھ کھائیں تو موٹے ہوسکتے ہیں۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ورد کریں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پچھلے سات سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں' اس میں موجود تمام سلسلے ہی تعریف کے قابل ہیں مگر جو مجھے سب سے زیادہ پسند ہے وہ ہے روحانی مراقبہ۔ جب میں میٹرک میں تھی مجھے تب سے ہی مراقبے کا بہت شوق تھا' ہماری ایک ٹیچر نے ہمارے مراقبے کی مکمل تفصیلات سے آگاہ کیا۔ میں تب سے روزانہ رات کو مراقبہ کرنے کی مشقیں کرتی۔ مگر جب میں نے عبقری پہلی مرتبہ پڑھا اور اس میں ماہانہ نورانی مراقبہ کا پڑھا تو مجھے بہت خوشی ہوئی میں تب سے اس میں موجود مراقبہ ہر ماہ کرتی ہوں۔ اس مراقبے سے مجھے بہت سے فضائل و کمالات حاصل ہوئے اور گھریلو الجھنیں' مشکلات اور پریشانیاں دور ہوگئیں۔ سب سے بڑی مجھے جو نعمت اس مراقبے سے ملی وہ نبی کریم ﷺ کا دیدار نصیب ہونے کی ملی۔ یہ پچھلے ماہ کا واقعہ ہے کہ میں نے جب رات عشاء کی نماز کے بعد مراقبہ شروع کیا تو کچھ وقت لگا تصور بننے میں' تھوڑی دیر میں محسوس ہوا کہ آسمان سے پیلی سی روشنی ہے جو پھوار کی صورت میں میرے اوپر برس (باقی صفحہ نمبر 16 پر)

ناوان ترین شخص: خوشحال خان خٹک فرماتے ہیں کہ کتنا ناداں ہے وہ شخص جو اپنی خوبیوں پر نازاں ہے' داناوہی ہے جو اپنے عیوب کو دیکھتا ہے۔

قارئین کے طبی اور روحانی سوال' صرف قارئین کے جواب

معدے کے امراض: محترم قارئین السلام علیکم! میں معدے کے بے شمار امراض کا شکار ہوں' کھانا کھاتے ہی پیٹ میں مروڑ اٹھنا شروع ہوجاتے ہیں' کھایا پیا بالکل نہیں لگتا' ہروقت کھٹی ڈکاریں' گیس رہتی ہے۔ اس کے علاوہ میرا گلا ہروقت خراب رہتا ہے۔ مجھے ان مسائل سے نجات کیلئے کوئی اچھا سانسخہ بتایئے تاعمر شکر گزار رہوں گا۔ **(محمد عابد' نانوالہ)**

جواب: جناب محترم بھائی! نسخہ حاضر ہے۔ **ھوالشافی:** دیسی اجوائن آدھ پاؤ لے کر کسی کھلے برتن میں ڈال کر اس پر لیموں کا رس نچوڑتے جائیں تاکہ اجوائن ڈوب جائے اور رس پھر بھی ایک انچ اوپر رہے دن میں چار مرتبہ ہلاتے بھی رہیں حتیٰ کہ رس مکمل طور پر اجوائن میں جذب ہوکر خشک ہوجائے اس کام میں ہفتہ لگ جائے گا اب یہ اجوائن معدے کے جملہ امراض کیلئے اکسیراعظم ہے' نصف چھوٹی چمچ بطور پھکی استعمال کریں' کھانے کے دوران اور بعد میں پانی ہرگز نہ پئیں' شروع میں زیادہ پانی استعمال کرلیں۔ گلے کیلئے پسی ہوئی کلونجی کا قہوہ بنا کر نصف میں تازہ پانی اور نمک ملا کر غرغرے کریں اور باقی میں چینی ملا کر بطور قہوہ پی لیں۔ انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔ نسخے کی قدر کریں معمولی نہ سمجھیں قہوے میں صحیح کلونجی پسی ہوئی استعمال کریں۔

مسئلہ حفظ قرآن: محترم قارئین! میرے ساتھ ایک مسئلہ ہے۔ مجھے بچپن میں قرآن پاک حفظ کرنے کا بہت شوق تھا میں نے تقریباً سترہ پارے حفظ کرلیے تو ساتھ دنیاوی تعلیم کا بوجھ بھی بڑھ گیا جس کی وجہ سے میں نے حفظ کرنا چھوڑ دیا۔ اب جبکہ میں کالج میں پڑھتی ہوں اور ہروقت مجھے یہ خیال کھائے جاتا ہے کہ مجھے قرآن پاک ضرور حفظ کرنا چاہیے تھا کیا میں اب قرآن حفظ کرسکتی ہوں؟ مجھے کوئی مشورہ دیجئے۔ شکریہ! **(عاتکہ امتیاز' میرپور آزاد کشمیر)**

جواب: بہن! قرآن پاک حفظ کرکے اس پر عمل کرنے والی روز قیامت اپنے قریبی دس گنہگار واجب جہنم رشتہ داروں کی سفارش کرے گی اور اس کے والدین کو ایک ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی سورج کی روشنی سے زیادہ ہوگی۔ آپ نے دنیاوی تعلیم ضرور حاصل کی اس کی دنیاوی اہمیت سے بھی انکار نہیں مگر جو مقام و مرتبہ اللہ رب العزت کے ہاں حافظ قرآن کا ہے وہ دنیاوی علم کا نہیں۔ آپ تھوڑی سی ہمت کریں تو آپ آسانی سے دونوں علم حاصل کرسکتی ہیں۔ اللہ پاک سے حفظ کی توفیق مانگیں یکسوئی سے دوبارہ حفظ مکمل کرنے کا پکا عہد کریں کہ ضرور ضرور حفظ کرنا ہے۔ انشاء اللہ بہت آسانی ہوجائے گی اس کی برکت سے دونوں جہاں کی نعمتیں اسان ہوں گی۔ **(م۔ع)**

کالے یرقان کا نسخہ: محترم قارئین السلام علیکم! میرا بیٹا عمر 22 سال کا ہے۔ دو ماہ پہلے روزی کیلئے دبئی گیا ہے۔ اس کو دو ہفتے پہلے ہی ٹیسٹ سے ہیپاٹائٹس سی (کالے یرقان) کا پتہ چلا ہے۔ آپ مجھے کوئی آسان سا نسخہ اس بیماری کا بتائیں۔ **(مسز بٹ' راولپنڈی)**

جواب: آپ دس روپے کی الائچی' دس روپے کی مگھاں اور دس روپے کی کول ڈوڈہ (کول ڈوڈہ میں سے سبز رنگ کی پتی نکال دینی ہے) تمام ادویہ کو پیس کر مکس کرکے ایک لیٹر پانی میں بھگودیں اور آگ پر چڑھا کر حسب ذائقہ چینی ڈال دیں اور قوام تیار کرلیں۔ صبح و شام ایک گلاس پانی میں ایک چمچ کھانے والا مکس کرکے پئیں اور کمال دیکھیں۔ **(طاہر سلیم' فیصل آباد)**

دوران سفر الٹی: محترم قارئین! میرے ساتھ ایک بہت ہی بھیانک مسئلہ ہے وہ یہ کہ جب بھی میں سفر کرتا ہوں تو میرا دل خراب ہونا شروع ہوجاتا ہے' سارا سفر الٹیاں کرکر کے برا حال ہوجاتا ہے۔ اس بیماری کی وجہ سے میں نے اب سفر کرنا چھوڑ دیا ہے۔ اگر کسی قاری کے پاس اس بیماری کا علاج ہے تو براہ مہربانی ضرور بتایئے۔ **(محمد صدیق' گوجرانوالہ)**

جواب: میرے بھائی ہومیوپیتھک کی ایک دوا ہے ''پٹرولیم 30'' یہ آپ جرمنی کی لے لیں جب بھی سفر کا ارادہ ہو سفر شروع کرنے سے آدھ گھنٹے پہلے پانچ قطرے زبان پر ٹپکالیں' سفر کے دوران اپنے پاس رکھیں جیسے ہی طبیعت خراب ہونے لگے پھر پانچ قطرے زبان پر ٹپکالیں' انشاء اللہ بہت جلد بہتری محسوس کریں گے۔ **(ڈاکٹر ظفر حمید ملک' اٹک سٹی)**

مسئلہ حل نہیں ہورہا: محترم قارئین! میں کافی سالوں سے ایک مسئلہ میں الجھا ہوا ہوں جوکہ حل ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا' بہت حل تلاش کیے' کافی پیسہ برباد کیا مگر پریشانی ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی۔ براہ مہربانی مجھے اس کے حل کیلئے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ **(عاطف بھٹی' شاہدرہ)**

جواب: محمد عاطف صاحب کیلئے میرا آزمودہ عمل جوکہ میں نے ''مجھے شفاء کیسے ملی'' کتاب سے پڑھا اور اب میرا آزمودہ عمل بن گیا وہ ہے استغفار کی کثرت۔ آپ کا رکا ہوا کام ایسے ہوگا جیسے پہلے سے ہی ہوا ہوا تھا۔ اَسْتَغْفِرُ اللہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ **(ظ۔ح۔م' اٹک)**

بالچر سے نجات: محترم قارئین! مجھے کافی عرصہ سے بالچر کی بیماری ہے' میں اس بیماری کی وجہ سے بہت پریشان اور نفسیاتی مریض بن چکی ہوں براہ مہربانی اس کے لئے کوئی نسخہ تجویز فرمائیں۔ **(ج۔ش۔پشاور)**

جواب: اس کا ایک بہترین نسخہ آپ کو ارسال کررہا ہوں الحمدللہ! کافی مرتبہ مریضوں کو دیا ہے اللہ نے فضل ہی فرمایا ہے۔ نسخہ یہ ہے **ھوالشافی:** جونک خشک بڑے سائز کے دس دانے' کاغذی بادام چھلے ہوئے دس دانے' تل کا تیل آدھ پاؤ۔ بادام جونک ہلکی کوٹ کر تیل میں شامل کردیں اور تیل کو ہلکی آنچ پر آگ پر رکھ دیں جب ان دونوں چیزوں کا رنگ سرخی ہوجائے تو اتار لیں۔ دوائی اللہ تعالیٰ کے فضل سے تیار ہے۔ روزانہ رات کو سر پر لگائیں۔ صبح کو کسی اچھے ہربل شیمپو یا صابن سے سر دھولیں۔ انشاء اللہ بال پھر سے آجائیں گے۔ **(باز منور' سکھر)**

حرمین شریف کی زیارت کیلئے: محترم قارئین السلام علیکم! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے اپنے ایک آرٹیکل میں حرمین شریف کی زیارت کیلئے ایک عمل تین بار تلبیہ پھر اذان کی دعا اور پھر دوبارہ تین بار تلبیہ پڑھنا بتایا تھا۔ مسئلہ یہ ہے کہ اذان باقاعدگی سے سنی نہیں جاتی' کبھی سفر میں ہوتے ہیں۔ میرے بچے دفتر میں بیٹھے ہوتے ہیں وہاں سے مسجد دور ہے' اذان کی آواز دفتر میں نہیں پہنچتی یا بعض اوقات بجلی بند ہوتی ہے اور مسجد میں جنریٹر یا یوپی ایس کی سہولت نہیں ہوتی۔ ان اعذار کی وجہ سے وظیفے میں بے قاعدگی آتی ہے' اس کیلئے کیا کیا جائے؟ **(مقصود احمد' فیصل آباد)**

جواب: مقصود صاحب! آپ نے بہت اچھا سوال اٹھایا' خوشی ہوئی اللہ رب العزت آپ کو اور ساری امت محمدیہ ﷺ کو حرمین شریفین کی زیارت کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)۔ جس وقت اذان کی آواز نہ آئے تو اس وقت آپ کو چاہیے کہ ظہر کا وقت خیال کرکے کہ اس وقت ظہر کی اذان کا وقت ہے تلبیہ پڑھ لیا کریں۔ اللہ قبول فرمائے۔ **(م۔ق' لاہور)**

قارئین کے سوال قارئین کے جواب

''قارئین کے سوال و جواب'' کا سلسلہ بہت پسند کیا گیا' خطوط کا ڈھیر لگ گیا' مشورے سے طے ہوا پچھلا ریکارڈ پہلے قارئین تک پہنچایا جائے جب تک یہ ختم نہیں ہوتا اس وقت تک سابقہ ترتیب فی الحال کچھ عرصہ کیلئے موخر کردی جائے۔

اسپغول کی بھوسی سے دافع احتلام: احتلام جیسے مرض کو ختم کرنے کیلئے اسپغول کی بھوسی صبح نہار منہ دودھ سے لیں۔ یہ ٹوٹکہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلرز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

پھٹے ہونٹ: میرے ہونٹ بہت پھٹے ہوئے ہیں جن میں پھٹنے کی وجہ سے بہت درد ہوتا ہے' یہ مسئلہ شروع سے ہے' میری عمر بیس سال ہے' کوئی کریم بتائیں جس سے میرے ہونٹ پھٹنے ٹھیک ہوجائیں۔ میرا دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے منہ پر بے حد پسینہ آتا ہے۔ خون کی گردش پیروں اور ہاتھوں میں تو ٹھیک سے ہوتی ہے لیکن چہرہ پھر بھی مرجھایا ہوا رہتا ہے جبکہ منہ اور آنکھوں کے نیچے چھوٹے چھوٹے سفید دانے بھی نکلتے ہیں۔ (نواب دین' لاڑکانہ)

مشورہ: شربت عناب استعمال کرکے دیکھیں۔ صبح وشام ایک دو چمچے پانی میں ملا کر پئیں۔ مچھلی، انڈا، مرغی، گرم مصالحے، گائے کا گوشت' ڈرائی فروٹ سے پرہیز رکھیں۔ چھلے ہوئے ہونٹوں پر کوئی سی بھی ویزلین لگالیا کریں یا گائے کا تازہ مکھن لگائیں۔

کالی پیلی رنگت: میں نے جگر سمیت ہر ٹیسٹ کروایا ہے۔ اس کے باوجود میں دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہوں اور رنگت بھی کالی اور پیلی ہوتی جارہی ہے جبکہ میری خوراک بالکل ٹھیک ہے۔ اس کے باوجود جگر خون نہیں بناتا خوراک جتنی زیادہ کھاتی ہوں اتنی ہی زیادہ صحت کمزور ہوتی جارہی ہے۔ نیند بھی کم آتی ہے اور گرمیوں میں اجابت ٹھیک نہیں ہوتی۔ اسپغول کا چھلکا' گلقند' قبض ہونے پر کھاتی ہوں۔ ان چیزوں کے ساتھ اور قبض ہوجاتا ہے۔ میری عمر بیس سال ہے' شادی نہیں ہوئی' اگر طاقت کی دوائی یا خوراک لیتی ہوں تو اجابت میں مروڑ شروع ہوجاتا ہے۔ معدہ بھی وزنی رہتا ہے گیس بھی ہے' یہ مرض مجھے پانچ سالوں سے ہے۔ (ثریا' راولپنڈی)

مشورہ: آپ نے جو ٹیسٹ کروائے ہیں ان کی رپورٹ نہیں لکھی۔ ہمارے خیال میں آپ کی آنتوں میں سوزش ہے' اسپغول کا استعمال جاری رکھیں۔ اصلی گلقند غذا کے بعد کھائیں۔ صبح وشام بیل گری کا مربہ کھالیں۔ مرچ مصالحے' انڈا' مرغی' مچھلی' آلو اور دالوں سے پرہیز رکھیں۔ خاص طور پر مرچ' کھٹائی' مصالحے سے پرہیز ضروری ہے۔

پیٹ بڑھ گیا: میری عمر 54 سال ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ پیٹ بڑھ گیا ہے۔ ڈاکٹر نے کہا ہے کہ پیٹ میں چربی آگئی ہے۔ الٹراساؤنڈ بھی کروایا' رپورٹ ٹھیک ہے۔ آپ نے پہلے جوارش کمونی کبیر لکھی تھی مگر مجھے شوگر بھی ہے اس لیے نہیں کھائی' شوگر کی وجہ سے بہت دبلی ہوگئی ہوں' اس کی دوا روزانہ کھاتی ہوں' شوگر ٹیسٹ کرواتی رہتی ہوں' عموماً تو نارمل رہتی ہے لیکن کبھی کبھی یہ کم بھی ہوجاتی ہے' قبض بہت رہتا ہے میں چاہتی ہوں کہ جسم پر گوشت چڑھ جائے اور شوگر کی وجہ سے زیادہ نقصان نہ ہو اس کی بھی کوئی دوا بتادیں' آپ موٹا ہونے کیلئے بکرے کا گوشت، دیسی گھی، مکھن اور دوسری چیزیں بتاتے ہیں۔ اگر کوئی یہ چیزیں خریدنے کی قوت نہ رکھ سکے تو وہ کیا کرے۔ چائے میٹھی نہیں پیتی' شوگر کیلئے پرہیز بھی کرتی ہوں۔ (رقیہ' ملتان)

مشورہ: شوگر کے مریضوں کیلئے ہمارا مشورہ یہ ہے کہ کسی اچھے معالج کے روبرو مشورہ کریں اور مناسب وقفوں سے اپنے معالج کی ہدایت کے مطابق خون میں شوگر باقاعدہ لیبارٹری سے ٹیسٹ کروائیں جس میں وہ سرنج میں خون لیکر ٹیسٹ کرتے ہیں۔ شوگر کے مریضوں کو باقاعدہ واک یا ورزش کی بھی ضرورت ہوتی ہے جو اپنے معالج کی زیر ہدایت لازمی کرنی چاہیے۔ پیٹ چھوٹا کرنے کیلئے ورزش یا واک بہت مفید ہے جسم کی نشوونما اور تعمیر میں صرف غذا کا کردار ہے دوا کا اس سے کوئی تعلق نہیں جسم کا میٹریل غذا اور صرف غذا ہے۔

خارش کا علاج: میری والدہ کی عمر 56 سال ہے' انہیں شوگر' بلڈ پریشر' دل کا عارضہ اور پتے میں پتھری ہے۔ اس کے ساتھ ہی وہ ہیپاٹائٹس بی کی بھی مریضہ ہیں' ہفتے میں دو مرتبہ ان کا ڈائیلیسز بھی ہوتا ہے۔ چار مہینوں سے شدید خارش کا مسئلہ درپیش ہے۔ پورے جسم میں خارش ہوتی ہے خارش کی وجہ سے خون بھی نکل آتا ہے' زخم سوکھتے بھی نہیں کہ دوبارہ خارش ہوتی ہے۔ ڈاکٹر دوائیں بدل بدل کر تھک گئے ہیں لیکن کوئی افاقہ نہیں ہوا جب تک امی ٹھنڈی ہوا میں رہتی ہیں تب تک خارش کم ہوتی ہے خارش کرنے سے امی کی انگلیاں اور بازوؤں میں تکلیف رہنے لگی ہے۔ (ثناء شکیل' نیوکراچی)

مشورہ: اصلی سفید صندل کا پاؤڈر جو اسی مقصد کیلئے ہوتا ہے جسم پر خارش کی جگہ پر ملیں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ گرم چیزیں نہ کھائیں۔ سفید سوتی لباس پہنیں۔ کیمیکلز سے دور رہیں' باقی علاج جو کررہے ہیں وہ کرتے رہیں۔ ایسے پیچیدہ امراض میں مقامی معالج سے روبرو مشورہ مفید ہوتا ہے۔

سانس آنا بند: اکثر سانس آنا بند ہوجاتا ہے' چھاتی میں بلغم ہے اس کا ایکسرے بھی کروایا تھا' ڈاکٹر نے کہا سب ٹھیک ہے مگر چھاتی میں بلغم ہے جس کی وجہ سے سانس لینے میں مشکل ہوتی ہے کوئی ایسا علاج بتادیں جس سے بلغم باہر آجائے میرے جسم میں گرمی برداشت کرنے کی طاقت بہت کم ہے' ٹھنڈی چیزیں میں استعمال نہیں کرسکتا۔ میں اپنے اس مرض سے بہت زیادہ پریشان ہوں۔ (ریحان' لاہور)

مشورہ: ایک چمچی سالم اسپغول ایک کپ پانی میں بھگودیں اور شربت بنفشہ ایک اونس ملا کر پی لیں۔ غذا میں بکرے کا گوشت کدو' توری' لوکی' شلجم میں سے کسی سبزی میں ڈال کر پکا کر روٹی سے کھالیں۔ دس دن بعد دوبارہ لکھیں۔

محبت کی شادی' بانجھ پن اور اکسیر نسخہ: سات سال شادی کو ہوگئے ہماری محبت کی شادی ہے۔ تعلیم یافتہ ہوں' خوبصورت' سمارٹ اور ایتھلیٹ رہی ہوں۔ شوہر مجھ سے بھی زیادہ خوبصورت سمارٹ ہیں' کھلاڑی رہے ہیں۔ بڑے ادارے کے مالک ہیں۔ ہماری بدنصیبی یہ ہے کہ میں بانجھ ہوں' ڈاکٹروں گائناکولوجسٹ اسپیشلسٹ کی یہی رائے ہے' باہر بھی گئے ہیں وہاں سے بھی یہی رائے ملی ہے۔ (ثریا' لاہور)

مشورہ: ایک بہت مفید اور اکسیری نسخہ آپ کی اور قارئین کی نذر ہے۔ قلب حجر اصلی، بیخ مرجان عمدہ ہم وزن پہلے الگ الگ ہاون دستے میں سفوف بنالیں پھر سماق کی کھرل میں ہم وزن دونوں کو ڈال کر عرق گلاب میں اس قدر کھرل کریں کہ پشٹہ بن جائے۔ ہفتہ بھر کھرل کرنا کافی ہے۔ پھر وزن کرکے چار چار رتی کی پڑیاں بنالیں۔ ایام سے فراغت کے بعد صبح وشام ایک ایک پڑیا پانی سے پھانکیں صرف سات دن تک۔ پھر اس نسخہ کا کمال دیکھیں۔

پاؤ دودھ سے پانچ کلو دودھ کی طاقت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے ایک مرتبہ عبقری میں پڑھا تھا کہ ایک پاؤ گرم دودھ کو اگر چالیس مرتبہ پھینٹا جائے تو اس میں پانچ کلو دودھ کی طاقت پیدا ہوجاتی ہے۔ آزمایا اور بالکل ایسا ہی پایا۔ (ناصر بٹ' مدثر خان' لاہور)

قسط نمبر 4

میری زندگی کیسے بدلی؟

قارئین! حضرت جی! کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ تین سال سے عبقری سے منسلک ہوں۔ ان تین سال سے پہلے میری زندگی کیا تھی؟ یہ سوچ کر بھی مجھے اب خوف آتا ہے۔ میری ان بھٹکی اور اجڑی راہوں سے واپسی کیسے ہوئی اور میں ان بھٹکی راہوں پر کیسے بھٹکی' آج یہ کہانی بھی بیان کرتی ہوں۔

میری آنکھ ایسے گھرانے میں کھلی جہاں سب مسلمان ہوتے ہوئے بھی کبھی کسی نے نماز پڑھنا تو دور کی بات نماز کا ذکر تک نہیں کیا تھا۔ مجھ سے بڑے تین بھائی اور دو بہنیں ہیں۔ میں سب سے چھوٹی ہوں۔ میرے ماں باپ نے ہمیں زندگی کی ہر آسائش فراہم کی۔ اعلیٰ سے اعلیٰ برانڈ اور فیشن کے کپڑے' جوتے' گاڑی' ہمارے گھر میں جدید دور کی ہر سہولت میسر ہے۔ میرے والد کا اپنا کاروبار ہے جو الحمدللہ خوب چمک دمک کے ساتھ چل رہا ہے۔ ہمیں کسی قسم کی کوئی روک ٹوک نہیں تھی۔ جب میں نے ہوش سنبھالا تو اپنے بڑے بہن بھائیوں کو ہر وقت میوزک' فلم' فیشن جیسی مصروفیات میں مصروف پایا۔ میری بہنیں گھر میں جینز اور شرٹس پہنتیں' نہ کبھی میرے والد نے روکا اور نہ ہی والدہ نے ٹوکا۔ ہر کوئی اپنی مستی میں مست تھا۔ ایک مرتبہ ہمارے گھر میں ایک فنکشن تھا جہاں میرے ابو کے دوست کے ساتھ ان کا بیٹا بھی آیا تو میری بہن اور ان کے درمیان دوستی ہوگئی جو کچھ عرصہ چلی اور میری بڑی بہن نے زبردستی والدین کو منا کر اس کے ساتھ شادی کرلی (اب وہ دبئی میں ہے اور اب وہ کن مشکلات میں ہے اس کا سوچ کر بھی میری آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔ اللہ اس کے حال پر رحم فرمائے۔)

اسی جدید فیشن اور مغرب زدہ ماحول میں جب میں نے جوانی کی دہلیز پر قدم رکھا تو میں ہوتی میوزک ہوتا' فیس بک ہوتی اور میرے دوست ہوتے۔ مجھے خود نہیں معلوم میں نے فیس بک پر کتنے لڑکوں کو بے وقوف بنایا۔ لڑکوں کے ساتھ انتہائی غلیظ گفتگو کر کے مجھے عجیب سا سرور ملتا۔ میں ساری ساری رات فیس بک اور کبھی کبھی کچھ لڑکوں سے سکائپ پر ویڈیو کالنگ کرتی اور خوب ''انجوائے'' کرتی۔ میں اپنی والدہ کے ساتھ مہنگی ترین بوتیک پر جا کر جدید سے جدید مغربی فیشن کے کپڑے خریدتی اور جب بھی والدین کے ساتھ کسی پارٹی میں جاتی تو میری والدہ فخر سے سب کے سامنے مجھے پیش کرتیں کہ دیکھیں میری بچی نے کتنے اعلیٰ برانڈ کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں اور میں فخر سے سربلند کرلیتی۔ ایک رات کو میں ایسے ہی اپنے کمرے میں سونے کیلئے لیٹی تو ہلکی غنودگی میں مجھے محسوس ہوا کہ کوئی میرے جسم پر ہاتھ پھیر رہا ہے اور میں گھبرا کر اٹھی تو کوئی بھی نہ تھا اور ایسا اکثر ہوتا۔ کوئی ان دیکھی چیز تھی جو رات کو میرے ساتھ ہوتی۔ میں نے اپنی والدہ سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے اسے میرا وہم سمجھا۔ پھر جب میں کالج گئی تو چونکہ میں بہت زیادہ خوبصورت اور فیشن ایبل تھی وہاں بھی ہر لڑکے کو اپنا دیوانہ پایا۔ وہاں میری دوستی ایک امیر کبیر لڑکے (ع) سے ہوئی۔ اس کے پاس مہنگی ترین گاڑی تھی' کچھ ہی عرصہ بعد ہماری دوستی ''محبت'' میں بدل گئی اور آہستہ آہستہ ہم قریب ہوتے گئے اور پھر میں نے اپنا سب کچھ اس کے حوالے کر دیا۔ کچھ عرصہ بعد مجھے معلوم ہوا کہ (ع) کے اور لڑکیوں کے ساتھ بھی تعلقات ہیں اور وہ لڑکیوں کو اپنی ہوس کا نشانہ بنا کر چھوڑ دیتا ہے اس نے میرے ساتھ بھی ایسا ہی کیا۔ میں بہت روئی' چیخی چلائی مگر وہ مجھ پر ہنستا ہوا گاڑی میں بیٹھ کر چلا گیا۔ کچھ ماہ بعد میرے سر سے اس عشق کا بھوت اتر گیا اور میں واپس اپنی نارمل لائف میں آگئی۔ سارا دن میوزک سنتی' ٹی وی دیکھتی' پارٹیوں میں جاتی۔ رات وہی دوسروں کو نیٹ پر بے وقوف بناتی۔ مجھے اپنی آخرت کی کوئی فکر نہ تھی' نہ نماز' نہ روزہ' نہ قرآن۔ بچپن میں ایک قاری صاحب روزانہ قرآن پاک پڑھانے آتے تھے میں نے ناظرہ قرآن پڑھا ضرور تھا مگر دوبارہ آج تک کھول کر نہیں دیکھا تھا۔ بس اپنی مستی میں مست۔ میں ہر روز صبح اٹھتی ضرور تھی صرف اپنے لیے' یعنی اپنے جسم کو فٹ رکھنے کیلئے' ہمارے گھر کے قریب ایک لیڈیز پارک تھی وہاں روزانہ جاگنگ کیلئے جاتی۔ وہاں میری ایک دوست بن گئی جو مکمل حجاب میں واک کرنے آتی تھی۔ چند دنوں بعد اس نے مجھے ''ماہنامہ عبقری'' تحفے کے طور پر دیا اور کہا کے اس رسالے کو ضرور پڑھا کرو۔ ساتھ آپ کا تعارف بھی کروایا اور آپ کے کچھ درس میرے موبائل میں کاپی کر دیئے اور سننے کی خاص تاکید کی۔ میں نے گھر آ کر رسالے کو سرسری نظر سے دیکھا اور سائیڈ پر رکھ دیا۔

ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ رات کو میں بہت بور ہو رہی تھی کہ اچانک مجھے یاد آیا کہ (ا) نے مجھے چند درس دیئے تھے ان کو ایک بار سن تو لوں۔ میں نے جب درس چلایا تو اتفاق سے اس کا موضوع ''توبہ'' تھا۔ آپ یقین کیجئے! جیسے جیسے اس درس کے الفاظ میرے کانوں میں اتر رہے تھے ویسے ویسے میرا جسم کانپ رہا تھا اور میری آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔ میں بہت روئی' اسی وقت (ا) کو فون کیا۔ اس سے روتے اور ہچکچاتے ہوئے بولی کیا میری بھی معافی ہو سکتی ہے؟ میں تو آج تک اپنے رب کریم کے آگے جھکی ہی نہیں' اس کا نام تک نہیں لیا' بچپن سے لے کر اب تک اس کی صرف نافرمانی ہی کی ہے کیا میری بھی توبہ ہو سکتی ہے؟ اس نے مجھے بڑے پیار سے سمجھایا کہ اللہ بہت غفور الرحیم ہے وہ انسان سے ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے اس کے آگے اگر سچے دل سے توبہ کی جائے تو وہ ضرور ضرور ضرور معاف فرما دیتا ہے۔ تم بھی سچے دل سے توبہ کرو' وہ اللہ تمہیں بھی ضرور معاف فرما دے گا۔

اگلے دن میں صبح پارک نہ جاسکی' تو دوپہر کے وقت میری محسن دوست' میرے گھر آگئی۔ اس سے ملتے ہی میں نے اس سے پہلا سوال یہ کیا کہ کیا تم مجھے نماز پڑھنا سکھا دو گی؟ (ا) نے بخوشی حامی بھر لی' کچھ عرصہ (ا) روزانہ میرے گھر آتی رہی اور مجھے مکمل نماز' مسنون دعائیں' یاد کروا دیں۔ میں نے اپنے سارے مغرب زدہ لباس اکٹھے کر کے انہیں آگ لگا دی۔ اپنی اسی محسن کے ساتھ جا کر نئے لباس خریدے' حجاب خریدا اور اُس دن سے میں نے حجاب کرنا شروع کر دیا۔ گھر میں ہر وقت درس چلانا شروع کر دیا' جسے سن کر میری والدہ میرے دو بھائی (جن کی شادیاں ہو چکی ہیں) بھابیاں سب بہت متاثر ہوئے' اب میری والدہ نے بھی دوپٹہ لینا شروع کر دیا' بھابیوں اور (باقی صفحہ نمبر 25 پر)

میری زندگی کیسے بدلی؟

قارئین! اگر آپ کے اردگرد معاشرے میں کوئی ایسی ہی بھٹکی ہوئی خدا کی بندی سیدھے راستے پر آئی ہے تو آپ ضرور ضرور اس کے راہ راست پر آنے کا مکمل واقعہ لکھ کر ایڈیٹر عبقری کو بھیجیں۔ آپ کی لکھی ہوئی تحریر مکمل نام پتہ اور جگہ تبدیل کر کے لکھی جائے گی۔ عبقری رسالہ ہر مکتبہ فکر کے ہاں پڑھا جاتا ہے کیا معلوم آپ کی لکھی ہوئی تحریر سے کوئی اندھیری غلیظ گلیوں کو چھوڑ کر نورانی اعمال پر آجائے اور یہ آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے صدقہ جاریہ بن جائے۔

مشکلات دور حاجات منوانے کا آسان ٹوٹکہ

شہزاد مجذوبی' کراچی

کہنے لگے کہ اللہ پاک سے دعائیں یقین کے ساتھ مانگو اور دعا شروع کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کو اس کے مختلف ناموں سے پکارا کرو' جتنے نام آتے ہوں اتنے ناموں سے پکارا کرو۔ پھر بتایا کہ اپنی تمام حاجتیں اللہ سے مانگا کرو کہ اے اللہ! میری حاجتیں پوری فرما۔

ایک بزرگ رمضان المبارک کے آخری عشرے میں اعتکاف میں بیٹھے تھے' میں ان سے جا کر ملا' تعارف ہوا' پھر وہ مجھ سے دینی باتیں کرنے لگے' کہنے لگے کہ اللہ پاک سے دعائیں یقین کے ساتھ مانگو اور دعا شروع کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کو اس کے مختلف ناموں سے پکارا کرو' جتنے نام آتے ہوں اتنے ناموں سے پکارا کرو۔ پھر بتایا کہ اپنی تمام حاجتیں اللہ سے مانگا کرو کہ اے اللہ! میری حاجتیں پوری فرما۔ میں بھی اللہ سے یہی دعا کرتا رہتا ہوں کہ اے اللہ تو میری حاجتیں پوری فرما اور اللہ تعالیٰ میری حاجتیں پوری فرماتا ہے۔ میں موٹر سائیکل پر کہیں جا رہا ہوتا ہوں اور ٹائر پنکچر ہو جاتا ہے جیب میں پیسے نہیں ہوتے پنکچر والے کی دکان کے سامنے سے گزر ہوتا ہے تو دکان والا خود پوچھتا ہے۔ انکل کیا ہوا؟ میں بتاتا ہوں کہ ٹائر پنکچر ہو گیا ہے وہ کہتا ہے کہ لے آئیں میں پنکچر لگا دیتا ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ میرے پاس پیسے نہیں ہیں' دکان والا کہتا ہے کہ کوئی بات نہیں پھر دے جایئے گا اور وہ پنکچر لگا دیتا ہے' ایسا کئی بار ہوا ہے۔ میں صبح بچوں کو سکول چھوڑنے جاتا ہوں اور اکثر ایسا بھی ہو جاتا ہے کہ موٹر سائیکل میں پٹرول ختم ہو جاتا ہے' میں پٹرول پمپ پر جاتا ہوں اور بتا دیتا ہوں کہ اس وقت میرے پاس پیسے نہیں ہیں اور پٹرول ختم ہو گیا ہے پٹرول پمپ والا مجھ سے میری منزل پوچھتا ہے اور اتنا پٹرول ڈال دیتا ہے کہ میں بچوں کو سکول چھوڑ کر با آسانی گھر واپس پہنچ جاتا ہوں۔ کہنے لگے کہ اللہ تعالیٰ اس طرح میری حاجات پوری کرتا ہے' میرا ابھی اس پٹرول پمپ یا پنکچر والے کی دکان کی طرف دوبارہ چکر لگے تو میں پیسے ضرور دے آتا ہوں مگر یہ ہے کہ ضرورت کے وقت اللہ میری ضرورت پوری کرتا ہے۔ پھر بتانے لگے کہ میں ایک کارخانہ میں کام کرتا ہوں' سپلائی اور سٹاک کا کام میری ذمہ داری ہے۔ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ مال سپلائی کیا' آگے جب خریدار کے پاس پہنچا تو اس کا فون آیا کہ تین ڈبے کم ہیں' میں نے کہا کہ دوبارہ چیک کریں انہوں نے چیک کیا مگر تین ڈبے کم تھے' میں نے اپنا سٹاک چیک کیا تو اس میں بھی کوئی فالتو ڈبہ نہ تھا اب میں پریشان ہو گیا کیونکہ ہمارے کارخانے کا مالک بہت سخت آدمی تھا اور وہ تنخواہ سے پیسے کاٹ لیتا تھا۔ عید قریب آرہی تھی اور میری پریشانی بڑھتی جارہی تھی تنخواہ پہلے ہی تھوڑی تھی اب اگر اس میں کٹوتی ہو جاتی تو عید پر بہت مشکل بن جاتی۔ میں نے اللہ سے دعا کرنا شروع کر دی اس کے مختلف صفاتی ناموں سے اس کو پکارتا رہا اور کہتا رہا کہ اے اللہ! تو جانتا ہے کہ میں نے بے ایمانی نہیں کی تو میری مدد فرما۔ میں مسلسل کئی دن تک دعا کرتا رہا مگر ڈبوں کا کچھ پتہ نہ چلا' آخر تنخواہ ملنے کا وقت آ گیا۔ مجھے مالک نے بلایا میں ڈرتے ڈرتے اندر گیا مجھے میری تنخواہ ملی میں نے باہر آ کر دیکھا تو تنخواہ پوری تھی' مالک نے تو یہ پوچھا کہ ڈبے کہاں ہیں؟ نہ ڈانٹ ڈپٹ کی اور نہ ہی تنخواہ سے پیسے کاٹے حالانکہ مجھ سے پرانے ملازمین کو بھی مالک نہیں چھوڑتا تھا۔ میں نے اللہ رب العزت کا شکر ادا کیا کہ اس نے میری دعا قبول فرمائی اور میری مدد فرمائی۔ انسان اگر سچے دل سے اور یقین سے دعا کرے تو اللہ ضرور سنتا ہے۔

ایک مرتبہ ایک صاحب نے ایک واقعہ سنایا کہ کسی گاؤں میں ایک خاتون کا انتقال ہو گیا اس کے لیے قبر کھودی گئی تو قبر کھودنے والے نے دیکھا کہ قبر کی دیوار میں ایک روپے کے سکے کے برابر سوراخ ہے اور اس سے بہت تیز روشنی باہر آرہی ہے اس نے سوراخ سے جھانک کر دیکھا تو دوسری طرف ایک عورت بیٹھی قرآن پاک کی تلاوت کر رہی تھی اور اس کی پوری قبر میں روشنی ہی روشنی تھی اس بندے نے تلاوت کی آواز اپنے کانوں سے سنی۔ حالانکہ اس قبر کا بظاہر کوئی نام و نشان نہ تھا مگر اس میں عورت بیٹھی تلاوت کر رہی تھی۔ انہوں نے علاقے کے علماء سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ آپ سوراخ بند کر دیں اور اپنی میت کو دفن کر دیں۔ سنا تھا کہ جو شخص زندگی میں کثرت سے جو عمل کرے یا وہ دعا کرے کہ مرنے کے بعد بھی اللہ اسے اس عمل کی توفیق دے تو اللہ تعالیٰ قبر میں بھی اسے وہی عمل کرنے کی توفیق دیتا ہے۔ (واللہ اعلم) میں ویب سائٹ پر آن لائن حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا درس سن رہا تھا' درس کے بعد دعا ہوئی بڑی رقت آمیز دعا تھی' جہاں میں نے اور دعائیں مانگیں وہاں اپنے ماموں کی رہائی (باقی صفحہ نمبر 43 پر)

نرمی اور تحمل مزاجی

مولانا وحیدالدین خان

نرمی اور تحمل مزاجی کوئی بزدلی کی بات نہیں' یہ زندگی کا ایک اہم اصول ہے جو خود خالق فطرت نے تمام مخلوقات کو سکھایا ہے۔ عربی کا ایک مثل ہے: "السماح رباح" یعنی معاملات میں نرمی اور وسعت ظرف کا طریقہ ہمیشہ مفید ہوتا ہے۔ انسان نے ہزاروں برس کے دوران دونوں قسم کا تجربہ کیا۔ نرم رویہ کا بھی اور سخت رویہ کا بھی۔ آخر کار تجربات سے ثابت ہوا کہ سخت رویہ الٹا نتیجہ پیدا کرتا ہے۔ اس کے مقابلہ میں نرم رویہ ایسا نتیجہ پیدا کرتا ہے جو آپ کیلئے مفید ہو۔ ریلوے اسٹیشن پر دو آدمی چل رہے تھے۔ ایک آدمی آگے تھا۔ دوسرا آدمی پیچھے۔ پیچھے والے کے ہاتھ میں ایک بڑا بکس تھا۔ تیزی سے آگے بڑھتے ہوئے اس کا بکس اگلے آدمی کے پاؤں سے ٹکرا گیا۔ وہ پلیٹ فارم پر گر پڑا۔ پیچھے والا آدمی فوراً ٹھہر گیا اور شرمندگی کے ساتھ بولا کہ مجھے معاف کیجئے' آگے والے آدمی نے اس کو سنا تو وہ بھی ٹھنڈا پڑ گیا۔ اس نے کہا کوئی حرج نہیں اور پھر دونوں اٹھ کر اپنی اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گئے۔

دوسری صورت یہ ہے کہ اس قسم کی کوئی ناخوشگوار صورت پیش آئے تو دونوں بگڑ جائیں' ایک کہے کہ تم اندھے ہو' دوسرا کہے کہ تم بدتمیز ہو' تم کو بولنا نہیں آتا وغیرہ۔ اگر ایسے موقع پر دونوں اس قسم کی بولی بولنے لگیں تو بات بڑھے گی۔ یہاں تک کہ دونوں لڑ پڑیں گے۔ پہلے اگر ان کے جسم پر مٹی لگ گئی تھی تو اب ان کے جسم سے خون بہے گا۔ پہلے اگر ان کے کپڑے پھٹے تھے تو اب ان کی ہڈیاں توڑی جائیں گی۔ خواہ گھریلو زندگی کا معاملہ ہو یا گھر کے باہر کا معاملہ ہو۔ خواہ ایک قوم کے افراد کا جھگڑا ہو یا دو قوموں کے افراد کا جھگڑا۔ ہر جگہ نرم روی اور عالی ظرفی سے مسئلے ختم ہوتے ہیں اور اس کے برعکس رویہ اختیار کرنے سے مسئلے اور بڑھ جاتے ہیں۔ پہلا طریقہ آگ کو بجھاتا ہے اور دوسرا طریقہ آگ کو مزید بھڑکا دیتا ہے۔

(بقیہ: مراقبہ سے فیض پانے والے)

رہی ہے اور میرے جسم سے بھی وہی روشنی منعکس ہو کر شعاعیں پھیلا رہی ہے اور میں اوپر آسمان کی طرف دیکھتی ہوں تو ایک سفید نورانی باریش چہرے والی انتہائی خوبصورت ہستی میری طرف ہاتھ بڑھاتی ہے شاید کہ سفید پوش یا میں خود محسوس کرتی ہوں اور میں پیچھے ہٹ جاتی ہوں کہ نہیں میری اتنی استعداد نہیں کہ میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کر سکوں ساتھ وہ مجھے آواز دیتے ہیں (ف) کہاں جا رہی ہوں؟ اور ہاتھ بڑھاتے ہیں' میں کہتی ہوں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اوپر نہیں آسکتی' میں بہت گنہگار ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ تم جو میری سنتوں کی فکر کرتی ہو اور مجھ پر صبح و شام درود و سلام بھیجتی ہو وہ سب مجھ تک پہنچتا ہے اور پھر بدستور ہاتھ بڑھاتے ہیں۔ پھر میں درود و سلام پڑھنا شروع کر دیتی ہوں۔ اس کے آگے مجھے یاد نہیں کیا ہوا جب میری آنکھ کھلی تو اذان فجر ہو رہی تھی۔ (ف' لاہور)

موسمی بخار سے نجات: موسمی بخار سے نجات کیلئے دن میں تین سے چار مرتبہ لیمن کی چائے پیئیں۔ دو سے تین دن میں بخار سے یقینی نجات مل جاتی ہے۔

جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کیلئے کچھ مشورے

عادل اسماعیل

یہی عمر محنت، مشقت، دوڑ دھوپ اور کھیل کود کی ہوتی ہے اسی عمر میں ایام شروع ہوتے ہیں جس سے خون کا اضافی خرچ ہوتا ہے۔ اگر اس عمر میں غذا اور عام صحت پر توجہ نہ دی گئی تو بہت سے مسائل پیدا ہونا شروع ہوجاتے ہیں سب سے پہلے جسم کی نشوونما رک جاتی ہے

اس مضمون میں عورت کے کچھ مسائل بیان کیے جارہے ہیں جن کی بناء پر وہ اپنی صحت کا خیال رکھنے سے قاصر نظر آتی ہے ہم ان مسائل کے حل کیلئے کچھ آسان اور آزمودہ نسخے پیش کررہے ہیں جن کے ذریعے عام نسوانی بیماریوں کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ کسی نوجوان لڑکی کے چہرے پر اگر چند مہاسے نکل آئیں تو وہ سخت اذیت اور تکلیف میں مبتلا ہوجاتی ہے اسی ذہنی اذیت کے دوران ان کی آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے بھی پڑ جاتے ہیں، جلد بے رنگ ہوجاتی ہے، ہونٹ پھیکے پڑ جاتے ہیں، قد بڑھنا بند ہوجاتا ہے اور جسم کی نشوونما بھی مناسب طور پر نہیں ہو پاتی۔ اس بات سے یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اگر اسی قسم کی کوئی بھی شکایت اگر کسی نوجوان لڑکی کو ہوجائے تو وہ کس ذہنی اذیت میں مبتلا ہوسکتی ہے۔

نوجوان لڑکیوں میں پیدا ہونے والی یہ شکایات زیادہ تکلیف دہ اس صورت میں ہوجاتی ہیں جب وہ ان امراض سے سخت پریشان اور خوفزدہ رہتی ہیں اور وہ اپنی فطری شرم وحیا کی وجہ سے کسی سے اس بارے میں نہ پوچھ سکتی ہیں اور نہ مشورہ لے سکتی ہیں اسی لئے ان امراض کی لاعلمی یا کم علمی ان کے خوف کو بڑھا دیتی ہے۔ خوف کے باوجود بھی وہ اپنی فطری شرم و حیا کی وجہ سے کسی معالج یا ڈاکٹر تو دور اپنی والدہ یا سہیلیوں سے بھی اپنے ان مسائل کے بارے میں بات کرتے ہوئے جھجھک محسوس کرتی ہیں۔ کم عمر لڑکیاں جن شکایات کی زیادہ تر شکار رہتی ہیں اور ان سے پریشان رہتی ہیں ان میں جسم کی بالیدگی کا متاثر ہوجانا اور ہونٹوں کی رنگت کا پھیکا پڑ جانا، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقوں کی موجودگی' جلد پر داغ دھبے یا مہاسے ہوجانا، نسوانی حسن کی پوری طرح نشوونما ہونا، ایام میں خرابی اور سب سے بڑھ کر سیلان الرحم (لیکوریا)

یہی عمر محنت، مشقت، دوڑ دھوپ اور کھیل کود کی ہوتی ہے اسی عمر میں ایام شروع ہوتے ہیں جس سے خون کا اضافی خرچ ہوتا ہے۔ اگر اس عمر میں غذا اور عام صحت پر توجہ نہ دی گئی تو بہت سے مسائل پیدا ہونا شروع ہوجاتے ہیں سب سے پہلے جسم کی نشوونما رک جاتی ہے پھر جسم بھرپور رعنائی اور توانائی حاصل نہیں کرپاتا' ساتھ ساتھ جلد کی رنگت پھیکی اور بے رنگ پڑ جاتی ہے، ہونٹوں کی رنگت پھیکی پڑ جانا، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے پڑ جانا، آنکھوں کے سفید حصے کی رنگت سیاہی مائل ہوجانا، ایام میں بے قاعدگی، ہاتھ پیروں کا سرد رہنا، جلد تھک جانا، سانس پھول جانا، مزاج چڑچڑا ہو جانا یہ تمام باتیں غذا اور خون کی کمی کو ظاہر کرتی ہیں۔

مشورہ: مہر! خاندان والوں کے مذاق کو کچھ عرصہ اور برداشت کرلیں۔ اپنی مرضی اور شوق کے مطابق زندگی گزارنے کیلئے صبر تو کیا جاتا ہے۔ والدہ کو کوئی کچھ کہے تو انہیں چاہیے کہ وہ اپنا جواب خود دیں۔ آپ کو شامل نہیں کریں تاکہ والد آپ سے ناراض نہ ہوں۔ آپ کو معلوم ہے زندگی کی مشکلات پر شکایت کرنے کے بجائے سبق لے کر آگے بڑھنے سے ترقی کے راستے کھلتے ہیں۔

خیالوں کا سکون: مجھے بچپن سے خواب دیکھنے کی عادت ہے۔ خیالوں ہی خیالوں میں خود کو سکول کا ماسٹر تصور کرتا رہا' ہاتھ میں اسکیل لے کر بچوں کی پٹائی کرتا' اس بچے کی جو اسکول میں مجھے تنگ کرتا رہتا' ڈرا اس قدر کہ اس کی کسی سے شکایت بھی نہیں کی جاتی۔ اب میں ایف ایس سی کر چکا ہوں ابھی تک کہیں داخلہ نہیں لیا۔ والد کپڑے کا کاروبار کرتے ہیں اور میں خوابوں خیالوں میں خود کو فیکٹری کا مالک سمجھتا ہوں۔ مجھے ان کی دکان پسند نہیں اور ان کو میرا فارغ رہنا اچھا نہیں لگتا۔ بارہ سال پڑھ کر تھک گیا ہوں۔ میرے گروپ کے دو لڑکے گریجوایٹ کر رہے ہیں۔ (وسیم خان' راولپنڈی)

مشورہ: خیالوں کا سکون پائیدار نہیں۔ سچی اور حقیقی خوشیوں کا احساس ہی مختلف ہوتا ہے۔ خوابوں اور خیالوں میں فرق ہے۔ خوابوں پر انسان کا اختیار نہیں ہوتا جبکہ خیالوں کو اپنی مرضی اور ارادے سے منفی یا مثبت بنایا جاسکتا ہے۔ بچپن اب گزر گیا لہٰذا وہ تمنائیں بھی نہ رہیں۔ حقیقی معنوں میں ترقی کیلئے اپنے عمل کو ابتدا سے شروع کرنا ہوتا ہے۔ والد کے ساتھ دکان پر کام کریں کاروبار کا تجربہ حاصل ہوگا اس دوران تعلیم جاری رکھیں دوستوں سے زیادہ کامیاب رہیں گے۔

بری خبر سن کر: میرے دماغ پر ہر وقت دباؤ رہتا ہے' دم گھٹتا ہے۔ کوئی بری خبر خواہ کسی کے حوالے سے ہو' سن کر پریشان ہو جاتی ہوں۔ گھر میں سب ہی سمجھاتے ہیں' اپنی فکر کرو' صحت کا کیا حال کرلیا ہے' مگر مجھے دنیا کی فکر ہے' میں اپنی فکر کرنے والوں کو بے حس اور خودغرض سمجھتی ہوں۔ ایک بات کا خیال ہے وہ یہ کہ چہرہ بہت مرجھایا ہوا ہے اور بڑی بہن چھوٹی معلوم ہوتی ہے۔ (عائشہ' کراچی)

مشورہ: چہرہ انسان کی ذہنی کیفیت کو ظاہر کرتا ہے۔ اب اگر آپ ہر وقت ذہنی دباؤ میں رہیں گی تو یہ کیسے ممکن ہے کہ اس کا اثر چہرے پر نہ آئے۔ بری یا تکلیف دہ خبر سب کیلئے افسوسناک ہوتی ہے مگر جسمانی اور ذہنی کیفیت کو اس انداز میں نہیں بدلتی کہ دم گھٹتا ہوا محسوس ہو یا معمولات زندگی میں بڑی تبدیلی آجائے۔ سانس کی بہت سی مشقیں ہیں جو دم گھٹنے پر قابو پانے میں مددگار ہوسکتی ہیں۔ ان میں ایک یہ بھی ہے کہ جب آپ اپنے کاموں سے فارغ اور فرصت میں ہوں تو آنکھیں بند کرکے ناک سے سانس اندر کی طرف لیں۔ چند سیکنڈ کیلئے سانس کو روکیں پھر منہ کے ذریعے آہستہ آہستہ سانس باہر نکالیں۔ اس دوران یہ تصور کریں کہ جب آپ سانس اندر لے رہی ہیں تو چہرے پر شادابی آرہی ہے اور جب سانس باہر نکال رہی ہیں تو ساتھ میں ذہن سے منفی خیالات اور دباؤ دور ہو رہا ہے۔

بیوی کو مجھ سے محبت نہیں!: میں طویل عرصے سے ملک سے باہر جانے کا خواہشمند تھا اور اب ایک عرب ملک سے جاب کی آفر آگئی۔ پہلے تو مجھے یقین نہیں آیا' پھر وہاں رہنے والے ایک دوست سے رابطہ کیا اس نے کہا فوراً آجاؤ۔ حال ہی میں میری شادی ہوئی ہے۔ گزارے کے قابل ملازمت بھی ہے' دل نہیں چاہتا کہ ملک چھوڑ کر جاؤں جبکہ بیوی خوش ہے کہ میں ملک سے باہر جا رہا ہوں۔ سوچتا ہوں اس کو مجھ سے محبت نہیں' یہ بات اس سے کہی نہیں۔ ڈر بھی ہے نئی نئی بات ہے۔ ہم ایک دوسرے کی عادات اور مزاج سے واقف نہیں۔ (عاشر' اسلام آباد)

مشورہ: بیوی کے خوش ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ اس کو محبت نہیں ہے بلکہ وہ آپ کی ترقی کی خواہشمند ہے اور اس کیلئے وہ دور رہنے کی قربانی دینے کو تیار ہے۔ دراصل آپ کی خوشحالی میں اس کی خوشیاں بھی شامل ہیں۔ یہ فیصلہ آپ کو خود کرنا ہے کہ کیا بہتر ہے' یہاں رہنا یا جانا؟ دوست کا مشورہ بھی آچکا' ہمارا مشورہ یہ ہے کہ موجودہ ملازمت کے حوالے سے اور بیرون ملک ملنے والی ملازمت کے مثبت اور منفی پوائنٹس نوٹ کرلیں جس میں مثبت پوائنٹ زیادہ ہوں وہ کام کریں۔

(بقیہ: میری زندگی کیسے بدلی؟)

والدہ نے نماز بھی پڑھنی شروع کردی ہے۔ حجاب لے کر جب گھر سے نکلتی ہوں تو ایک عجیب سا سکون اور حفاظت کا احساس ہوتا ہے۔ فون پر وقت لیکر آپ سے ملاقات کی اور آپ نے مجھے وظیفہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ يَحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پڑھنے کو بتایا۔

جسے میں ہر وقت پڑھتی ہوں۔ اب رات کو کوئی چیز مجھے تنگ نہیں کرتی میں بہت پرسکون سوتی ہوں۔ گھر میں' گاڑی میں ہر وقت ورد چلتا ہے۔ والد محترم کا مزاج بہت بدل گیا ہے۔ وہ بھی اب جمعہ پڑھنے ضرور جاتے ہیں اور مجھے امید ہے عنقریب انشاء اللہ وہ پانچ وقت کی نماز بھی شروع کردیں گے۔ پچھلے دنوں میرا ایک بہت ہی اچھے خاندان سے رشتہ آیا جس کیلئے میرے والدین نے ہاں کردی ہے انشاء اللہ کچھ عرصہ بعد میری شادی ہے اور انشاء اللہ خاندان میں پہلی بار میری شادی سنت کے مطابق سادگی سے ہوگی جس کا میں نے سب کو بتا بھی دیا ہے اور میرے منگیتر بھی میرا یہ فیصلہ سن کر بہت خوش ہوئے ہیں اور میرے سسرال والے بھی میرے اس فیصلے کی تائید کرتے ہوئے نکاح مسجد میں کرنے پر بخوشی راضی ہیں۔ الحمدللہ!

نہ چوہے' نہ چھپکلی' نہ لال بیگ لاجواب آزمودہ آسان عمل

وقار عظیم' راولپنڈی

یہ لوبان جہاں چھپکلیاں ہوں وہاں دروازے' کھڑکیاں بند کرکے دھونی دیں تاکہ دھواں باہر نہ نکلنے پائے' چھپکلیاں آپ کے گھر سے بھاگ جائیں گی۔ مدت دم: گیارہ روز تک دم کیا ہوا لوبان سے دھونی دیں۔

گھر میں بے انتہا چھپکلیاں: گھر میں حد سے زیادہ چھپکلیاں ہوں تو لوبان بازار سے خرید لیں اور اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں اور ٹکڑوں کو اکٹھا کرکے ان کے اوپر گیارہ سو مرتبہ یَارَحِیْمُ یَااَللّٰہُ یَامُرِیْدُ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ پڑھ کر دم کردیں۔ یہ لوبان جہاں چھپکلیاں ہوں وہاں دروازے' کھڑکیاں بند کرکے دھونی دیں تاکہ دھواں باہر نہ نکلنے پائے' چھپکلیاں آپ کے گھر سے بھاگ جائیں گی۔ **مدت دم:** گیارہ روز تک دم کیا ہوا لوبان سے دھونی دیں۔ **چھپکلی سے ڈرنا:** مٹی کی کٹوری جس میں فیرنی کھائی جاتی ہے لیں اور اس میں پانی بھرلیں پانی میں دو چمچ عرق گلاب ڈال دیں اور تین مرتبہ یاحی قبل کل شی پڑھ کر دم کریں اور نہار منہ پی لیں جب کبھی چھپکلی نظر آئے تو گھر میں ادھر ادھر کی مکھی پر نظر ڈالیں اور اسے دیکھنا شروع کردیں اور اگر مکھی نہ ہو تو اپنے سیدھے پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن پر ڈیڑھ سے دو منٹ تک نظر جما دیا کریں۔ **گھر میں چھپکلیاں:** انڈے کا خالی خول لے کر دیوار پر جہاں چھپکلیاں زیادہ ہوں لٹکا دیں' چھپکلیاں بھاگ جائیں گی۔ **سر کی جوؤں کا علاج:** سر میں اگر جوئیں ہوں تو پیاز کے پانی سے سر کو دو سے تین مرتبہ دھولیں جوئیں ختم ہوجائیں گی۔ **گھر میں حشرات الارض کی زیادتی:** جب گھر کے فرش کو دھوئیں تو دھلائی سے قبل پانی میں نمک ملا دیا کریں' حشرات الارض نمک ملے ہوئے پانی کی دھلائی سے بھاگ جاتے ہیں۔ **سانپ کے کاٹنے کے بعد سر کا بھاری رہنا:** چند نمکولیاں پانی میں پیس کر نہار منہ پلا دیں دو سے تین روز میں صحیح ہوجائے گا۔ **چیونٹیاں بھگانا:** اگر کسی جگہ چیونٹیوں کی کثرت ہو اور وہ نقصان پہنچاتی ہوں ان کو بھگانے کیلئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر ریت' مٹی پر دم کریں اور ان کے بلوں کے نزدیک پھیلا دیں۔ انشاء اللہ اس جگہ سے چیونٹیاں چلی جائیں گی۔ وہ آیت یہ ہے: یٰٓاَیُّھَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰکِنَکُمْ لَا یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَ جُنُوْدُہٗ وَ ھُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ (نمل ۱۸) **سانپ بچھو اور موذی جانوروں سے حفاظت:** اگر کوئی شخص ایسی جگہ ہو جہاں موذی جانور کثرت سے ہوں اور خطرہ ہو کہ وہ نقصان پہنچائیں گے تو اس کیلئے یہ دعا بعد نماز مغرب سو مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرے اور تمام بدن پر پھیر لے اور سینے پر دم کرلے اور چاروں طرف پھونک ماردے۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ **چور ڈاکو اور ہر موذی جانور سے حفاظت:** مثلاً سانپ' بچھو' کن کھجورے یا دیگر جانور۔ علاج: اول و آخر تین بار درود شریف اور درمیان میں سورۂ بقرہ کی آخری دو آیات پڑھنے کے بعد سورہے اور کسی سے بات نہ کرے۔ **زہریلے جانور کے زہر کا اثر زائل کرنا:** زہریلے جانور یا کیڑے مثلاً سانپ' بچھو' بھڑ' شہد کی مکھی وغیرہ یا دوا یا انجکشن کا ری ایکشن یا فوڈ پوائزنگ سے خون زہریلا ہوجائے اور مریض کے جسم پر دھپڑ پڑ جاتے ہیں کبھی کبھی پت بھی نکل آتی ہے۔ اثر گہرا ہوجائے تو مریض دماغ کے اندر چبھن بھی محسوس کرتا ہے اور بدن میں تشنج محسوس کرتا ہے۔ دوا کے اس مضر اثر سے بیہوشی بھی طاری ہوجاتی ہے ان وجوہات کی بنا پر اگر خون متاثر ہوجائے تو ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَارَحِیْمُ یَااَللّٰہُ یَامُرِیْدُ یَارَحِیْمُ یَااَللّٰہُ یَامُرِیْدُ یَارَحِیْمُ یَااَللّٰہُ یَامُرِیْدُ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ پڑھیں مجرب ہے۔ اس کے علاوہ اگر جگہ جگہ سانپ یا سانپ کے بچے نظر آنا' تمام گھر میں چھپکلیاں یا حشرات الارض رینگنا۔ علاج: ایک پاؤ اجوائن لیں گیارہ سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَارَحِیْمُ یَااَللّٰہُ یَامُرِیْدُ (تین مرتبہ پڑھیں) روز ایک مرتبہ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ پڑھ کر دم کریں اور کوئلوں پر اس اجوائن کی صبح و شام دھونی دیں۔ مدت عمل: چالیس روز۔ **زہریلی مکڑی کا کاٹنا:** چولائی کا سبز یا خشک ساگ یا تو پانی یا پھر سرکہ میں گھوٹ کر لیپ دیں زہریلے اثرات دور ہوجائیں گے۔ تین دن تک۔ **نوٹ:** ہر عمل کرنے سے پہلے اپنی حیثیت کے مطابق خیرات کریں اور اس دوران جتنی جمعرات آئیں خیرات کی جو مقدار عمل شروع کرنے سے پہلے دی تھی وہی کریں اور جب آپ اپنا مقصد حاصل کرلیں تو کم از کم دو یا پانچ یا اپنی حیثیت کے مطابق غریبوں کو کھانا کھلا دیا کریں۔

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

لیکوریا سے یقینی نجات

ویسے تو عبقری میں لیکوریا کے بہت سے نسخے پڑھتے رہتے ہیں لیکن میں جو نسخہ بھیج رہی ہوں وہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے' اتنا زبردست رزلٹ کہ انشاء اللہ دعا دینے پر مجبور ہوجائیں گے نہایت ہی کم مالیت میں نسخہ تیار اور دنوں میں آرام۔ ھوالشافی: مائیں' ماجو' گل دھاوا' خشک انار کا چھلکا' پھٹکڑی سفید یہ تمام اشیاء ہم وزن لیکر پھٹکڑی کو توے پر کھل کرلیں۔ دوائی باریک پیس کر بڑے سائز کے کیپسول بھرلیں' دودھ یا جوس سے لیں کیونکہ دوائی خشک ہے۔ دن میں دو مرتبہ ایک ایک کیپسول صبح کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے اور رات کو کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد۔ رات کو دوائی کھانے کے بعد کوئی چیز نہیں کھانی۔

سورۂ فاتحہ اور درود ابراہیمی کا کمال

میری بچی کا اس کے سسر اور ساس نے جینا حرام کیا ہوا تھا چار دفعہ اول و آخر درود ابراہیمی فجر کے فرضوں کے بعد میری بچی پڑھتی رہی' کچھ ہی عرصے بعد میری بچی خوشحال ہوگئی اور سسر ساس نے تنگ کرنا چھوڑ دیا۔ میری ایک بھانجی کے خاوند نے دوسری شادی کرلی اس بچی نے ایک ماہ پڑھا پہلے اسے یقین نہیں آتا تھا اس کے خاوند نے آخر اس فاحشہ عورت کو طلاق دے دی اس کا خاوند راہ راست پر آگیا۔ ایک اور فائدہ ہوا کہ بھانجی پانچ وقت کی نمازی بن گئی۔ میرے ایک دوست کی بیوی فوت ہوگئی وہ ایک جگہ شادی کرنا چاہتا تھا' حرام نہیں کرنا چاہتا تھا۔ اس بچی نے اس کے پیغام نکاح کو قبول کرلیا آخر باعزت شادی ہوگئی۔ سورۃ فاتحہ چالیس بار نماز فجر کے بعد پڑھی چالیس دن۔ (ہر جائز مقصد کیلئے)

گیارہ سال سے ایک کیس تھا سورۃ الفاتحہ سے کامیابی ہوئی' کیس میں پانچ آدمی تھے سب بری ہوگئے۔ ایک دوست کا زمین کا مقدمہ سپریم کورٹ میں تھا۔ اس نے خود اس کی بیوی بچوں سب نے پڑھے۔ مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں آیا۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ قصد کا تصور ہو' 313 بار پڑھیں۔ ہر جائز مقصد کیلئے۔ (بحوالہ جلد عبقری جلد 5)

سیدھے راہ کی تلاش: اگر کوئی سیدھے سے راہ سے بھٹک گیا ہو اور اس کو سیدھے راستے پر واپس لانا ہو تو اس کا تصور کر کے روزانہ 313 مرتبہ سورۃ الصفت کی آیت نمبر 118 پڑھے۔

بچوں کا صفحہ

بچو! ہمیشہ اپنے سے کم حیثیت کو دیکھو اور شکر خدا کرو

امی نے بات کاٹ کر کہا: ناشکری کی باتیں منہ سے نہ نکالو اپنے نیچے لوگوں کی طرف دیکھو اپنے سے اونچے لوگوں کو نہ دیکھو اگر تم ان پر نظر دوڑاؤ گی جو ہم سے بھی غریب ہیں تو تمہیں ایک سکون سا نصیب ہوگا برخلاف اس کے اپنے سے امیر لوگوں کو دیکھنے سے دل میں حسد پیدا ہوتا ہے

کالج سے آتے ہی امبر نے کتابیں میز پر پھینکیں اور دھم سے بستر پر گر پڑی' امبر کا سر چکرا رہا تھا اور تھکاوٹ سے جسم چور تھا' امی نے گھبرا کر پوچھا: ''کیا بات ہے؟ طبیعت تو ٹھیک ہے آج بہت دیر کر دی تم نے؟ کیا کالج میں کوئی فنکشن تھا؟ نہیں امی! فنکشن وکشن کچھ نہیں تھا' امبر نے اکتائے ہوئے لہجے میں جواب دیا' کالج کی بس خراب تھی' امی نے پیار سے میری طرف دیکھا اور بسوں کا تو آپ کو پتہ ہی ہے؟ امبر نے پھر کہا: اول تو کوئی آتی ہی نہیں' بھولے سے کوئی آتی ہے تو اس میں پاؤں رکھنے کی جگہ نہیں ہوتی یہ کیا مصیبت ہے؟ امی مسکرانے لگیں: علم حاصل کرنے کیلئے قربانیاں تو دینی پڑتی ہیں' تمہارا زمانہ تو پھر بھی اچھا ہے۔ بسیں' ویگنیں' رکشے ہیں۔ ذرا ان لوگوں کی حالت کا اندازہ لگاؤ جب نہ بسیں چلتی تھی نہ ویگنیں اور نہ ہی رکشے تھے کئی کئی میل لوگ ٹھٹھرتی ہوئی سردیوں اور جھلسا دینے والی گرمیوں میں علم کی پیاس بجھانے کیلئے پیدل چلتے تھے۔ امی تھوڑی سی خاموشی کے بعد بولیں: پھر تم اکیلی تو ہو نہیں' ہزاروں لڑکیاں روزانہ اس کیفیت سے دوچار ہوتی ہیں' امی جو کچھ کہہ رہی تھیں وہ درست تھا لیکن مجھے جو چیز ہر وقت بے چین رکھتی تھی وہ میں نے امی سے کہہ ہی دی' آپ ٹھیک کہتی ہیں امی! امبر نے کہا: لیکن بعض لوگ کتنے خوش نصیب ہوتے ہیں انیلا ہے نا میری کلاس فیلو' اتنی امیر ہے کہ تین تین گاڑیاں ہر وقت ان کے گھر پر کھڑی رہتی ہیں اور ایک میں ہوں کہ' امی نے بات کاٹ کر کہا: ناشکری کی باتیں منہ سے نہ نکالو اپنے نیچے لوگوں کی طرف دیکھو اپنے سے اونچے لوگوں کو نہ دیکھو' اگر تم ان پر نظر دوڑاؤ گی جو ہم سے بھی غریب ہیں تو تمہیں ایک سکون سا نصیب ہوگا برخلاف اس کے اپنے سے امیر لوگوں کو دیکھنے سے دل میں حسد پیدا ہوتا ہے اور زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔ امی کا سمجھانے کا انداز بڑا اچھا تھا۔ ان کی باتیں امبر کے دل میں اترتی جارہی تھیں۔ انہوں نے پھر کہا: تمہاری کلاس میں ایسی بھی لڑکیاں ہوں گی جن کے پاس رکشہ تو کیا بس کے کرائے کے پیسے بھی نہیں ہوں گے۔ وہ بے چاری کس طرح کالج سے آتی جاتی ہوں گی۔ ہاں امی! ثمینہ بے چاری تو پیدل ہی چار کلومیٹر چل کر آتی ہے اور جاتی ہے۔ تمہیں تو اس پر رشک کرنا چاہیے' امی نے کہا۔ علم حاصل کرنے کیلئے اسے کسی تکلیف کی پرواہ نہیں۔ امی خاموش ہو گئیں مگر امبر کے دل کی کایا پلٹ چکی تھی۔ اس نے دل میں تہیہ کر لیا کہ کبھی ناشکری نہیں کرے گی اور میں بھی علم حاصل کرنے کیلئے ہر مشکل کا مقابلہ کرنے کا عزم کر لیا۔

ہے زندگی کا مقصد اوروں کے کام آنا

میں اور انور بچپن کے دوست تھے' ہمارے گھر ایک ہی محلے میں تھے' ہم دونوں ہم جماعت بھی تھے۔ پڑھائی میں ہم دونوں اچھے تھے۔ شام کو ہم اکٹھے گھر کے نزدیک پارک میں کرکٹ کھیلنے جاتے۔ انور بہت سادہ طبیعت کا مالک تھا۔ اس میں دوسروں کی مدد کا جذبہ بہت تھا۔ کلاس کے لڑکوں کو اس کی عادت کا علم تھا' اس لیے وہ اکثر کوئی نہ کوئی بہانہ کر کے اس سے اپنے کام کروا لیتے۔ میں انور کو سمجھاتا رہتا مگر اس پر کوئی اثر نہ ہوا وہ ہمیشہ دوسروں کی مدد کیلئے تیار رہتا۔ وہ ایک کھاتے پیتے گھرانے کا چشم و چراغ تھا' اس لیے روپے پیسے کی اسے کوئی کمی نہ تھی۔ میرے والد ایک ایماندار سرکاری ملازم تھے اور ہمارا گزارا صرف تنخواہ پر ہوتا تھا۔ میں بڑا ہو کر دولت مند بننا چاہتا تھا۔ وقت گزرتا رہا' یونیورسٹی سے فارغ ہونے کے بعد انور اپنے والد کا کاروبار سنبھالنے لگا اور مجھے اس نے اپنے آفس میں ایک اچھی ملازمت دے دی لیکن میں بہت جلد امیر آدمی بننا چاہتا تھا اس لیے میں نے انور سے پانچ لاکھ روپے ادھار لیے اور بیرون ملک چلا گیا میں نے دن رات محنت کی' پہلے چھوٹی موٹی نوکریاں کیں' بھوکا رہا' بے گھر رہا' زندگی کی تلخیاں سہیں مگر ہمت نہ ہاری۔ آخر دھیرے دھیرے میرا کاروبار بڑھتا چلا گیا۔ پہلے پہل تو انور سے میرا رابطہ رہا' پھر آہستہ آہستہ میں اپنے کام میں اتنا مصروف ہو گیا کہ کوئی دوست یاد نہ رہا۔ بیس سال گزر گئے۔ اب میں ایک بڑے کاروبار کا مالک تھا۔ اب میرے پاس وہ سب کچھ تھا جس کی میں نے خواہش کی تھی۔ بیس سال بعد اچانک ایک کام کے سلسلے میں مجھے پاکستان واپس آنا پڑا تو میں اپنے کئی دوستوں سے ملا۔ ان سے میں نے انور کے بارے میں پوچھا تو میں اس کے دفتر پہنچ گیا۔ دفتر کی عمارت بہت عالیشان تھی' مجھے اس کا کمرہ دیکھ کر بہت حیرت ہوئی۔ نہایت سادہ کمرہ تھا۔ میں نے وہاں موجود ایک ملازم سے پوچھا ''انور صاحب کا کمرہ یہی ہے'' ملازم نے جواب دیا: ''جی ہاں جناب! وہ ابھی آئے نہیں ہیں' ان کا فون آیا تھا کہ راستے میں ایک سائیکل والے کو ایک کار والا ٹکر مار گیا ہے وہ اسے لے کر ہسپتال جارہے ہیں' میں کچھ سوچ کر ہنس پڑا ''تمہارے صاحب شروع سے ہی ایسے ہیں'' میں نے پوچھا: ''تمہارے صاحب کہاں رہتے ہیں' میں ان سے گھر پر ہی مل لوں گا'' ملازم نے ایک کاغذ پر انور کے گھر کا پتہ لکھ دیا' میں باہر آگیا۔ میں نے اپنی سوچ اور کردار کا انور سے موازنہ کیا تو میں اپنی نظروں میں گر گیا۔ میں نے ساری زندگی کیا کیا تھا؟ صرف آسانیاں اور راحتیں حاصل کرنے کیلئے دولت کے پیچھے بھاگتا رہا اور انور اپنے لیے آخرت کی دولت کما رہا تھا۔ میرے آنسو چھلک پڑے۔ کاش! میں انور کے نقش قدم پر چلتا۔ سچ سچ دولت مند وہ تھا اور میں آج بھی مفلس ہوں۔ وہ اچھے اعمال کی دولت سے مالا مال تھا اور لوگوں کی دعائیں سمیٹ رہا تھا۔ ضرورت مندوں کے کام آنے والے ہی کامیاب ہوتے ہیں' دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ (انتخاب: سانول چغتائی' رانجھو چغتائی' اماں زیبو چغتائی' بھورل چغتائی' احمد پور شرقیہ)

یاحفیظ سے حفاظت و برکت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا پچھلے سال بہت برا ایکسیڈنٹ ہوا تھا مگر یَاحَفِیظُ کی برکت سے میں اور جس رکشے میں میں کالج جاتی ہوں وہ رکشے والے انکل بھی محفوظ رہے۔ میں جب بھی رکشہ میں سوار ہوتی ہوں گیارہ مرتبہ یاحفیظ پڑھ کر پورے رکشہ پر دم کر دیتی ہوں۔ دوسرا مشاہدہ جو ہوا وہ یہ کہ رکشے والے انکل کو میں نے یَاحَفِیظُ کا بتایا وہ انکل اب سارا دن رکشے میں بیٹھے یَاحَفِیظُ پڑھتے رہتے ہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ اللہ نے انہیں اس لفظ کی بہت سی برکات عطا کی ہیں۔ اب انہیں سواری بہت جلد مل جاتی ہے۔ رزق میں بہت برکت ہے۔ رکشا اب بہت کم خراب ہوتا ہے۔ (ب۔آ)

(بقیہ: جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کیلئے کچھ مشورے)

ہارموز شفاء خاتون شفاء اعتماد سے استعمال کریں۔ ☆ انڈہ، تلی ہوئی چیزوں، بڑا گوشت، تیز مرچ مصالحے بریانی، ماش کی دال، گھی اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔ ☆ املی کے بیج کو بھون کر اس کا چھلکا الگ کر دیں، پھر ان کا باریک سفوف بنا کر اس کے وزن کے برابر شکر ملا کر رکھیں، کھانے کا ایک چمچ صبح نہار منہ اور پھر رات کو سونے سے قبل لیا جائے۔ ☆ کیکر کی گوند اور املی کے بیج برابر مقدار میں لے کر ان کا باریک سفوف تیار کر لیا جائے اس سفوف میں ہم وزن شکر ملا کر رکھیں۔ صبح اور سوتے وقت ایک ایک چائے کا چمچ پانی کے ساتھ نوش کریں۔ ☆ آم کی گٹھلی کا مغز 20 گرام لے کر ہلکی آنچ پر بھونیں پھر اس کا باریک سفوف بنا کر ہم وزن شکر ملائیں صبح اور رات کو سوتے وقت کھانے کا ایک چمچ نوش کیا جائے۔ ☆ نیم کے درخت کا چھلکا 3 گرام، کتھ سفید 3 گرام، مازو سبز 36 گرام، تمام ادویہ کا باریک سفوف بنالیں، 3،3 گرام صبح و شام پانی سے لیں۔ لیکوریا اور رحم کے جملہ امراض کا روحانی علاج: هوالامرهی عمانویل بحق یاحی یاقیوم یابادی المصور فی لارحام ☆ رحم کے امراض (جن میں رسولی بھی شامل ہے) کیلئے مندرجہ بالا تعویذ گلے میں پہنائیں۔ شدت کی صورت میں ایک تعویذ روزانہ صبح نہار منہ چالیس روز تک پانی میں دھو کر پئیں یا پلائیں۔

مجھے جاگتی آنکھوں سے جنات نظر آتے ہیں

(ن ن)

ایک دن یونہی مذاق میں ہم نے بات کی کہ ”تم رات میں چوروں کی طرح کیوں آتے ہو؟“ تو دوسرے دن صبح دس بجے بھابی کو دورہ پڑ گیا اور کہنے لگے لو ہم لوگ آج دن میں بھی آ گئے ہیں کیونکہ تم لوگ خود ہی کہتے ہو کہ چوروں کی طرح رات میں آتے ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ہاتھ میں عبقری کا رسالہ ہے جو کہ جنوری 2011ء کا ہے یہ رسالہ مجھے ایک دوست سے ملا ہے‘ رسالہ پڑھ کر مجھے بہت حوصلہ ہوا اور مایوس دل کو اطمینان ملا اور ایمان کو قوت نصیب ہوئی کہ ابھی یہ زمین اللہ کے محبوب بندوں سے خالی نہیں ہوئی کچھ اللہ کے بندے ابھی بھی ہیں جو دل میں انسانیت کے لیے تڑپ رکھتے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! ہمارے گھرانے میں کچھ عرصہ سے جنات نے اودھم مچائے رکھا جس کی تفصیل درج ہے:۔ ہم ایک چھوٹے سے گاؤں میں رہتے ہیں۔ میرے والد کھیتی باڑی کرتے ہیں اور بھائی سرکاری ملازم ہیں۔ ہم تمام بھائی بہن ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔ آج سے ایک سال پہلے کی بات ہے کہ ہم لوگ کمرے میں بیٹھے تھے‘ بچے کھیل رہے تھے کہ بھابی بھی اسی کمرے میں آ کر لیٹ گئیں‘ اچانک ہی اٹھ کر بھابی نے چیخنا شروع کر دیا‘ چیخیں اتنی زوردار تھیں کہ ہمارے دل دہل گئے‘ ہم حیران و پریشان‘ ان کو آوازیں دے رہے تھے مگر وہ کسی کی آواز نہیں سن رہی تھیں‘ بس صرف چیختی‘ کبھی اٹھتی‘ کبھی بیٹھتی اور بیڈ کے نیچے ہاتھ مارتی‘ صوفوں کے نیچے جھانکتی اور ہم تینوں ماں بیٹیاں اسے پکڑنے میں ناکام تھیں۔ اسی کیفیت میں آدھا گھنٹہ گزرا‘ اتنی دیر میں گاؤں ہی کے ایک امام مسجد کو ابو بلا کر لے آئے۔ جب امام صاحب گھر میں پہنچے تو ان کی آواز سنتے ہی اسی وقت ہوش میں آ گئی اور آرام سے بیٹھ گئی اور حیرت سے ہماری طرف دیکھنے لگی کہ کیا ہوا ہے کیوں پریشان ہو؟ جب قاری صاحب نے دم کیا اور پوچھا کہ کیوں چیخ رہی تھی کیا دیکھا تو کہنے لگی کہ جب میں بیٹھی ہوں تو ابھی پوری طرح آنکھ بھی نہیں لگی کہ مجھے چار آدمی نظر آئے جو چاروں طرف سے مجھے گھیرے ہوئے ہیں‘ میں ان سے بچ کر نکلنا چاہتی ہوں‘ کبھی اٹھتی ہوں‘ کبھی بیٹھتی ہوں لیکن کوئی راستہ نہیں مل رہا‘ بڑی دیر بعد ان سے بچ کر نکلی ہوں تو آگے سمندر ہے جو مجھے اپنی طرف کھینچ رہا ہے اور میں چیختی ہوں‘ دوڑتی ہوں‘ اس کے بعد مجھے ہوش آ گیا۔ محترم حضرت حکیم صاحب! اس کے بعد پورے 28 دن گزر گئے کوئی دورہ نہیں پڑا لیکن خواب میں کچھ لوگ نظر آتے رہے‘ جنہوں نے چادر نما ٹوپیاں پہن رکھی تھیں اور وہ ٹوپیاں اتنی لمبی تھیں کہ ان کے پاؤں تک پہنچ رہی تھیں۔ پھر اٹھائیس دن کے بعد رات کو دورہ پڑ گیا اور ہلکی ہلکی چیخیں سننے سے ہماری آنکھ کھلی‘ پھر انہی قاری صاحب سے دم کروانے کے بعد بیس منٹ میں ہوش آ گیا۔ اگلے دن ہم انہیں شہر کے ایک بڑے قاری صاحب کے پاس لے گئے جنہوں نے دم کیا اور تعویذ وغیرہ دیئے اس کے ہفتہ بعد سے دورہ روزانہ پڑنے لگا اور جاگتی آنکھوں سے بھی جنات نظر آنے لگے پھر بھابی نے ان کے پیچھے دوڑنا شروع کر دیا‘ کبھی بے ہوش ہو جاتیں‘ دورہ اکثر رات کے اوقات میں ہی پڑتا۔ ایک دن یونہی مذاق میں ہم نے بات کی کہ ”تم رات میں چوروں کی طرح کیوں آتے ہو؟“ تو دوسرے دن صبح دس بجے بھابی کو دورہ پڑ گیا اور کہنے لگے لو ہم لوگ آج دن میں بھی آ گئے ہیں کیونکہ تم لوگ خود ہی کہتے ہو کہ چوروں کی طرح رات میں آتے ہو۔ اس کے بعد ہر روز دن میں دو یا تین بار آتے‘ ایک دن بھابی چولہے میں آگ لگانے لگی ابھی چولہا جلایا بھی نہیں تھا کہ بھابی کے کپڑوں کو آگ لگ گئی اور وہ چیخنے لگی‘ اللہ کے فضل سے ہم نے آگ پر قابو پا لیا۔ اس کے بعد جب بھی میری بھابی اب چولہے کے پاس جاتی ہے ان کو خود بخود آگ لگ جاتی۔ اب یہ کیفیت تھی کہ ہمارے گھر میں ان کو روزانہ دن میں دو یا تین مرتبہ دورہ پڑتا یعنی جنات کی حاضری ہوتی مگر جب اپنے میکے جاتی تو پندرہ بیس دن بعد دورہ پڑتا‘ یہ تو بھابی کی کیفیت تھی اب میں اپنی طرف آتی ہوں‘ ایک دن میں کھڑی تھی تو اچانک میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے تمام جسم ٹھنڈا ہو گیا‘ خوف محسوس ہونے لگا اور جسم میں ایک تھرتھری سے مچی رہتی ہے۔ ہنسنے‘ بولنے کو دل نہیں کرتا‘ دل پریشان رہتا‘ دھڑکن تیز ہو جاتی‘ کوئی کام کرنے کو دل نہیں کرتا‘ ٹانگیں کانپتی رہتیں‘ جب چلتی تو ایسے لگتا کوئی میرے پیچھے ہے اور مجھے دبوچ لے گا اور کبھی یونہی رونے کو دل کرتا‘ کبھی بیٹھے بیٹھے ایسا لگتا ہے کوئی چیز سر کے اندر چلی گئی ہے اور کبھی ایسا لگتا ہے کہ کوئی چیز سر کے اندر چلی گئی ہے۔ کبھی سوتے میں جسم پر وزن پڑ جاتا‘ نہ میں ہل سکتی نہ ہی بول سکتی اور جسم کانپتا محسوس ہوتا‘ (باقی صفحہ نمبر 33 پر)

سرراہ مجلس کے آداب

مخدوم یوسف عزیز

آداب کی رو سے رستے سے گزرنے والے آدمی کو بیٹھے ہوئے آدمیوں کو سلام کرنے میں پہل کرنے کا حکم ہے

حضرت سعید الخدری سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”خبردار راستوں کے کناروں پر نہ بیٹھا کرو‘‘ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہ اجمعین نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اپنی ان مجلسوں سے چارہ نہیں‘ ہم ان میں باتیں کرتے ہیں‘‘ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”اگر نہیں رہ سکتے تو راستے کا حق ادا کیا کرو‘‘ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا: ”یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم راستے کا حق کیا ہے؟‘‘ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”آنکھ جھکانا اور ایذا روکنا اور سلام کا جواب دینا اور نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا‘‘۔ نشست گاہیں بالعموم سرراہ ہوتی ہیں ان میں کچھ نقصان ہیں مثلاً: گزرنے والوں پر نگاہ رہتی ہے‘ ان میں عورتیں بھی ہوتی ہیں انہیں گزرنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ بعض دفعہ نشست گاہ میں جھاڑو لگا کر کوڑا باہر پھینک دیا جاتا ہے لیکن اگر کسی مجبوری سے نشست گاہ سرراہ ہی ہو تو عورتوں کے گزرتے وقت نگاہ نیچی کر لی جائے یا پھیر لی جائے‘ کوئی ایذا رساں چیز سرراہ نہ پھینکی جائے‘ آنے جانے والے سلام کریں تو اس کا بلند آواز میں جواب دیں‘ آداب کی رو سے رستے سے گزرنے والے آدمی کو بیٹھے ہوئے آدمیوں کو سلام کرنے میں پہل کرنے کا حکم ہے اگر انہیں جواب نہ دیا جائے تو دل شکنی ہوگی۔ اس کے علاوہ نشست گاہ والوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اگر راہ چلنے والوں میں کوئی اعتراض کی بات دیکھیں تو نہایت سلجھے ہوئے طریقے سے اسے منع کریں۔ اپنی مجلس میں ناشائستہ کلام نہ کریں بلکہ ایسی گفتگو کریں کہ کوئی اگر اسے سن لے تو اس کا دل اچھائی کی طرف مائل ہو اور ہرگز ایسا کلام نہ کریں جو دائرہ اسلام یا دائرہ اخلاق سے باہر ہو‘ ہمیشہ ایسی بات کریں جو سچی اور اسلام کے متعلق ہو۔

اقوال حضرت علی کرم اللہ وجہہ

☆ علم وہ شجر ہے جو دل میں اگتا ہے‘ دماغ میں پھلتا ہے اور زبان سے پھل دیتا ہے۔ ☆ کمزور کا یہی زور چلتا ہے کہ وہ پیٹھ پیچھے برائی کرے۔ ☆ اپنے بھائی کو مخلصانہ نصیحت کرو اسے اچھی لگی یا بری۔ (نفیسہ ادریس‘ واہ کینٹ)

سودی کمپنی میں ملازمت اختیار کی اور بربادی ہی بربادی

میری اس بات پر اس افسر نے انتہائی گندی زبان استعمال کی اور میری ڈاڑھی کو اتارنے کے بارے انتہائی غلیظ جملہ کہا جو لکھتے ہوئے بھی میرے ہاتھ کانپ رہے ہیں۔ میں اور دوسرے افسر سب کچھ سنتے رہے مگر اس کے آگے کوئی بول نہ سکا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دعا ہے کہ اللہ رب العزت آپ کے درجات مزید بلند کرے۔ آمین! عرض یہ ہے کہ میں ایک سرکاری ادارے میں بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر ملازم ہوں اور الحمدللہ اپنے تمام فرائض نہایت ایمانداری اور فرض شناسی سے ادا کررہا ہوں۔ میرے ذمے پورے محکمے کے بجٹ کو خرچ کرنا شامل تھا۔ محکمے کی ایک میٹنگ میں دفتر کے افسر اعلیٰ نے 1997ء کے ریکارڈ بارے جو دوران شفٹنگ یا مجھ سے پہلے کسی افسر کی نااہلی کی وجہ سے گم ہو چکا تھا' پوچھنا شروع کیا اور تقریباً ہر افسر کے ساتھ انتہائی بدتمیزی اور غلیظ زبان استعمال کی۔ جب میری باری آئی تو میں نے انہیں نہایت ادب سے کہا کہ جناب یہ ریکارڈ 1997ء کا ہے جبکہ میری پوسٹنگ 2009ء میں ہوئی ہے۔ میری اس بات پر اس افسر نے انتہائی گندی زبان استعمال کی اور میری ڈاڑھی کو اتارنے کے بارے انتہائی غلیظ جملہ کہا جو لکھتے ہوئے بھی میرے ہاتھ کانپ رہے ہیں۔ میں اور دوسرے افسر سب کچھ سنتے رہے مگر اس کے آگے کوئی بول نہ سکا۔ میٹنگ کے بعد میں اپنے کمرے میں آکر بہت پریشان ہوا اور ایسی نوکری جس میں سنت رسول ﷺ کی اتنی شدید توہین کی گئی ہو کو چھوڑنے کیلئے تیار ہو گیا اور اس سلسلے میں میں نے LPR لکھ کر دے دی اگرچہ مجھے میرے ساتھ افسروں نے سمجھایا کہ ایسا نہ کرو لیکن میں بہت پشیمان تھا کہ اس افسر نے میٹنگ میں مجھے بے عزت کیا تو کوئی بات نہیں تھی اس نے سنت رسول ﷺ کی توہین کی ہے' میں ایسے افسر کے زیر اثر ہرگز کام نہیں کروں گا۔ جب میری نوکری چھوڑنے کی درخواست اس کے سامنے پیش ہوئی تو اس نے فوراً ریلیز کرنے کا حکم صادر فرمادیا لیکن جب دو دن بعد میری ذاتی فائل آرڈر کیلئے اس کے پاس گئی تو اس نے فائل کو چار دن کیلئے روک لیا اور مجھے ذاتی طور پر پیش ہونے کا حکم دیا۔ مقررہ دن جب میں ذاتی طور پر پیش ہوا تو اس نے مجھے نوکری چھوڑنے کی وجہ پوچھی حالانکہ وہ مجھ سے پہلے دوسرے ذرائع سے معلوم کرچکا تھا کہ اس کے نامناسب الفاظ کی وجہ سے میں نوکری چھوڑ رہا ہوں۔ لیکن وہ معصوم بنا رہا اور اس نے کسی بھی طریقے سے نہ تو اپنے الفاظ کی معذرت کی اور نہ مجھے احساس دلایا کہ وہ اپنے الفاظ پر شرمندہ/ معذرت خواہ ہے اور آخرکار مجھے ایک بالکل نئے دفتر میں ٹرانسفر کردیا۔ محترم حضرت حکیم صاحب! اللہ کی لاٹھی بڑی بے آواز ہے۔ وہ افسر دفتر سے اپنی گاڑی میں بیٹھ کر مارکیٹ گیا اور اسے وہاں گاڑی سے نکلنا بھی نصیب نہ ہوا اور وہ وہیں بقضائے الٰہی فوت ہوگیا۔ یہ افسر جہاں بھی تعینات ہوا بدتمیزیاں کرتا رہا۔ نوے فیصد لوگ اس کو برے الفاظ سے آج بھی یاد کرتے ہیں۔ (اللہ ہمیں بری موت سے بچائے)

سود ملا پیسا گھر آیا اور بربادی شروع

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھا جاتا ہے' سب گھر والے درس بھی بہت شوق سے سنتے ہیں۔ آپ نے درس میں بتایا تھا کہ اپنے دشمنوں کیلئے بھی دعائیں مانگیں' اللہ کا کرم ہے کہ کوئی دشمن نہیں ہے مگر ہمارے کچھ عزیز جن سے ہماری کچھ کم ہی بنتی ہے ایک دن میں سفر میں تھی کہ بس کچھ ذہن میں آیا میں نے ان کیلئے دعائیں کرنا شروع کردیں اور اللہ سے بھی معافی مانگی اور دعا کی جب کچھ دیر بعد گھر پہنچی تو مجھے عجیب سی خوشی محسوس ہوئی' ایسے محسوس ہوا جیسے کوئی روشنی سی آئی اور میرے دل میں جیسے اللہ کا نام سنہری رنگ سے نقش ہوگیا ہے۔ اس کے بعد سے میری کبھی نماز نہ چھوٹی۔ نیک کاموں کی طرف دھیان ملا' پھر مجھے کوئی بھی چیز پوچھنی ہوتی تو میں اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر اللہ سے پوچھ لیتی اور جیسے مجھے جواب بھی مل جاتا تھا یہاں تک کہ میں کھانے میں مرچ مصالحہ کا بھی اللہ سے پوچھ لیتی ہوں اور بالکل پرفیکٹ رزلٹ ملتا ہے۔ میں کوکنگ کم ہی کرتی ہوں اس لیے اندازہ زیادہ نہیں ہے چیزوں کا لیکن اللہ کا ایسا کرم مجھ جیسی کو مل گیا اور اعمال کا بہت دھیان بھی ملا اور یہ حکم بھی ملا کہ نماز نہیں چھوڑنی۔ یہ سب کچھ ان کو دعائیں دینے سے ملا جو میرے خیرخواہ نہیں تھے۔ بے شک آپ کسی کا بھلا سوچیں گے تو اللہ آپ کا بھلا ضرور کریں گے۔ اگر آپ کسی کا برا سوچیں گے تو آپ کے ساتھ بھی برا ہی ہوگا۔ یہی مکافات ہے۔

اب میں آتی ہوں سود کے بھیانک اثرات کی طرف۔ میرے ماں باپ ماشاءاللہ نیک ہیں۔ ابو کی ریٹائرمنٹ میں صرف پانچ سال ہیں' میرے ابو ایک ادارے میں جاب کرتے ہیں ساری زندگی ہمیں ہر چیز دی ہے ہر خواہش پوری کی ہے' ابو نے تین چار سال پہلے کمپنی سے سود پر "لون" لے کر گھر بنوانا شروع کیا۔ نیچے گودام بنوایا اور اوپر گھر لیکن آج تک گھر پورا ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا۔ گودام بھی تیار ہے لیکن کرائے پر چڑھتا ہی نہیں ہے۔ گھر میں عجیب سی نحوست آگئی ہے' تنگی بہت زیادہ ہوگئی ہے۔ کبھی ہمارے گھر میں لڑائی جھگڑا نہیں ہوا مگر اب ہر وقت لڑائی جھگڑے ہوتے رہتے ہیں۔ ہر کوئی پریشان ہے' اعمال چھوٹنا شروع ہوگئے ہیں۔ کچھ عرصہ سے مجھے ایسا محسوس ہوا کہ یہ سب کچھ اس سود کی وجہ سے ہے۔ (ن،ف)

سود نے زندگی کو دکھوں سے بھر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی' کچھ کمپیوٹر کورسز کیے۔ شادی ہوئی اللہ نے بیٹا دیا۔ ایک جگہ نوکری تھی اچھی خاصی تنخواہ بہت اچھا گزارا ہورہا تھا۔ پھر مجھے ایک ادارہ سے نوکری کی آفر آئی اس کی تنخواہ بھی زیادہ تھی مگر وہ کمپنی سودی کاروبار کرتی تھی۔ میں اس کی کوئی پرواہ نہ کی اور اپنی سابقہ نوکری چھوڑی اور اس کمپنی میں ملازمت شروع کردی۔ مگر وہاں ملازمت شروع کرتے ہی میری نماز میں کمی آگئی اور ایک وقت آیا پانچ وقت باجماعت نماز پڑھنے والا سارا دن کوئی بھی نماز نہ پڑھتا۔ نماز پڑھنا تو دور مجھے نماز کی فکر تک نہ رہی کہ مجھے نماز بھی پڑھنی ہے اور ایک رمضان ایسا بھی آیا کہ میں نے ایک روزہ نہ رکھا۔ میرے گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہوگئے' گھر کا سکون غارت ہوگیا۔ میرے والدین نے مجھے گھر سے نکال دیا میں اپنے بیوی بچوں کو لے کر دوسرے علاقے میں کرائے کے گھر میں شفٹ ہوگیا۔ دفتری حالات خراب ہوئے اور اس کمپنی نے مجھے وہاں سے نکال دیا۔ حالات مزید خراب ہوئے تو ایک سکول میں بطور ٹیچر ملازمت کرلی اور وہ بھی صرف 3500 ماہوار پر۔ ماہانہ چالیس ہزار تنخواہ لینے والا مجبوراً 3500 پر آگیا۔ اب مجھے احساس ہوتا ہے میری بربادی کی اصل وجہ صرف اور صرف "سودی کمپنی" میں کام کرنا ہی تھا۔ جب سے سود ملا پیسہ میرے گھر آیا تب سے میری بربادی شروع ہوئی اور اب تک جاری ہے۔

(بقیہ: امیرالمومنین سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فضائل ومناقب)

آپ کرم اللہ وجہہ کی تدفین کے موقع پر آپ کرم اللہ وجہہ کے بڑے صاحبزادے حضرت حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ نے جو خطبہ دیا اس میں ارشاد فرمایا: "لوگو! تم سے ایک ایسا شخص رخصت ہوگیا جس سے نہ اگلے علم میں پیش قدمی کرسکے' نہ پچھلے اس کی برابری کرسکیں گے۔ رسول اللہ ﷺ اس کے ہاتھ میں اسلام کا جھنڈا دیا کرتے تھے اور اس کے ہاتھ پر فتح نصیب ہوجاتی تھی انہوں نے چاندی سونا کچھ نہیں چھوڑا' صرف اپنے وظیفے میں سے 700 درہم ورثا کے لئے چھوڑے ہیں"۔ قارئین کرام! یہ آپ کے زہد کی ایک ادنیٰ مثال ہے۔ دوسری طرف آپ کرم اللہ وجہہ کی سخاوت بھی ضرب المثل کی حیثیت رکھتی ہے۔ 40 ہزار دینار سالانہ تو صرف آپ کرم اللہ وجہہ زکوٰۃ کی مد میں ادا کیا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ مسلمانان عالم کو اسد اللہ الغالب حضرت سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! (بشکریہ الختم نبوۃ)

پیپرز میں آسانی کیلئے: کسی کے پیپرز سر پر ہوں اور تیاری بالکل بھی ہو نہ ہو تو تیاری کرنے کے ساتھ کمرہ امتحان میں جانے سے پہلے سورۂ انفال کی آیت نمبر 62 سات مرتبہ پڑھے۔

سانس بند کر کے زم زم پڑھنا شروع کر دیا

قارئین! درج ذیل مشاہدات لوگوں کے آزمودہ ہیں جو وہ ہر جمعرات کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس کے بعد ہونے والی ''مجالس مجذوبی'' میں بتاتے ہیں۔ ان مشاہدات پر اب تک تین کتابیں وجود میں آچکی ہیں۔ ''مجالس مجذوبی'' ''عرشی وظائف کے موجودہ زمینی حقائق'' ''مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟'' کے نام سے دفتر ماہنامہ عبقری سے حاصل کر سکتے ہیں۔

گناہوں سے نجات کیلئے: روزانہ سحری کے وقت اٹھ کر دو رکعت نماز تہجد ادا کریں ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین، تین بار سورۂ اخلاص پڑھیں اور تہجد نماز کے بعد ستر بار یَاوَهَّابُ پڑھ کر ہاتھ پھیلا کر عاجزی کے ساتھ گریہ وزاری کریں' گڑگڑا کر اپنے گناہوں سے معافی مانگتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کا سوال کریں' جب فجر کی اذان سنیں تو اذان کا جواب دیں اور لاکھوں نیکیاں کمائیں اور اذان کے بعد کی دعا یاد ہو تو ضرور پڑھیں۔ (ثوبیہ خان)

سورۂ یٰسین کے عمل کے کمالات: میں نے ایک بندے سے پیسے لینے تھے اور سورۂ یٰسین والا عمل کیا۔ عمل صرف دو یا تین بار ہی کیا تھا کہ وہ بندہ جو پیسے دینے سے بالکل انکاری تھا ایک ہفتے کے اندر پیسے خود گھر پر آکر دے گیا۔ میں نے انٹرشپ کیلئے ایک یا دو دن عمل کیا تھا اور مجھے بغیر کسی سفارش کے ایسی جگہ انٹرشپ ملی جہاں ملنا بہت مشکل تھی۔ (عدیل گوندل' مشاہد خان)

بیٹے کا داخلہ سورۂ یٰسین کے عمل سے ممکن ہوا: پچھلے سال میرے بیٹے کا USS کالج میں داخلہ نہیں ہو رہا تھا' تین بار سورۂ یٰسین پڑھی اور جب سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ اور اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ کو تین بار پڑھیں اور دعا میں کہیں کہ یا اللہ نماز عبادت کا دل ہے اور سورۂ یٰسین قرآن کا دل ہے میں آپ سے ان دونوں کے وسیلے سے دعا کر رہی ہوں' آپ قبول فرمائیں۔ میں نے یہ عمل چند بار ہی کیا کہ میرے بیٹے کا حیران کن طور پر یو ایس ایس کالج میں داخلہ ہو گیا۔ مجھے جو بھی حاجت ہو میں یہی عمل کرتی ہوں۔ (نائلہ مشہود)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سورۂ یٰسین کے عمل کے بارے میں میں اپنا تجربہ عبقری قارئین سے شیئر کرنا چاہتی ہوں۔ میں نے پچھلے سال جس بھی مسئلے کیلئے سورۂ یٰسین کا عمل کیا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مجھے سو فیصد اس کا رزلٹ ملا۔ الحمدللہ! جب میں یٰسین تین بار دہراتی تھی تو بہت زیادہ توجہ اور کیفیت کے ساتھ جب سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ اور اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ کو دہراتی تھی تو اس کے مطلب کو ذہن میں رکھ کر دہراتی تھی اور اس یقین کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ نے کہہ دیا ہے ہو جا تو میرا کام ہو گیا ہے۔ اس عمل کے بعد ایسے مطمئن ہو جاتی تھی کہ جیسے میرا کام ہو گیا ہے اور واقعی ہی میرا مسئلہ حل ہو جاتا تھا۔ بہت ہی لاجواب عمل ہے۔ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ (طاہرہ ظفر)

امتحان میں کامیابی: دو نفل پڑھنے کے بعد تین بار سورۂ یٰسین پڑھنے سے مجھے امتحان میں کامیابی ملی ہے۔ میری قارئین عبقری سے درخواست ہے کہ کسی بھی امتحان سے پہلے سورۂ یٰسین والا عمل لازمی کریں۔ (عدیل اکرم)

زم زم کے عمل کا کرشمہ: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اس واقعہ کو ایک سال سے زیادہ ہو چکا ہے۔ پچھلی بقرہ عید پر پانچ جانوروں کو ذبح کیا تو میری ایک انگلی پر چھری سے تھوڑا گہرا کٹ لگ گیا اور خون نکلنے لگا۔ میں نے پٹی کی اور کام کرنے لگا۔ شام کو تقریباً تین گھنٹے بعد گھر آکر پٹی کھولی تو خون اسی تیزی سے باہر آنے لگا' میں نے دوائی لگائی اور دوبارہ پٹی کر لی۔ رات کو بارہ بجے کے قریب پھر پٹی کھولی تو پھر سے خون اسی سپیڈ سے باہر آنے لگا۔ پھر پٹی کی اور سو گیا۔ عید کے دوسرے دن ایک جانور ذبح کرنا تھا لیکن انگلی نے کام نہ کرنے دیا پھر بھی لگا رہا' جانور ذبح کیا اور کھال اتاری اور گھر کے اندر لے گیا۔ ناشتہ کرنے کیلئے ہاتھ دھونے کیلئے پٹی اتاری' ہاتھ دھوئے اور دسترخوان پر بیٹھ گیا۔ خالہ زاد بھائی نے کہا یہ خون کس کا ہے؟ میں نے انگلی دیکھی تو وہ خون سے بھری تھی۔ دوسرے خالہ زاد بھائی نے کہا ''زم زم'' پڑھ کر دم کریں' میں نے انگلی صاف کی اور سانس بند کر کے زم زم پڑھنا شروع کر دیا' جب میری سانس پھولنے لگی تو پھر انگلی پر دم کر دیا۔ اس کے بعد خون نہیں نکلا۔ انگلی تھوڑی سی سوج گئی تھی میں نے اس کو دبایا کہ جو خون جما ہوا ہے وہ نکل جائے مگر خون نہیں نکلا صرف تھوڑا سا پانی نکلا۔ اس کے بعد کوئی پٹی نہیں کی اور نہ ہی دوائی لگائی اور پورے جانور کا گوشت بھی بنایا' کئی بار ہڈی کی نوک زخم کے اوپر لگی' درد تو بہت ہوا مگر پھر خون نہیں نکلا۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے بتایا تھا زم زم پڑھ کر دم کرنے سے پانی خون اور تیل اور کسی بھی چیز کا بہاؤ روکا جا سکتا ہے۔ (مدثر خان)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: مکی احمد پوری

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد مبارکہ: ''اے اہل بیت! اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے (ہر طرح کی) آلودگی دور کر دے'' کے بارے میں کہا ہے کہ یہ آیت مبارکہ پانچ ہستیوں حضور نبی اکرم ﷺ' حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا' حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی۔ (طبرانی)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: لوگ جدا جدا نسب سے تعلق رکھتے ہیں جبکہ میں اور علی ایک ہی نسب سے ہیں۔ (طبرانی) حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ غزوہ خیبر کے روز حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قلعہ خیبر کا دروازہ اٹھا لیا یہاں تک کہ مسلمان قلعہ پر چڑھ گئے اور اسے فتح کر لیا اور یہ آزمودہ بات ہے کہ اس دروازے کو چالیس آدمی مل کر اٹھاتے تھے۔ (امام ابن ابی شیبہ)

محبوب خدا ﷺ کا محبوب بننے کا خصوصی عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ربیع الاول کا مبارک مہینہ آچکا ہے۔ ہر طرف درود و سلام کی صدائیں مزید بلند ہو رہی ہیں۔ میں آج قارئین کو ایک ایسا ہدیہ دے رہا ہوں جس کو کرنے کے بعد آپ حضور نبی کریم ﷺ کے محبوب بن جائیں گے۔ انشاء اللہ۔ اس کو کرنے والا سکون قلب کی دولت سے مالا مال ہو جاتا ہے' اگر کوئی مشکل حل ہونے کا نام نہ لیتی ہو تو باوضو ایک وقت متعین پر روزانہ 313 بار پڑھ کر اللہ پاک سے دعا مانگیں' مخلوق میں ممتاز ہونے کیلئے ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ پڑھیں۔ حضرت میاں شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ شرقپور شریف والے اس درود پاک کو کثرت سے پڑھا کرتے تھے اور دوسروں کو پڑھنے کی خصوصی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ درود پاک یہ ہے:۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

ہمیں آقا دو جہاں نبی کریم ﷺ کی محبت صرف اسی صورت میسر آسکتی ہے جب ہم آقا ﷺ سے محبت کے دعوؤں کے ساتھ ان کی ہر ہر سنت پر دل و جان اور محبت سے عمل کریں۔ (بشیر احمد رانا' اسلام آباد)

سچا دوست وہی ہے: حضرت علی کرم اللہ وجہہ ارشاد فرماتے ہیں کہ دوست رشتہ دار کی طرح ہے، سچا دوست وہی ہے جو مصیبت میں تیرا حقِ دوستی ادا کرے۔

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

تیز بارش: میں نے خواب دیکھا کہ میری والدہ مجھے ایک گھر کے اندر لے جاتی ہیں اور صوفے پر بٹھاتی ہیں۔ میرے ساتھ میرا کلاس فیلو ''س'' بھی تیار ہو کر بیٹھا ہے۔ مولوی صاحب آجاتے ہیں اور مجھے پتہ چلتا ہے کہ وہ میرا ''س'' کے ساتھ نکاح کر رہے ہیں۔ مولوی صاحب مجھ سے کہتے ہیں کہ کیا تمہیں ''س'' کے ساتھ نکاح قبول ہے؟ تو میں کشمکش میں پڑ جاتی ہوں اور بے چین ہو جاتی ہوں تو وہاں میری دادی امی آجاتی ہیں اور کہتی ہیں یہ نہیں ہو سکتا۔ میری والدہ انہیں چپ کروا دیتی ہیں اور میرا نکاح ہو جاتا ہے۔ پھر منظر بدلتا ہے اور میں ایک بستر پر بیٹھی ہوں۔ میں اٹھ کر کھڑکی کے پاس جاتی ہوں، باہر تیز بارش ہو رہی ہوتی ہے۔ میں رونا شروع کر دیتی ہوں اور کہتی ہوں کہ ''ز'' میں تمہیں حاصل نہ کر سکی۔ (''ز'' وہ انسان ہے جسے میں بہت پسند کرتی ہوں) پھر خواب ختم ہو جاتا ہے۔ (و، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کی دلی مراد پوری ہوگی اور جہاں آپ چاہتی ہیں وہیں پر آپ کا رشتہ طے پا جائے گا۔ واللہ اعلم!

چھلے ہوئے لہسن: میں نے خواب دیکھا کہ میں امید سے ہوں۔ میں اپنے گھر میں ہوں، میری دو بڑی بہنیں میرے ساتھ ہیں۔ اتنے میں دوسرے نمبر والی بہن کوئی کاپی یا رجسٹر دکھاتی ہے۔ اس میں لہسن لکھا ہوتا ہے اور میری بہن برتن میں لہسن نکالتی ہے تو دو تین اضافی نکال لیتی ہے۔ میں کہتی ہوں نہیں زیادہ نہ نکالو مجھے ویسے بھی لہسن پسند نہیں، آٹھ ہی کافی ہیں۔ مجھے ایسا لگتا ہے جیسے کہ ڈلیوری میں لہسن کھانا پڑتا ہے۔ میری بہنیں بھی مجھے شاید یہی کہہ رہی ہوتی ہیں۔ لہسن چھلا ہوا ہوتا ہے۔ پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (صائمہ، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے اور آپ کی بہنوں کے ساتھ بندشوں کی وجہ سے رکاوٹیں پیش آرہی ہیں اور اس وجہ سے رشتے نہیں ہو پا رہے۔ تاہم اس بات کا اشارہ بھی ہے کہ کسی مستند عامل سے بندش کی کاٹ کروالیں تو انشاء اللہ یہ بندش ختم ہو جائے گی، تاہم روزانہ معوذتین 313 بار صبح و شام تمام بہنیں 90 دن تک پڑھ لیں۔ پڑھنے کے بعد دعا کرلیا کریں۔

سبز پری: تقریباً ایک ہفتے سے میں خواب دیکھ رہی ہوں کہ آسمان پر بہت سارے ستارے چمک رہے ہیں اور ان سے کوئی شکل بنی ہوئی ہے۔ مثلاً ایک بار دیکھا کہ بہت سے ستارے مل کر سانپوں کی شکل بنا رہے ہیں، کبھی کارٹونوں کی اور یہ بھی دیکھا کہ آسمان سے ایک پری اتری ہے۔ میں، میری دو بہنیں، ہم تینوں بیٹھی ہوئی ہیں، مگر میں صرف پری سے بات کر رہی ہوں، پھر اچانک کالے رنگ کا بڑا سا کوا آسمان سے آتا ہے، پری سبز اور لال روشنی سے ہمیں اس کوے سے بچاتی ہے۔ میری بہن کے اور میرے دائیں ہاتھ سے بھی روشنی نکل رہی ہوتی ہے۔ (س، مردان)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کسی کام میں سخت رکاوٹ اور پریشانی کے بعد اچانک غیبی مدد پہنچے گی اور وہ کام آسانی سے پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گا۔ آپ سورہ بروج صبح و شام پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

زہریلے سانپ: میں نے خواب دیکھا کہ میں غیر شادی شدہ لڑکی ہوں، میری والدہ (مرحومہ) جوان اور خوبصورت میرے قریب بیٹھی ہیں، ہم دونوں ایک اونچے اسٹیج پر ہیں سامنے کرسیوں پر بہت سے مہمان بیٹھے ہیں، میرے اردگرد میرے بہت پیارے لوگ ہیں۔ ہم جیسے کوئی کامیڈی ٹاک شو کر رہے ہیں، سامنے سب لوگ خوب ہنس رہے ہیں، سامنے اسٹیج کے نیچے دوسری جانب میری انگریزی کی استاد بیٹھی ہیں، اچانک ایک طرف سے میرا اکلوتا بیٹا آتا ہے اور ان کا مذاق اڑانے لگتا ہے۔ (ان کا قد بہت چھوٹا تھا) میں غصے سے نیچے اتر کر بیٹے کو ڈانٹتی ہوں، میری استاد کے پاؤں میں جوتا نہیں ہے، میں ان سے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگتی ہوں اور ان کے پاؤں، ہاتھ سے صاف کر کے اپنے ہاتھوں سے دباتی ہوں۔ وہ مجھے پیار کرتی ہیں، اچانک ایک طرف سے تین سانپ نمودار ہوتے ہیں جن کی لمبائی 3 میٹر سے زیادہ ہے اور موٹائی بھی کافی ہے، تینوں کی رنگت زرد، سنہری اور سیاہ مینا کاری جیسی ہے، میں دایاں ہاتھ بڑھا کر ان تینوں کے سر ایک کے اوپر ایک کر کے اپنی شہادت کی انگلی اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی پہلی ہڈی کے جوڑ سے دبا کر ان کے حلق سے نیچے کس کر پکڑ لیتی ہوں، اس طرح کہ وہ ڈنک نہیں مار سکتے۔ ان کے جسم بھی بے حرکت ہو گئے ہیں لیکن مجھے یہ خطرہ ہے کہ میں نے ہاتھ ڈھیلا چھوڑا تو یہ ڈس لیں گے۔ میں انہیں ویسے ہی دبا کر بھاگتی ہوں کہ کوئی میری مدد کرو، انہیں مار دو، یہ ڈس نہ لیں مگر سارا مجمع چھٹ جاتا ہے، سب بے پروا ہو کر ادھر اُدھر بکھر جاتے ہیں۔ میں بھاگ کر بڑی سڑک پر آجاتی ہوں، کچھ لوگ چارپائیوں پر سوئے ہوئے ہیں، جاگ کر سر اٹھاتے ہیں ان سنی کر دیتے ہیں، اردگرد کھڑے لوگ بھی منہ موڑ لیتے ہیں، میرے خاوند جوان دکھائی دیتے ہیں، وہ بھی پیٹھ موڑ کر کھڑے ہو جاتے ہیں، میں تھک جاتی ہوں، ہاتھ درد کر رہا ہے، تھوڑا ڈھیلا پڑتا ہے تو سانپ کلبلا کر منہ کھولنے لگتے ہیں، مگر وہ تینوں سانپ اچانک منہ کھول کر سرخ اور زرد رنگ کا گاڑھا زہر زمین پر اگل دیتے ہیں اور ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔ وہ زہر اتنی مقدار میں ہے کہ ادھر اُدھر بہنے لگتا ہے۔ میں اونچی آواز میں سب کو خبردار کرتی ہوں کہ دور ہو جاؤ، یہ زہر پاؤں میں نہ لگ جائے۔ میرے خاوند کے پاؤں کی ایڑھیاں ننگی نظر آتی ہیں مگر زہر سے بچی ہوئی ہیں، اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ (سائرہ بانو، راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو اپنے دشمنوں پر مکمل فتح اور کامیابی حاصل ہوگی۔ آپ سورۃ نصر 21 مرتبہ بعد نماز فجر پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم!

کالی عورت: میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک گھر میں داخل ہوتا ہوں، وہاں ایک کالی موٹی عورت ملتی ہے اور مجھے دھمکی دیتی ہے کہ چلے جاؤ ورنہ تم پر الزام لگا دوں گی۔ دائیں بائیں بہت سی بھینسیں ہوتی ہیں، میں وہاں سے نکل آتا ہوں، پھر کسی اور گھر میں داخل ہوتا ہوں، وہاں کے حالات خراب ہوتے ہیں، پھر واپس ایک گلی میں آتا ہوں آگے چل کر پتہ چلتا ہے کہ گلی بند ہے، پھر دوسری اور تیسری گلی میں جاتا ہوں۔ پتہ چلتا ہے کہ وہ گلیاں بھی بند ہیں اور جانے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔ کچھ دن بعد اسی طرح ایک خواب اور دیکھا کہ میں کسی آبادی، گاؤں یا شہر کی فضاؤں میں اڑ رہا ہوں، کافی دیر اڑنے کے بعد آگے سے دیکھتا ہوں میرا راستہ بند ہے اور میں اڑ کر آگے نہیں جا سکتا۔ (محمد مجید، سرگودھا)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے ساتھ اثرات کی وجہ سے بندش لگی ہوئی ہے تاہم آپ حسب توفیق کچھ صدقہ دیں اور بعد نماز عشاء سورہ یونس کی آیت نمبر 81، 313 مرتبہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ یہ عمل کم از کم 90 دن تک کرنا ہوگا۔ واللہ اعلم!

پاؤں کی جلن: پاؤں کی جلن میں سرسوں کے تیل پچاس گرام میں دو ٹکی کافور کوٹ کرڈال دیں اور دھوپ میں رکھ دیں۔ مکس ہوجانے پر پاؤں کے تلوے پر ملیں۔ فائدہ پائیں۔

پوشیدہ

باپ کا کہنا نہ ماننے کی سزا آج بھی بھگت رہی ہوں!

ابو نے مجھے بہت منع کیا کہ بیٹا یہاں شادی نہ کرؤ ہیں تو یہ ہمارے اپنے مگر یہ خود ان کے شوہر اور بیٹیاں تمہیں بہت تنگ کریں گے اور میں یہی جواب دیتی کہ میرے ساتھ یہ لوگ بہت پیار کرتے ہیں۔ شادی کے بعد بھی کریں گے اور میں ان کی کسی بات پر کان نہ دھرتی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ اپنے مسائل آپ کے ساتھ کیسے شیئر کروں؟ عبقری میں دو سال سے پڑھ رہی ہوں اور آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ کی وجہ سے بہت سارے لوگوں کا بھلا ہو رہا ہے' کسی دکھی انسان کا مسئلہ حل ہوتے ہوئے پڑھ کر بہت خوشی ہوتی ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر اور صحت سے نوازے آمین! میرے لیے عبقری اندھیرے میں کسی روشنی سے کم نہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میری شادی ہمارے قریبی رشتہ دار کے گھر ہوئی' شادی سے پہلے یہ لوگ میرے ساتھ بہت پیار کرتے تھے حالانکہ میرے امی ابو نے مجھے بہت منع کیا کہ بیٹا یہاں شادی نہ کرؤ ہیں تو یہ ہمارے اپنے مگر یہ خود ان کے شوہر اور بیٹیاں تمہیں بہت تنگ کریں گے اور میں یہی جواب دیتی کہ میرے ساتھ یہ لوگ بہت پیار کرتے ہیں۔ شادی کے بعد بھی کریں گے اور میں ان کی کسی بات پر کان نہ دھرتی۔ کیونکہ میرے سر پر نام نہاد ''عشق'' کا بھوت سوار تھا اور یوں میری مرضی اور ضد کو دیکھتے ہوئے میرے ماں باپ نے دل پر پتھر رکھ کر میری شادی وہاں کردی۔ شادی والے دن ہی لڑائی ہوگئی میرے سسر نے کہا کہ میں 300 افراد پر مشتمل بارات لاؤں گا۔ میرے والد نے کہا کہ ہم غریب لوگ ہیں میں صرف ڈیڑھ سو افراد کو کھانا کھلا سکتا ہوں۔ آگے تمہاری مرضی' خیر بارات آئی اور میرے سسر نے بارات والے دن کھانا ہمارے گھر کا نہیں کھایا بلکہ بازار سے کھانا منگوا کر کھایا۔ سب نے بہت منت سماجت کی لیکن اس نے نہیں کھایا۔ آج میری شادی کو 11 سال ہوگئے ہیں وہ جو شادی کے پہلے دن سے لڑائی شروع ہوئی تھی اور وہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔ میری ٹینشن میں میری شادی کے ٹھیک ایک سال بعد میرے ابو کی اچانک طبیعت خراب ہوئی اور چند ماہ بیمار رہنے کے بعد میرے ابو فوت ہوگئے۔ حضرت حکیم صاحب! میری زندگی کسی عذاب سے کم نہیں' ہر وقت میرے شوہر کے کان بھرے جاتے ہیں' میرے شوہر مجھے مارتے رہتے ہیں' میں زیادہ تر اپنے میکے میں رہتی ہوں اگر چھ مہینے ماں باپ کے گھر تو دو مہینے سسرال میں رہتی ہوں اور جب بھی سسرال جاتی ہوں تو سسرال والوں کو بہت ناگوار گزرتا ہے کہ یہ اب یہاں پر کیوں رہ رہی ہے' اتنا ظلم کرتے ہیں۔ میرے شوہر کے کان بھر کر مار پڑوا کر گھر سے باہر نکلوا دیتی ہیں۔ پھر میری والدہ آکر لے جاتی ہیں' اب تو گھر والے بھی تنگ آگئے ہیں' وہ بھی کہتے ہیں کہ طلاق لے لو اس روز روز کی ذلت سے تو بچ جاؤ گی۔ میں سوچتی ہوں کہ میرے چھوٹے چھوٹے دو بچے ہیں ان کے مستقبل کا کیا بنے گا۔ اسی ٹینشن میں میرے تین بچے فوت ہوگئے۔ پھر میری امی نے کسی سے میرا علاج کروایا کہ اس کو تو اٹھرا کی بیماری ہے۔ علاج کے بعد ایک بیٹی اور سال بعد ایک بیٹا پیدا ہوا جو اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں۔ اب ماشاء اللہ بیٹی چار اور بیٹا تین سال کا ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میں اپنی زندگی سے تنگ آچکی ہوں' بہت روتی ہوں' ہر وقت ماں باپ کی رخصتی سے پہلے کی نصیحتیں یاد آتی ہیں۔ میں نے اپنے روتے باپ کی بات نہیں مانی تھی' میرے ساتھ یہ جو کچھ ہو رہا ہے سب اسی نافرمانی کا نتیجہ ہے۔ کاش! میں اس وقت اپنے باپ کی بات مان لیتی تو اس عذاب میں مبتلا نہ ہوتی۔ میری قارئین سے گزارش ہے کہ زندگی کا کوئی بھی قدم اپنی مرضی سے نہ اٹھائیں جب تک آپ کے والدین راضی نہ ہوں' اگر والدین کسی بات پر ناراض ہیں تو چاہے آپ کو آگے کیسی بھی جنت نظر آرہی ہو' وہاں نہ جائیں ایسا نہ ہو کہ وہ جنت آپ کیلئے دوزخ بن جائے جیسے میرے ساتھ ہوا۔ میرا نام شائع مت کیجئے گا۔

سات بیماریوں کا ایک علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کافی عرصہ سے کمر میں تکلیف تھی اور گھٹنوں کا بھی درد تھا' بہت علاج کروائے فرق نہ پڑتا اور معدہ کا بھی مسئلہ تھا' میں نے یہ نسخہ استعمال کیا بالکل ٹھیک ہوگیا۔ میں نے یہ نسخہ عبقری کے سابقہ شمارہ فروری 2013 ص 23 پر پڑھا تھا۔ خود بھی ٹھیک ہوا ہوں لوگوں کو دیتا ہوں جس کو بھی دوائی استعمال کروائی اللہ کے فضل سے شفاء ملی' چوتھی مرتبہ دوائی بنانے جا رہا ہوں۔ ھوالشافی: کلونجی 50 گرام' اسپغول چھلکا 50 گرام' شہد 100 گرام۔ کلونجی پاؤڈر کو اسپغول میں مکس کریں اور شہد میں ڈال کر مکس کرلیں دوا تیار ہے۔ (قدرت اللہ' گجرات)

عبقری کی دیوانی کی کچھ باتیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے مجھے عبقری رسالہ ملا ہے میں اپنی کیفیات بیان نہیں کرسکتی۔ میرا تعلق دینی گھرانے سے تھا' میں پڑھی لکھی ہوں' بہت سے اچھے رسائل پڑھے مگر عبقری نے ایسا پیچھے لگایا کہ باقی ہر چیز چھوٹ گئی ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! اللہ تعالیٰ نے میرے اندر بھی تھوڑی یہ صفت رکھی ہے کہ کوئی بھی اچھی چیز دوسروں کو ضرور بتاؤں۔ میں نے بہت سے لوگوں کو عبقری رسالے کی دعوت دی ہے۔ اب جب میں کسی کو ملتی ہوں تو عبقری کا ضرور بتاتی ہوں' موبائل پر سب کو میسج لگا کر دیتی ہوں اور عبقری سے جو میسج آتے ہیں وہ سب کو بھیجتی ہوں اور اب ہر ایک کو عبقری کا دیوانہ بنانا چاہتی ہوں' یقین کریں اس بار جولائی کا رسالہ لائی اور پڑھنے بیٹھی تو اتنی خوشی محسوس ہوئی کہ پہلے میں نے رسالے کو چوما پھر سینے سے لگایا اور پھر پڑھنا شروع کیا' میں نے اپنے شوہر کو بھی عبقری لینے پر مجبور کیا کہ اپنے دفتر میں بانٹیں' اب دفتر والے بھی منگواتے ہیں۔ میرے بھائی نے تو عبقری کے گن گانے کی وجہ سے میرا نام ہی عبقری رکھ دیا ہے۔ وہ یہی کہتے ہیں' ''عبقری'' کا کیا حال ہے۔ میرے شوہر ویسے تو بہت اچھے اور میرا بہت خیال رکھنے والے ہیں مگر ان کی ایک عادت بہت بری لگتی ہے اور وہ ہے بیڈ روم میں ٹی وی۔ میں نے ٹی وی پر بہت احتجاج کیا' حربے آزمائے اور آخرکار خود بھی ٹی وی دیکھنے لگ گئی۔ دل میں خوف بھی ہوتا تھا کہ اللہ تعالیٰ یہ عادت کیسے ہٹاؤں۔ مگر عبقری نے آکر سب کام آسان کردیا۔ اب جب میرے شوہر صاحب کمرے میں آتے ہیں تو سارے عبقری رسالے بیڈ پر پھیلا دیتی ہوں' شوہر آتے ہی چاروناچار خود ہی اٹھا کر پڑھنے لگ جاتے ہیں اور میں انہیں عبقری اور آپ کے درس کے متعلق بتانے لگ جاتی ہوں کہ آپ نے یہ پڑھا وہ پڑھا۔ اسی طرح ٹی وی دیکھنے کا وقت سارا مطالعہ عبقری میں گزر جاتا ہے اور ٹی وی بند ہی رہتا ہے۔ (سائرہ زاہد' راولپنڈی)

روحانی منزل میں ملازمت کا سنہری موقع

روحانی منزل مری کیلئے ایک ایماندار اور مخلص ٹیچر کی ضرورت ہے جو بچوں کو اردو' انگلش پڑھانے کیلئے اپنی خدمت پیش کرے۔ معقول معاوضہ و مراعات دی جائیں گی۔ راولپنڈی اور اس کے قرب و جوار کیلئے سنہری موقع۔ ریٹائرڈ ٹیچر صاحبان بھی اپلائی کرسکتے ہیں۔ بمعہ فیملی زیادہ ترجیح دی جائے گی۔ امیدوار مکمل کوائف عمر تعلیم شہر اور شادی شدہ یا غیر شادی شدہ و دیگر کوائف ڈاک کے ذریعے یا اس نمبر پر میسج کریں۔ 0343-8710009

معذوری کی صورت میں: کان، آنکھ، ٹانگ سے معذور ہونے کی صورت میں سورۃ الاعراف کی آیت نمبر 195 کا کثرت سے ذکر کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ بہترین نعم البدل عطا فرمائے گا۔

خواتین پوچھتی ہیں؟

ام اوراق

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

وٹامن ای: میری بہن جب بھی بیرون وطن سے آتی ہے وہ روزانہ وٹامن ای کھاتی ہے۔ وٹامن ای کن چیزوں میں ہوتا ہے؟ اور اس کے فائدے ہیں یا شوقیہ کھایا جاتا ہے۔ آپ اس بارے میں بتایئے، میں دوائیں نہیں کھاتی بلکہ غذا پر زور دیتی ہوں۔ اپنی بہن کو دیکھ کر حیران ہوں، وہ پابندی سے صبح وشام طرح طرح کے وٹامن کھاتی ہے۔ (راشدہ ندیم)

مشورہ: راشدہ بی بی! آپ اچھا کرتی ہیں دواؤں کے بجائے غذا پر توجہ دیتی ہیں۔ وٹامن ای کھانے سے خون کی رگیں کشادہ ہو جاتی ہیں، یہ خون میں لوتھڑے نہیں بننے دیتی بلکہ انہیں گھلا دیتی ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب کھل کر آتا ہے، دل کیلئے مفید ہے، رگوں کو قوت دیتی ہے، اس کے کھانے سے دل کو توانائی ملتی ہے، زخموں کے داغ گہرے نہیں ہونے دیتی بلکہ بعض دفعہ اس کے لگانے اور کھانے سے داغ دھبے دور ہو جاتے ہیں۔ جھلسی ہوئی جلد کیلئے مفید ہے، متاثرہ حصے پر لگانے سے داغ نہیں پڑتے۔ امراض قلب، جگر، گردہ کی شکایات، پیر کے وریدوں کا پھولنا اور ان کے زخم، جلنے کی وجہ سے زخموں کی شکایات میں بھی یہ وٹامن کام آتا ہے، خواتین کو سن یاس میں جو تکالیف ہوتی ہیں ان میں بھی یہ کھانے سے آرام آتا ہے۔ سوہن حلوہ بنانے کیلئے گیہوں کے دانے صاف کر کے ان کو کسی ٹرے میں رکھ کر پانی کا چھینٹا دیا جاتا ہے' نمی کی وجہ سے دو تین دن میں گیہوں کے دانے پھٹ جاتے ہیں یہی چیز وٹامن ای کا سب سے بڑا قدرتی ذریعہ ہے۔ روغن پستہ، مکئی، بنولہ اور اس کا تیل، سویابین اور اس کا تیل، روغن زیتون، گوبھی کے پتوں، پالک، اخروٹ، سلاد، مٹر، گائے کی کلیجی، انڈے کی زردی میں ہوتی ہے۔ یہ پکانے سے ضائع نہیں ہوتی۔ تازہ پسا ہوا آٹا جو چھانا نہ گیا ہو سب سے بہتر ہے۔ میں حیران ہوتی ہوں ہماری بزرگ خواتین کتنی دانا اور عقلمند تھیں۔ ان کو یہ معلوم نہیں تھا کہ وٹامن ای کیا چیز ہے مگر وہ گیہوں کے فوائد جانتی تھیں۔ سردی کے موسم میں گیہوں بھگو کر حلوہ جات بنائے جاتے، اخروٹ کی گری نکال کر اس کی مٹھائی بنتی، باجرے کی ٹکیاں بنتیں، گیہوں کا دلیہ ناشتے میں بچوں کو دیا جاتا، گیہوں بھگو کر پھوٹنے پر ان کو ہلکا سا جوش دے کر چینی اور دودھ ملا کر بچوں کو دیا جاتا۔ کمزور بچے اسی سے پنپ جاتے۔ دالوں کو بھگو کر ان کی بڑیاں بنائی جاتیں، مٹر کے دانے تل کر دیئے جاتے۔ بنولہ کی گری نکال کر اس کی کھیر خاص طور پر بنائی جاتی جو بے حد مفید ہوتی تھی۔ گیہوں کا چھان سنبھال کر رکھا جاتا، اس کی چائے بنتی جو نزلہ زکام کیلئے مفید ہوتی تھی۔ گیہوں کے دانے بھاڑ میں بھنوا کر گڑ کے ساتھ کوٹ کر رکھے جاتے۔ اس میں اخروٹ کی گری بھی ملائی جاتی، سردی کے موسم میں شوق سے بچے، بڑے اسے کھاتے تھے۔ بانجھ مرد اور خواتین کیلئے یہ وٹامن ای بے حد مفید ہے۔ آپ گھر میں گندم دھو کر چھلنی سے ڈھانک کر رکھ دیجئے۔ صبح شام پانی کا ہلکا سا چھینٹا دیجئے۔ تین چار روز میں آپ کی ڈش میں گیہوں پھوٹ پڑیں گے، اب آپ ان کا دلیہ بنا کر کھایئے، ان کو پیس کر حلوہ بنایئے، حلیم یا دلیہ تیار کیجئے، ان کو پیس کر چینی ملا کر میٹھی ٹکیاں تل کر رکھ لیجئے، وٹامن ای سے بھرپور غذا دسترخوان پر تیار ہے۔ کہتے ہیں بڑھاپے کو روکنے کیلئے وٹامن ای ضرور کھانی چاہیے، اس کے استعمال سے بڑھاپا تیزی سے نہیں آتا۔ تھکن اور ضعف دور ہو جاتا ہے۔

زچگی کے بعد کیا احتیاط کرنی چاہیے: میری عمر 30 سال ہے' بچے کی پیدائش کے بعد میں بہت موٹی ہو گئی ہوں، کوئی دوا بتایئے۔ دوسری بات یہ کہ پیٹ زچگی کے بعد بڑھ جاتا ہے، یہ میرا نہیں بہت سی بہنوں کا مسئلہ ہے۔ (امینہ۔ بہاولنگر)

مشورہ: کچھ خواتین کا پیٹ ایام حمل میں بہت بڑھ جاتا ہے۔ اس کیلئے بہتر یہ ہے کہ دوپٹے کے سائز کا کپڑا اپھاڑ کر چوڑی پٹی آہستگی سے پیٹ کے نیچے اس طرح باندھی جائے جس سے بڑھتے ہوئے پیٹ کو سہارا ملے۔ اس سے پیٹ زیادہ نہیں بڑھے گا۔ دوسری بات یہ کہ پیٹ کے نیچے آپ زیتون کا تیل ملیں تو بہتر ہے ورنہ سرسوں کا تیل معمولی سا ہاتھ پر لگا کر روزانہ آخری ماہ میں مل لیا جائے تو اس سے پیٹ پر دھاریاں نہیں پڑیں گی۔ زچگی کے بعد نارمل ڈلیوری ہے تو آپ روزانہ صبح پیٹ کے نیچے تکیہ رکھ کر پانچ منٹ کیلئے فرش پر الٹی لیٹ جائیں، چلہ نہانے کے بعد بھی صبح وشام خالی پیٹ آپ الٹی لیٹ سکتی ہیں' اس سے پیٹ دبے گا۔ پہلے زمانے میں ابلا ہوا پانی سونٹھ ملا کر پلایا جاتا تھا، اس سے پیٹ بڑھتا نہیں تھا۔ آج بھی ہندوستانی عورتوں کو دیکھا جائے تو ان کے جسم سمارٹ نظر آتے ہیں۔ زچگی کے بعد خوب کھایا پیا جاتا ہے اور جلد پھرا نہیں جاتا۔ اس کی وجہ سے بھی پیٹ بڑھ جاتا ہے۔ زچگی کے بعد پیٹ پر کپڑے کی چوڑی پٹی دس دن تک باندھی جائے تو پیٹ صحیح رہتا ہے۔ اپنی غذا میں ادرک شامل کیجئے، اپنی غذا کم کیجئے، آپ دو روٹیاں کھاتی ہیں تو صرف ایک کھایئے، صبح ناشتے سے پہلے آدھے لیموں کا رس ایک کپ ابلتے پانی میں ملا کر اس میں ایک بڑا چمچ شہد ملا کر گرم گرم پیا کیجئے، صبح وشام سیر کیجئے۔ آپ گھر کے صحن میں ٹہل سکتی ہیں، کھانا آپ فرش پر بیٹھ کر کھایئے، پانی کھانے کے بعد نہ پیجئے۔ ویسے بھی سنت عمل ہے بلکہ کھانے سے پہلے آپ ایک گلاس پانی پیا کیجئے، سلاد، تازہ دہی، سبزیاں، پھل اور دودھ غذا میں شامل کیجئے۔ چینی زیادہ نہ کھایئے مناسب غذا سے آپ اپنے وزن کو کنٹرول کر سکتی ہیں۔ سرکہ آپ کیلئے مفید ہے، سرکہ میں پیاز ہری مرچ ڈال کر کھا سکتی ہیں، سلاد پر چھڑک سکتی ہیں، مکو جسے پیلک کہتے ہیں اس کا ساگ آپ کیلئے مفید ہے، ساگ نہ کھا سکیں تو آپ اس کے پتوں کی بھجیا بنا کر کھایئے، مکو اور سونف کا عرق پینے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ سب سے بہتر یہ ہے کہ آپ اپنی غذا کو کنٹرول کیجئے، روٹی کم کیجئے زیادہ گوشت نہ کھایئے۔ سبزیاں، پھل، دودھ روزانہ غذا میں شامل کرنے سے آپ کو فائدہ ہوگا۔ ہمارے ہاں رواج ہے بچہ ہونے کے بعد مرغن غذائیں دی جاتی ہیں جس سے پیٹ بڑھ جاتا ہے، زیادہ چکنائی کا استعمال اچھا نہیں ہوتا۔ مناسب غذا کھایئے اور اس کے ساتھ آپ چہل قدمی کیجئے تا کہ پیٹ بڑھنے نہ پائے۔ پنجیری میں میوے ڈالے جاتے ہیں آپ اسے زیادہ نہ کھایئے، دو چمچ آپ کیلئے کافی ہیں، اس سے زیادہ نہیں۔ پنجیری میں تھوڑی سی سونٹھ پیس کر ملا لیجئے۔ اصلی گھی خواتین بہت کھاتی ہیں، اس سے بھی موٹاپا پیدا ہوتا ہے۔ اعتدال کے ساتھ ہر چیز کھانی چاہیے ورنہ فائدے کے بجائے نقصان ہوتا ہے۔

(بقیہ: مجھے جاگتی آنکھوں سے جنات نظر آتے ہیں)

جیسے کرنٹ لگنے سے کانپتا ہے' پھر تھوڑی دیر بعد مجھے ہوش آجاتا اور میں کلمہ پڑھنا شروع کر دیتی۔ اکثر گھر میں پرفیوم کی خوشبو آتی اور کبھی بو محسوس ہوتی جیسے کوئی تار جل رہی ہو۔ کبھی گھر میں کسی کے چلنے کی آواز آتی۔ ایک دن میں نے چیخ کر کہا تم کون ہو؟ تو میرے سر کے پیچھے کسی نے زور سے تھپڑ مارا' میں ادھر اُدھر دیکھا تو کوئی بھی نہ تھا۔ پھر ہم گھر والوں نے پانچ وقت کی نماز پڑھنا شروع کر دی' گھر کے ہر کمرے میں ایم پی تھری آڈیو سے ہر وقت سورۃ بقرہ اور رحمٰن کی تلاوت چلا کے رکھی۔ گھر کے سارے فرد فجر کے نماز کے بعد اونچی آواز میں تلاوت قرآن پاک کرتے اور منزل بھی پابندی سے روزانہ پڑھتے ہیں جس کی برکت سے اب ہمارے گھر میں کافی سکون ہے۔ جنات کی چہل پہل گھر سے ختم ہوتی جا رہی ہے۔ جو بدبو اور کبھی خوشبو آتی تھی وہ آنا بند ہو گئی ہے بھابھی کی طبیعت بھی دن بدن بہتر ہو رہی ہے۔

دسمبر کا جاڑا اور چقندر کے فائدے

ڈاکٹر محمد سفیان چوہان

پتیلی میں مکھن گرم کرکے گوبھی چقندر کے لچھے کو بارہ منٹ تک پکنے دیں۔ اس میں سوپ شامل کردیں' خوش رنگ سرخ سوپ تیار ہوجائے گا۔ حسب ذائقہ سرکہ' نمک' مرچ ڈال کر پیالوں میں نکالیں اور ہر ایک میں ایک ایک چمچ پھینٹا ہوا دہی ڈال کر گرم گرم پیش کریں۔

لیجئے! جاڑے آگئے! چھٹتی گھٹائیں' گھٹتے دن' گرد سے پاک ہوا' فضا میں بڑھتی خشکی اور دھیرے دھیرے ٹھنڈی ہوتی راتیں اس کی گواہی دے رہی ہیں۔ اسی کے ساتھ اس موسم کے پھل اور سبزیاں بھی بازاروں میں نظر آنے لگی ہیں۔ ان میں چقندر' پھر مولی' شلجم اور گاجریں آرہی ہیں۔ یہ سب صحت و توانائی کا سامان کرتی ہیں۔ چقندر بحیرۂ روم کے ملکوں کا تحفہ ہے۔ اکیسویں صدی میں اس کے بیج شمالی یورپ پہنچے اور وہاں کی جڑی بوٹیوں کے ماہرین کے مطابق چقندر نے ذائقے کو راحت اور آنکھوں کو ٹھنڈک بخشی۔ اس کے سبز پتے اور چقندری سرخ رنگ بے ذائقے کے علاوہ رنگ اور شوخی کھانوں کو عطا کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں بھی چقندر استعمال ہوتا ہے' گاؤں دیہات میں بطور سالن اور شہروں میں زیادہ تر بطور سجاوٹ۔ اس کے پتے عام طور پر بڑی بے دردی سے مروڑ کر پھینک دیئے جاتے ہیں۔ حالانکہ غذائی اعتبار سے یہ بہت اہم ہوتے ہیں۔ ان میں حیاتین الف (اے)' حیاتین ج (سی) اور فولاد بھی خوب ہوتا ہے جبکہ جڑ میں حیاتین الف' ب اور ج' کیلشیم اور فولاد ہوتا ہے۔ یہ اجزا غذا سے ملتے رہیں تو جسم کا نظام مدافعت مضبوط رہتا ہے اور جاڑے آسانی اور آرام سے گزر سکتے ہیں۔ **چقندر بطور دوا:** چقندر کے کھانے سے خون کے سرخ خلیات خوب بنتے ہیں۔ تجربے سے ثابت ہوا ہے کہ اگر سرطان خون (لیوکیمیا) کے مریض کو علاج کے ساتھ روزانہ ایک کلو چقندر کھلائے جائیں تو اسے بہت فائدہ ہوتا ہے کیونکہ اس میں سرطان دور کرنے والا جوہر لانگو پین خوب ہوتا ہے۔ ضروری نہیں کہ ایک ہی وقت میں ایک کلو چقندر کھائیں۔ دن میں تین چار مرتبہ کھا کر بھی یہ مقدار پوری کی جاسکتی ہے لیکن چقندر تازہ ہونا چاہیے۔ اس کا رس نکال کر بھی پیا جاسکتا ہے۔ چقندر کا رس ایک پیالی دن میں تین مرتبہ پینے سے گردے اور مثانے کی پتھری بھی نکل سکتی ہے۔ اس سے گردے اور مثانے کا ورم بھی دور ہوجاتا ہے۔ یہی رس یرقان کیلئے بھی مفید ہوتا ہے کیونکہ گنے کے رس کی طرح اس میں بھی شکر ہوتی ہے۔ اسی طرح یہ رس گٹھیا کیلئے بھی مفید ثابت ہوتا ہے بشرطیکہ مریض کو ذیابیطس نہ ہو۔

چقندر کا روسی سوپ: حوالشافی: تازہ چقندر 900 گرام' تازہ بند گوبھی (سفید) ایک عدد' گوشت کی یخنی دس پیالی' تازہ مکھن ایک کھانے کا چمچ' سرکہ بقدر ضرورت' نمک بقدر ضرورت' کالی مرچ بقدر ضرورت' دہی پھینٹا ہوا چھ کھانے کے چمچ' ہرا دھنیا ایک گڈی۔ چقندر چھیل لیں۔ دو چقندر ثابت رہنے دیں۔ باقی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں۔ بند گوبھی کے تین حصے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ لیں۔ یخنی میں ہرا دھنیا اور چقندر اور گوبھی کے ٹکڑے ڈال کر دھیمی آنچ پر ڈیڑھ دو گھنٹے پکنے دیں جب دونوں گل کر گھل جائیں' چھلنی میں چھان لیں۔ اب باقی گوبھی اور چقندر کو کدوکش کرلیں۔ پتیلی میں مکھن گرم کرکے گوبھی چقندر کے لچھے کو بارہ منٹ تک پکنے دیں۔ اس میں سوپ شامل کردیں' خوش رنگ سرخ سوپ تیار ہوجائے گا۔ حسب ذائقہ سرکہ' نمک' مرچ ڈال کر پیالوں میں نکالیں اور ہر ایک میں ایک ایک چمچ پھینٹا ہوا دہی ڈال کر گرم گرم پیش کریں۔ جی چاہے تو باریک کٹی ہوئی ہری مرچیں ڈال کر پاکستانی ذائقے کی تکمیل کرلیں۔ یہ سوپ چھ افراد کیلئے کافی ہوگا۔

رومانیہ کا چقندری سوپ: حوالشافی: چقندر درمیانے پتوں کے ساتھ' چھ عدد' مرغی کی یخنی آٹھ پیالی' پیاز کٹی ہوئی ڈیڑھ پیالی' بغیر بالائی کا دہی ڈیڑھ پیالی' مولی (نرم) پتلی کٹی ہوئی ایک پیالی' لیموں کا رس دو کھانے کے چمچ' سویا تازہ کٹا ہوا دو کھانے کے چمچ' ہرا دھنیا کٹا ہوا ایک کھانے کا چمچ' سیاہ مرچ پسی ہوئی بقدر ذائقہ' نمک بقدر ذائقہ۔ چقندر اچھی طرح دھو کر چھیل کر کاٹ لیجئے۔ پتیلی میں مرغی کی یخنی گرم کرکے اس میں چقندر' کٹی ہوئی پیاز' مولی' چقندر کے پتے ڈال کر کوئی بیس منٹ ڈھک کر درمیانی آنچ پر پکائیے۔ سبزیاں گل جائیں تو اس میں دہی پھینٹ کر ملادیں۔ لیموں کا رس' سویا' ہرا دھنیا' نمک مرچ شامل کرکے پیش کریں۔

اصلاح فرمالیں! قارئین! ماہنامہ عبقری ستمبر 2014ء صفحہ نمبر 46 پر ''کمزور حضرات! اب پریشان ہونا چھوڑدیں!'' کے عنوان سے تحریر چھپی تھی جس میں غلطی سے پوشیدہ امراض کے علاج کیلئے رات کو سوتے وقت ناف پر شہادت کی انگلی سے عمر لکھنا تھا جبکہ اصل میں پوشیدہ امراض کے علاج کیلئے رات سوتے وقت شہادت کی انگلی سے ''سینے پر عمر'' لکھنا ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں!

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 12 دسمبر بروز ہفتہ مغرب تا عشاء، 21 دسمبر بروز پیر صبح دس بجکر 23 منٹ سے 11 بجکر 59 منٹ تک' 30 دسمبر بروز بدھ سہ پہر 3 بجکر 5 منٹ سے 4 بجکر 27 منٹ تک یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامْ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فیصد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے تو اتنا زبردست میگزین نکالنے پر آپ کا بہت بہت شکریہ! بے شک عبقری دکھی انسانیت کیلئے ایک مرہم سکون ہے۔ ماہنامہ عبقری ہی میرے گھر میں سکون کی وجہ ہے۔ خاص کر اس میں موجود روحانی محفل نے تو کمال ہی کردیا ہے۔ میرا مسئلہ یہ تھا کہ میرے شوہر نشے کے عادی تھے' ہر وقت نشے میں ڈوبے رہتے' نہ ماں کی عزت' نہ بہن کی عزت' نہ ہی بیوی کی عزت۔ جب بھی گھر آتے گالم گلوچ' لڑائی جھگڑا' مار کٹائی۔ ہم سب گھر والے ان کے اس رویہ سے سخت پریشان تھے' بڑوں بوڑھوں نے بہت سمجھایا مگر وہ اپنی عادت سے کب باز آنے والے تھے۔ (باقی صفحہ نمبر 44 پر)

جلاب: سقمونیا ایک تولہ' گلقند اعلیٰ 12 تولہ خوب گھوٹ لیں' قبض کشائی کیلئے ایک ماشہ سے دو ماشہ تک دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔



قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کا بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

عبقری ایک روشن چمکتا چراغ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ دنیا رنگا رنگ اور چکا چوند سے مزین ایک دھوکہ دینے والا سراب ہے' ہر شخص جو اس دنیا میں آتا ہے وہ ضرور اس چکا چوند سے متاثر ہوتا ہے کچھ لوگ تو بس اس کی خوبصورتی پر دل ہار بیٹھتے ہیں اور پھر سب کچھ ہی ہار بیٹھتے ہیں حتیٰ کہ ایمان تک بھی ان کے ہاتھوں اور دلوں سے ریت کی طرح پھسل کر وقت کی گزرتی ساعتوں میں کہیں کھو جاتا ہے اور آخری ساعتوں میں جب حقیقی باطنی آنکھ کھلتی ہے تو ایک بھڑکتی آگ کا دردناک منظر آنکھوں اور دلوں پر رقم ہو جاتا ہے۔ اس دل لبھاتی اور انسانوں کو بہکاتی دنیا میں بہت کم لوگوں پر اللہ کا خاص کرم ہوتا ہے کہ وہ اس کی دعوت نظارہ دیتی دلچسپیوں سے منہ موڑ لیتے ہیں اللہ ان کے دلوں پر اپنی رحمت کی خاص بارش برساتا ہے جس سے ان کے قلوب پر دنیا اپنا اثر نہیں جما سکتی۔ یہ وہ خاص لوگ ہوتے ہیں جو اللہ کی محبت کا خوبصورت چمکتا روشن دیا اپنے ہاتھوں میں لے کر چلتے ہیں ان کا یہ دیا اپنی روشنی میں اس قدر تابناک اور پر اثر ہوتا ہے کہ جو لوگ بھی اس روشنی کی زد میں آتے ہیں ان کے دل و دماغ کو بھی اس کی تابنا کی اپنی گرفت میں لے لیتی ہے یوں اللہ کی محبت کا دیے سے دیا جلتا چلا جاتا ہے اور پورے عالم میں یہ روشنی پھیلتی چلی جاتی ہے۔ عبقری بھی ایک ایسا ہی دیا ہے اور یہ چراغ قلوب کے بجھے چراغوں کو روشن کرتا چلا جا رہا ہے۔ بہت عرصہ سے میں اپنے دل کے بجھے چراغ کو ہاتھ میں لیے ایک تلاش مسلسل میں تھی کہ کوئی رہنما کوئی مرشد ملے جو اس دیے کو روشن کر دے تاکہ میرے دل سے لے کر میری زندگی کے تمام راستے روشن سے روشن تر ہو جائیں میرے دل سے ظلمت کی گندگی' غلاظت کی تاریکیاں ہدایت کے چراغ میں بدل جائیں۔ اللہ نے اپنی محبت' اپنے کرم کی روشنی کر دی' میری انگلی تھامی اور ایک گندے اور غلیظ بچے کی مانند مجھے میرے رہنما تک پہنچایا تاکہ وہ اپنے علم کے پانی سے میری غلاظتوں سے لتھڑے ہاتھ' پاؤں' چہرے اور دل کو دھو ڈالے اب یہ میرے ظرف اور محنت پر ہے کہ میں اس پانی سے کتنا استفادہ کرتی ہوں۔ میرے عبقری کے جن وظائف نے میری زندگی میں رحمتوں' برکتوں اور عافیتوں کی لہریں رواں کیں ان میں سرفہرست دو انمول خزانے' سورۂ کوثر اور درود شریف ہیں۔ ان وظائف سے تو سب سے پہلے میری زندگی میں ایک ٹھہراؤ' سکون اور اطمینان کی کیفیت در آئی۔ ایک بے نیازی سی احاطہ کیے رکھتی ہے۔ غنا کی کیفیت نے دل کی بستی میں پڑاؤ ڈالا۔ ویسے تو ہمارے مہینے میں تین سلنڈر استعمال ہو جاتے تھے اب اتنی برکت آئی کہ میرے سسر کے فوت ہونے پر جتنے مہمان تھے ان کا کھانا اور ان کی تعزیت کیلئے آنے والے مہمانوں کا کھانا چائے وغیرہ اور میری نند کی شادی کا سارا کھانا، چائے اس سلنڈر پر بنتی رہی اور سلنڈر خالی تھا لیکن چولہا جلتا رہا اور وہ تقریباً چوبیس پچیس دن چلا اور سارے بہت حیران تھے۔ میں خود بھی بے حد حیران ہوئی اب مہینے میں دو سلنڈر استعمال ہوتے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ آہستہ آہستہ اتنی برکت آئے گی ان شاء اللہ مہینے میں ایک سلنڈر استعمال ہوا کرے گا۔ راشن مہینہ ختم ہونے سے پہلے ختم ہو جاتے تھے اور اب مہینہ ختم ہونے کے بعد بھی ختم نہیں ہوتے۔ پہلے پیسوں کا پتہ ہی نہیں چلتا تھا کہ کدھر آئے کدھر گئے' اب ماشاء اللہ مہینہ کے آخر تک پرس میں پیسے ہوتے ہیں اور کبھی کبھی غیب کے خزانے سے بھی آجاتے ہیں بالکل نئے کرارے نوٹ ضرورت کے مطابق' مرشد کریم نے سر پر ہاتھ رکھ کر دعا دی' اس دعا نے میری زندگی میں روشنیاں بھرنا شروع کر دی ہیں۔ اللہ نے اپنے کلام کی برکت سے کلام میں اتنی تاثیر ڈال دی کہ جس کو میں کوئی بھی عمل عبقری سے دیکھ کر بتاتی ہوں وہ اسے ضرور کرتا ہے اور اسے اس کا فائدہ بھی ہوتا ہے۔ لوگوں نے اتنے فائدے بتائے کہ اگر میں بیان کروں تو ایک کتاب بن جائے۔ روحانی پھکی لوگوں میں تقسیم کرتی ہوں اس کے لوگوں کو بہت فوائد حاصل ہوئے۔ اپنی ایک کزن کو میں نے استغفار سوا لاکھ' ہر نماز کے بعد اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ کی ایک تسبیح اور روحانی پھکی حمل کی نیت سے دی تو روحانی پھکی استعمال کرنے اور تسبیحات سے اس کی رپورٹ مثبت آ گئی۔ میری کزن کا بیٹا بہت زیادہ رو رہا تھا اس کے پیٹ میں درد تھا صرف ایک خوراک روحانی پھکی اسے دینے سے افاقہ ہوا۔ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِي وَ نَفْسِي وَ وَلَدِي وَ اَهْلِي وَ مَالِي سات مرتبہ ضرور پڑھتی ہوں اور یَاحَفِیْظُ گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد بھی اور باہر نکلتے وقت خود بھی اور بچوں کو بھی پڑھاتی ہوں اس عمل سے اس قدر فائدے ہوئے کہ بچے اور ہم سب اللہ کی حفاظت میں رہتے ہیں۔ میرے میاں کا شدید ایکسیڈنٹ ہوا لیکن معجزاتی طور پر صرف تھوڑی چوٹیں آئیں اور جان بچ گئی اور کوئی ہڈی بھی فریکچر نہیں ہوئی۔ اسی طرح ان پر کچھ لوگوں نے حملہ کیا لیکن اللہ نے ان کو بال بال بچا لیا۔ ان دعاؤں کی برکت سے اس کے علاوہ بھی بے شمار اللہ کے کرم ہیں اور یہ سب اللہ کا احسان اور مرشد کریم کی دعاؤں کی برکت سے ہیں۔ (سلمیٰ عروج' جہلم)

درد، مروڑ، پیچش سب ایک خوراک سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے تو میں ناچیز آپ کو ڈھیروں دعائیں دیتا ہوں' اللہ پاک آپ کو سلامت رکھے' اللہ پاک آپ کے فیض کو قیامت کی صبح تک جاری و ساری رکھے۔ ہماری طرف سے آپ کو اللہ پاک بہت بہت جزائے خیر عطا فرمائے۔ حضرت حکیم صاحب میں ماہنامہ عبقری کا تقریباً 2008ء سے قاری ہوں۔ آج اللہ کے فضل و کرم سے کچھ آزمائے ہوئے ٹوٹکے لکھنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ جب سے میں نے عبقری کو پڑھا تب سے اس کا دل و جان سے دیوانہ ہو چکا ہوں اس کے ہر ہر صفحے پر موتی اور ہیرے لکھے ہوئے ہیں۔ ان کو خود آزماتا ہوں اور دوسروں کو بتاتا ہوں' بہت فائدہ ہوتا ہے۔

میرے ایک کزن ہیں جو اسلام آباد میں رہتے ہیں۔ ہمارے ہاں ان کا آنا سال میں دو مرتبہ یعنی عیدین کے موقع پر ہوتا ہے جب بھی وہ آتا ہے اس کا پیٹ بہت زیادہ خراب ہو جاتا تھا' پیچش اتنی زیادہ کہ پوری پوری رات سو نہیں سکتا تھا' ہر قسم کا علاج حتیٰ کہ ڈرپ بھی لگواتا مگر پھر بھی افاقہ نہ ہوتا۔ اسی حال میں ہمیں ملنے کیلئے آیا تو میں نے اس کا حال احوال پوچھا تو اس نے ساری تکلیف سنا دی

میں نے تسلی دی اسے کہا کہ بھائی میں آپ کو کچھ کھانے کو دیتا ہوں آپ کو آرام آجائے گا' اسی وقت گملے سے نیاز بو کے خشک خوشے توڑ کر ان میں سے کالے کالے دانے نکال کر صاف کیے اور گھر میں پرانا شہد پڑا تھا اس کو ایک گلاس پانی میں بڑا چمچ حل کر کے اس کے ساتھ پھانکنے کو کہا پہلی خوراک میں اس کو اتنا فائدہ ہوا کہ اس کا درد' مروڑ' پیچش سب ختم ہوگئی۔ یہ نسخہ میرا خود اور میرے رشتہ دار' دوست احباب کا بھی آزمودہ ہے۔ ایک مرتبہ میری ملاقات ایک نابینا بزرگ حکیم سے ہوئی' چند سال ان کی خدمت کی جس کے نتیجہ میں انہوں نے مجھے چند بہت قیمتی اور آسان نسخے بتلائے جو میں نے خود بھی آزمائے اور دوسرے سینکڑوں مریضوں کو استعمال کرائیں جو برابر مفید اور تیر بہدف ثابت ہوئے۔ انہوں نے مثانہ کی گرمی' احتلام' جریان' سرعت انزال کیلئے ایک نسخہ دیا جو یہ ہے' 'بہی دانہ' حسب ضرورت لیں۔ ایک گرام ایک کپ پانی میں بھگو کر رکھ دیں صبح نہار منہ پی لیں۔ پندرہ سے بیس روز میں تمام شکایات دور ہوجائیں گی۔ معدہ کی تمام شکایات دور کرنے کیلئے انہوں نے بتایا کہ آدھ پاؤ کلونجی اور آدھ پاؤ اجوائن دیسی شامل کریں اور دونوں کو باریک پیس کر ایک پاؤ لیموں کے رس میں بھگو دیں خشک ہونے پر دوبارہ پیس کر چھان کر ہر کھانے کے بعد ایک چٹکی بھر چاٹ لیا کریں انشاء اللہ تمام شکایات دور ہوجائیں گی۔ احقر نے خود آزمایا ہر قسم کی ریح کو فوراً خارج کرتی ہے۔ دائمی قبض کا بہترین علاج ہے۔ غذا کو جزو بدن بناتی ہے۔ ہاضمہ کو قوت دیتی ہے۔ خون کو پتلا کرتی ہے اور بہت سے فوائد ہیں جو آپ لوگ استعمال کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

مردانہ طاقت کیلئے: مردانہ طاقت کیلئے انہوں نے ایک معجون بنائی جو اگر شادی سے پہلے بنا کر استعمال کی جائے تو قوت باہ میں انتہائی اضافہ کرتی ہے۔ پٹھوں اور جوڑوں کو تقویت دیتی ہے۔ اس کے استعمال سے پرانے سے پرانا کمر درد بھی ٹھیک ہوجاتا ہے نسخہ یہ ہے: مغز بادام ایک پاؤ' مغز اخروٹ' دال ماش کا آٹا' چنے بھنے ہوئے' گوند کیکر' گری' اس کے ساتھ بھکڑا یہ ایک بوٹی ہے۔ تمام اشیاء پاؤ بھر لے لیں' باریک پیس لیں۔ سب سے پہلے گوند کو آدھ کلو دیسی گھی میں بھون لیں اس کے بعد مذکورہ تمام اشیاء اور گھی آدھ کلو ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ صبح نہار منہ ایک پیالی استعمال کریں۔ کھانا اس کے دو گھنٹے بعد استعمال کریں۔ ہمارے استاد فرماتے تھے کہ حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ 'لوگوں میں بہتر وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے' انشاء اللہ اس کے بعد ہر ماہ کچھ نہ کچھ قیمتی آزمائے ہوئے نسخہ جات یا کوئی عمل جس سے سب کو فائدہ ہو ضرور لکھوں گا۔ (عبدالوحید' میلسی' وہاڑی)

وما ارسلنک الا رحمۃ للعلمین

اور نہیں بھیجا ہم نے آپ (ﷺ) کو مگر سراپا رحمت بنا کر

درج بالا آیت مبارکہ میں حضور نبی اکرم ﷺ کو سارے جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرا محبوب سارے جہانوں کیلئے سراپا رحمت بن کر آیا ہے' اس آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ نے اپنے محبوب حضور نبی اکرم ﷺ کو نہ صرف مسلمانوں کیلئے بلکہ تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ آپ کی ذات ہمارے لیے رحمت کا سرچشمہ ہے جس پر حضور نبی اکرم ﷺ کی رحمت کا سایہ پڑ جائے اس نے دونوں جہان پالیے' آپ کو پورے جہاں کے انسانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجا جا ہے وہ جس مذہب سے بھی تعلق رکھتے ہوں لیکن ان کی رحمت کے دریا پوری دنیا کو سیراب کرتے ہیں۔ خود میرا خدا اپنے محبوب ﷺ کو سراپا رحمت فرما رہے ہیں یعنی حضور ﷺ کا وجود پوری دنیا کیلئے سر سے پاؤں تک رحمت ہے۔ ان کے وجود سے نکلی ہوئی رحمت کی کرنیں پورے جہاں کیلئے ہیں صرف آپ مسلمانوں کے رسول ﷺ نہیں ہیں بلکہ پورے جہانوں کیلئے آپ سراپا رحمت ہیں۔ ہمارے نبی ﷺ تو تمام نبیوں کے سردار ہیں آپ ﷺ کو آخری نبی ﷺ کا رتبہ دیا گیا ہے ایک کے بعد دوسرے نبی آتے رہے مگر آپ ﷺ کی شان اللہ تعالیٰ نے اتنی بلند کی کہ آپ ﷺ کے بعد کوئی اس شان کے لائق بھی نہیں تھا کہ اس کو یہ رتبہ ملتا۔ جب اللہ رب العزت نے آپ ﷺ کو رحمۃ اللعالمین کا لقب فرما دیا تو پھر یہ آپ ﷺ کی شایان شان نہیں تھی کہ یہ سلسلہ جاری ہوجاتا۔ حضور نبی کریم ﷺ پوری دنیا پر رحم وکرم فرمانے والے اور ان کی مدد کرنے پر قدرت رکھتے ہیں۔ ان کے وسیلے سے پورے جہانوں پر رحمت کی بارش ہو رہی ہے۔ میری دعا ہے کہ آپ ﷺ کی اس رحمت کی بارش سے ہم سب کو سرفراز فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ (بیگم مخدوم شیر عالم' ملتان)

مجھے بخل سے نفرت ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم کا بے پناہ کرم ہے کہ وہ ہمیں بے شمار نعمتوں سے نوازتا ہے' صبح حسب معمول ایک دعا تلاوت کی: اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی نَعْمَاءِکَ الَّتِیْ لَا تُحْصٰی بِعَدَدٍ وَّلَا تُکَافَأُ بِعَمَلٍ۔ ''ترجمہ: اے اللہ تیری ہی تعریف ہے' تیری ان نعمتوں پر جو تعداد کے لحاظ سے شمار نہیں کی جاسکتیں اور نہ عمل سے ان کا بدلہ دیا جاسکتا ہے۔'' میں غور کرنے لگی کہ دعا مانگنا بھی تو اللہ کی ایک نعمت ہے اور کسی کو فائدہ پہنچانا بھی ایک نعمت ہے' محترم حضرت حکیم صاحب! آپ نے جو یہ سلسلہ ''عبقری'' میں نسخوں' دعاؤں بے شمار خوبیوں کا جاری کررکھا ہے یہ آپ بھی تو اللہ کی نعمتوں کو قارئین تک پہنچا کر ایک لحاظ سے اللہ کا شکر ادا کر رہے ہیں۔ بہرحال آپ اپنے رب کے بہت اچھے لوگوں میں سے ہیں جو یہ خدمت انجام دے رہے ہیں۔ آج آپ کو بہت پرانے حکیم محمد حسین ابراہیمی سنیاسی خانپور کے نسخوں میں سے کچھ بھیج رہی ہوں اور یہ کہ ان نسخوں کو اپنے گھر پر آزمانے کے بعد ''عبقری'' کی نذر کررہی ہوں۔ مجھے بخل سے نفرت ہے' اپنے عزیزواقارب سے بھی اسے ختم کرنے کی دعا کرتی ہوں۔ نسخہ جات سے سب مستفید ہوں۔ یہ میرا مشن اور ایمان ہے۔ آج اس ''ساگ'' کے بارے میں بتارہی ہوں جس کا آج کل موسم ہے۔ **بتھوا (باتھو) کا ساگ:** یہ ایک مشہور ساگ ہے جو چنے کے کھیتوں میں عام ہوتا ہے اس کا سالن بنا کر بطور سالن روٹی کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔ یہ جلدی ہضم ہوتا ہے' قبض کو دور کرتا ہے' جگر کی گرمی میں بہت ہی مفید ہے۔ پھلبہری اور برص میں پتوں کو گھوٹ کر رس نکال کر لگانے سے آرام آجاتا ہے' یہ بالکل آزمایا ہوا ہے۔ پتھری اور درد گردہ میں باتھو کا پانی استعمال کرنے سے درد کو آرام آتا ہے' یہ پانی پتھری کو توڑتا ہے عقل کو بڑھاتا ہے۔ **تلوں کے تیل اور آک:** تلوں کے تیل اور آک کے پتوں سے دردوں سے نجات' جسم میں یا جوڑوں میں شدید درد ہو تو ایک پاؤ تیل تل لے لیں۔ آک کے پانچ پتے درمیانہ سائز کے لیں۔ اب پتوں میں ایک کلو پانی ڈال کر ابالیں جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو تلوں کا تیل ڈال کر پکنے کیلئے رکھیں مگر کھلے برتن میں ابالیں جب پکتے ہوئے پتے بالکل سنہری ہوجائیں تو آگ بند کرکے پتے نکال دیں اور تیل شیشی میں محفوظ رکھیں۔ دردوں میں لگا کر ہلکا کپڑا لپیٹ دیں۔ (رحلہ گنگ)

جڑی بوٹیوں کے شوقین متوجہ ہوں!

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے ایک دوائی دب کی جڑ سے تیار کرنی ہے' اس وقت ہمیں دب یا درب جس سے جھاڑو بنتے ہیں کی جڑ (اس جڑ کی نشانی یہ ہے کہ یہ جڑ لمبی' پتلی اور پیلے رنگ کی ہوتی ہے اس میں کماد کے گنے کی طرح گانٹھیں ہوتی ہیں) فوری مطلوب ہے۔ کوئی قیمتاً دے یا گفٹ کرے نہایت مشکور ہوں گے۔ اطلاع کیلئے ڈاک کے ذریعے یا اس نمبر پر صرف میسج کریں 0343-8710002

لونگ! خوشبو اور ذائقے کے ساتھ ساتھ طبی افادیت بھی

محمد مشتاق، ملتان

لونگ میں طاقت ور جراثیم کش خواص شامل ہیں اور اپنے اندر تازگی کی خصوصیات رکھتا ہے۔ اس کے استعمال سے خارش اور سرخ بادہ وغیرہ میں افاقہ ہوتا ہے۔ آج کل اس کا استعمال طبی کریموں اور پیکس میں ہوتا ہے۔ دانتوں کیلئے فائدہ مند ہے اور سانس میں تروتازگی پیدا کرتا ہے

گرم مصالحے خوشبو پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ ہاضم بھی ہیں۔ مختلف کھانوں کو مختلف چیزوں سے بگھارا جاتا ہے مثلاً دالوں کو لہسن، سفید زیرے سے، قورمہ کو گرم مصالحے یا سیاہ زیرے سے، مچھلی کو میتھی سے، میٹھے کھانوں کو الائچی یا لونگ سے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ان کھانوں میں وہی بگھار اچھا بھی لگتا ہے بلکہ پڑوسی تک باخبر ہوجاتے ہیں کہ آج کیا پک رہا ہے۔ ایسا ہی ایک مصالحہ لونگ ہے جو خوشبو اور مہک کے ساتھ زبردست طبی افادیت بھی رکھتا ہے۔

لونگ پہلے جزائر شرق الہند میں پیدا ہوتی تھی اور انتہائی قدیم زمانے میں ہندو اس کو بہت زیادہ استعمال کرتے تھے۔ یورپ میں حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیدائش سے قبل اسکری بونیئس لارگس نے روم کے باشندوں کو لونگ کے استعمال کے بارے میں بتایا تھا۔ پرانے زمانے میں بغداد میں لونگ کے تیل کو خواتین بطور عطر استعمال کرتی تھیں۔ اس کے بعد لونگ کو پکایا جانے لگا اور کمزور آنکھوں کیلئے ان کا عرق استعمال کیا جانے لگا۔ ان کا خیال تھا کہ اس طرح سے بینائی بہتر ہوجائے گی۔ قدیم یونانی اپنی یادداشت کو بہتر بنانے کیلئے لونگ کو چوستے رہتے تھے اور قدیم ایران میں بے اولاد خواتین لونگ استعمال کروائی جاتی تھی۔ لونگ میں طاقت ور جراثیم کش خواص شامل ہیں اور اپنے اندر تازگی کی خصوصیات رکھتا ہے۔ اس کے استعمال سے خارش اور سرخ بادہ وغیرہ میں افاقہ ہوتا ہے۔ آج کل اس کا استعمال طبی کریموں اور پیکس میں ہوتا ہے۔ دانتوں کیلئے فائدہ مند ہے اور سانس میں تروتازگی پیدا کرتا ہے۔ خواتین کھانا پکانے میں خوشبو اور ذائقے کیلئے لونگ کا استعمال کرتی ہیں۔ حکماء کے نزدیک دانت کی تکالیف کی صورت میں لونگ کا استعمال بہترین ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے امراض میں زمانہ قدیم سے استعمال کیا جارہا ہے۔ کھانوں میں اس کا مسلسل استعمال بالوں کو سیاہ، لمبے اور چمکدار بناتا ہے۔ ماہرین اسے جلد کی حفاظت کرنے والی تمام قسم کی کریموں میں استعمال کرتے ہیں۔ اس کا آئل جلد کے مساج کیلئے بہترین ہے۔

لونگ کے ٹوٹکے: لونگ جہاں خوش ذائقہ اور مسرور کن مہک کی حامل ہے وہاں جسمانی صحت بھی مہیا کرتی ہے۔ بدہضمی میں دو لونگ پیس کر ابلتے ہوئے آدھا کپ پانی میں ڈالیں پھر کچھ ٹھنڈا ہونے پر پی لیں۔ اس طرح تین چار دن استعمال کرنے سے اکثر افاقہ ہوجاتا ہے۔ ایک حصہ لونگ اور دو حصے انار کے چھلکے ملا کر پیس کر ان کا چوتھائی چمچ آدھے چمچ شہد میں ملا کر روزانہ تین بار چاٹنے سے کھانسی میں افاقہ ہوسکتا ہے۔ لونگ منہ میں رکھنے سے بلغم آسانی سے خارج ہوجاتا ہے اور بلغم کی بدبو سے بھی نجات مل جاتی ہے۔ منہ اور سانس کی بدبو دور ہوکر سانسوں میں خوش کن مہک سما جاتی ہے۔ لونگ دانتوں کی تکالیف میں بھی مفید ثابت ہوتی ہے۔ پانچ لونگ پیس کر ان میں لیموں کا رس نچوڑ کر دانتوں پر ملنے سے دانتوں کا درد دور ہوسکتا ہے۔ دانت میں کیڑا لگنے پر لونگ کو دانت میں رکھنا یا اس کا تیل لگانا مفید ہے۔ پیاس کی شدت ہونے پر ابلتے ہوئے پانی میں لونگ ڈال کر پلائیں اس سے پیاس کی شدت میں کمی واقع ہوتی ہے۔ حکماء لونگ کو نزلہ، زکام، کھانسی، دمہ، اسہال، بدہضمی، الٹی، ہچکی، کم بلڈ پریشر اور نامردی میں استعمال کرواتے ہیں۔ اگر نزلہ زکام کی وجہ سے سردرد ہو تو اس کا تیل کنپٹیوں پر مالش کرنے سے فوری آرام ملتا ہے۔ ورم اور سوجن دور کرنے کیلئے لونگ کے تیل کی مالش سے فائدہ ہوتا ہے۔ تیز بخار یا قے روکنے کیلئے لونگ کی چائے پی جاسکتی ہے۔ نوٹ: دو سال سے کم عمر بچوں کو لونگ نہیں استعمال کروانا چاہیے۔ دودھ پلانے والی ماؤں اور حاملہ خواتین کو بھی اس کا استعمال احتیاط سے کرنا چاہیے۔

کڑوی بیماریوں کا میٹھا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں قارئین کیلئے ایک سردیوں کا ایک خاص تحفہ لایا ہوں جس کو تقریباً ہر شخص شوق سے کھاتا ہے اور وہ جلیبی ہے اور اس کے فوائد۔ روزانہ عصر اور مغرب کی نماز کے درمیان ایک وقت مقرر کرکے تازہ گرم جلیبی کھائیں، دماغی کمزوری دور ہوگی، خاص طور پر جو بچے قرآن حفظ کررہے ہیں ان کیلئے لاجواب ہے۔ جلیبی کھانسی میں بہت مفید ہے۔ 50 گرام جلیبیاں روزانہ کھائیں کھانسی دور ہوجاتی ہے۔ اس کے علاوہ پوشیدہ امراض میں مبتلا شادی شدہ نوجوان ایک ماہ ایک پاؤ گرم دودھ میں سو گرام جلیبی ڈال کر ایک ماہ مسلسل رات سونے سے دو گھنٹے پہلے کھائیں اور پھر کمال دیکھیں۔ عقل مند کیلئے اشارہ ہی کافی ہے۔ (طاہر صدیق، لاہور)

بے اولادوں اور بے مرادوں کیلئے

بااجازت: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی (پی۔ایچ۔ڈی امریکہ)

ایک بڑا سیب اور چالیس لونگ لیں۔ ہر لونگ پر ایک بار آیۃ الکرسی مع تسمیہ، ایک بار سورۃ فاتحہ مع تسمیہ، ایک ایک مرتبہ چاروں قل مع تسمیہ دم کریں اور دم والے لونگ سیب کے چاروں طرف اچھی طرح پیوست کریں۔ یہ عمل ایک نشست میں ایک بار کرنا ہے۔ ضرورت مند خود کریں یا کوئی مخلص اس کو کر کے دے۔ پھر یہ سیب (دم والا) ململ کے سوتی نیلے کپڑے میں جو نہایت باریک ہو۔ (لیکن سوتی ہونا ضروری ہے) گھر کے کسی محفوظ حصے میں چھاؤں میں لٹکا دیں۔ روزانہ اسی سیب (دم والا) پر درج بالا عمل صرف ایک بار پڑھ کر دور ہی سے دم کردیں اور ایک تسبیح یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَابَارِئُ ہر نماز کے بعد پڑھیں۔ چالیس دن کے بعد سیب (دم والا) اتاریں، روزانہ ایک لونگ (دم والا) مرد کھائے اور ایک لونگ عورت پاک ہونے کے بعد کھائے۔ اب سیب والا عمل چھوڑ دیں لیکن ہر نماز کے بعد یہ تسبیح یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُ یَابَارِئُ نہ چھوڑیں۔ انشاء اللہ ایک ہی بار عمل کرنے سے حمل ٹھہر جائے گا اور اللہ کی رحمت سے بیٹا پیدا ہوتا ہے۔ ہزاروں لوگوں نے آزمایا اگر حمل نہ ہو تو یہ سیب پھر دم کریں، اس طرح تین، پانچ یا سات دم والے سیب کھائیں۔ اگر شوہر بیرون ملک ہے تو اس کا تصور کر کے بیوی خود کھائے ورنہ اس کو بیرون ملک لونگ والا سیب پارسل کرکے یا کسی آتے جاتے کے ہاتھ بھجوائیں تو زیادہ بہتر ہے۔ تسبیح میاں بیوی دونوں پڑھیں۔ چالیس دن دم والا سیب لٹکائیں اور پھر ایک دم والا لونگ صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ ورنہ مجبوراً پانی کے ساتھ میاں بیوی کھائیں۔ جو سیب کا گودا بچے وہ تمام تھوڑا تھوڑا کرکے دونوں کھالیں۔ اسی طرح تین، پانچ یا سات سیب کا عمل مسلسل پورے اعتماد سے کریں انشاء اللہ بے اولاد صاحب اولاد ہوں گے۔

نوٹ: یہ دم ہر جمعرات کو ہوا کرے گا۔

درود شریف کا انوکھا فوری اثر کرشمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک دن تندور پر کھڑی روٹیاں لگا رہی تھی کہ ایک پیلے رنگ کے بھڑ نے مجھے گردن پر کاٹ لیا، شدید درد شروع ہوگیا میں نے فوراً انگلی پر تھوڑا سا تھوک لگایا اور صلی اللہ علی محمد ﷺ پڑھ کر انگلی پر پھونک ماری اور درد والی جگہ پر لگا دیا۔ اسی وقت درد سے آرام آگیا۔ (ف م۔ کھوئیاں ضلع گنگ)

دشمن کے نرغے میں ایک رات

خالد بابر،راولپنڈی

18 ستمبر لڑائی زوروں پر تھی دشمن کو اندازہ ہوگیا تھا کہ وہ آگے نہیں بڑھ سکتا۔اب صرف اپنا منہ اونچا دکھانے کیلئے لڑ رہا تھا۔سارا دن توپوں کی گھن گرج' آسمان پر ہوائی جہازوں کی چیخ چنگاڑ اور ٹینکوں کی خوفناک جنگ بغیر وقفے سے جاری تھی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد مرحوم پاک فوج میں ملازم تھے۔ 1965ء کی جنگ کے واقعات بڑے شوق سے سنایا کرتے تھے۔انہی میں سے ایک واقعہ عبقری قارئین کے گوش گزار کر رہا ہوں:۔

چونڈہ کی بڑی لڑائی کا آغاز 17 ستمبر سے ہوا اور 21 ستمبر تک جاری رہی' تاہم 10 ستمبر سے ہی دونوں اطراف میں ٹینک یونٹوں کا اضافہ ہونا شروع ہوگیا تھا۔ جنگ میں کبھی سیالکوٹ پسرور ریلوے لائن پر تیزی آجاتی تو کسی دن جلسر سیکٹر کے علاقے میں حملہ ہوجاتا۔دشمن سیالکوٹ کو بائی پاس کرتے ہوئے وزیر آباد پہنچنا چاہتا تھا۔اس زمانے میں ٹینکوں کی لڑائی رات کے وقت نہیں ہوتی تھی کیونکہ ٹینکوں پر (نائٹ ویژن ڈیوائسس) اندھیرے میں دیکھنے کے آلات نہیں ہوتے تھے۔اس لیے سورج ڈوبنے کے وقت دونوں اطراف کے ٹینکوں کو واپسی کا حکم ملتا اور دو، دو کلومیٹر اپنے اپنے علاقے میں پیچھے آکر رک جاتے اور مرمت ایمونیشن اور پٹرول ڈلوانے کا کام رات کو ہوتا رہتا تاکہ تیاری کرکے اگلے دن پھر صبح فرنٹ لائن پر جانا ہوتا تھا تاہم انفنٹری اور توپ خانہ رات کو اپنی کارروائیاں جاری رکھتے۔

18 ستمبر لڑائی زوروں پر تھی دشمن کو اندازہ ہوگیا تھا کہ وہ آگے نہیں بڑھ سکتا۔اب صرف اپنا منہ اونچا دکھانے کیلئے لڑ رہا تھا۔ سارا دن توپوں کی گھن گرج' آسمان پر ہوائی جہازوں کی چیخ چنگاڑ اور ٹینکوں کی خوفناک جنگ بغیر وقفے سے جاری تھی۔دھواں اور گردوغبار اس قدر زیادہ تھا کہ ٹینک بہت قریب سے اور بعض اوقات سو میٹر سے بھی کم فاصلے پر ایک دوسرے کو نشانہ بنارہے تھے۔ایک عینی شاہد فوجی کا کہنا ہے کہ بعض موقع پر اچانک انتہائی قریب سے دشمن نظر آیا' دونوں کو فائر کرنے کا موقع نہیں تھا' ٹینک نے ٹینک کو ٹکر ماری' دونوں خراب ہوئے' وہیں پر چار چار جوان ٹینکوں سے باہر نکلے اور دست بدست جنگ ہوئی' اللہ کا شکر ہے ایسے واقعات میں بھی زیادہ تر پاکستانی فوجیوں کا پلہ بھاری رہا۔ سورج غروب ہونے پر دونوں اطراف کے ٹینکوں کو واپسی کا حکم ملا۔ ہمارا ایک ٹینک جو دشمن کے ٹینکوں کے بہت ہی زیادہ قریب تھا۔وائرلیس سسٹم تباہ ہونے کی وجہ سے واپسی کا آرڈر نہیں سن سکا۔اس میں صوبیدار صاحب اور دوسرے تین جوان شام کے اندھیرے اور گردوغبار کی وجہ سے درست سمت کا اندازہ نہیں لگا سکے اور محض دوسرے ٹینکوں کا رخ موڑتے دیکھ کر ان کے ساتھ غلطی سے بھارت کی طرف چل پڑے۔ تین، چار کلومیٹر دور جاکر ٹینک جھنگیوں میں درختوں کے نیچے کھڑے ہوگئے۔ابھی تک صوبیدار صاحب اور ساتھیوں کو معلوم نہیں تھا کہ وہ کس خطرناک صورتحال میں گھر چکے ہیں۔ان کے دو ساتھی نکل کر کھانا لینے کیلئے لنگر کی طرف روانہ ہوئے اور بغیر کھانا لیے بہت جلد گھبرائے ہوئے واپس آگئے۔انہوں نے بتایا کہ بھارتی فوجیوں کی وردی پر پوناہارس (رجمنل بیج) کا نشان ہے اور اردگرد کے ٹینک بھی اپنے نہیں ہیں۔یہ سب کچھ انہوں نے لنگر کی آگ کی روشنی میں دیکھا تھا۔ بہرحال صوبیدار صاحب نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور ساتھیوں کی ہمت بندھائی اور دو بندوں کو پھر کھانا لینے بھیجا۔اس دفعہ انہوں نے قمیص اتاری ہوئی تھی اور منہ پر ذرا تولیہ لپیٹ رکھا تھا۔ لنگر پر بھارتی فوجیوں کی لائن لگی ہوئی تھی اور جلدی جلدی کھانا تقسیم کیا جارہا تھا۔ باری آنے پر دونوں جوانوں نے تولیے سے پسینہ پونچھتے ہوئے پلیٹیں آگے کردیں اور کھانا لے کر بخیریت ٹینک میں آگئے۔اب چاروں یہاں سے بچ نکلنے کی تدبیریں سوچنے لگے۔ان کو پتہ تھا تھوڑی دیر بعد پٹرول ڈالنے والے آجائیں گے پھر ایک گروپ ٹینک (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں' ضرور لکھیں۔ ہرماہ یہ سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔

حلقہ کشف المحجوب

ہرماہ توحید ورسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

ولی اور دوست کے معنی: اس وقت ہمارے پاس پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''کشف المحجوب'' موجود ہے۔اس حلقہ کا نام ''حلقہ کشف المحجوب'' ہے۔آپ سبقاً کشف المحجوب پڑھ رہے ہیں۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اللہ کے ایک ولی تھے۔ولی کسے کہتے ہیں؟ قرآن پاک میں لفظِ ولی ''دوست'' کے معنی میں آیا ہے۔ دوست کسے کہتے ہیں؟ دوست اسے کہتے ہیں جو اپنے ساتھ کی یعنی دوست کی رعایت کرکے چلے۔جب دوست کی رعایت نہیں کرے گا تو پھر دشمنی ہوجاتی ہے۔کیا یہ دوستی ہے؟: جیسے کوئی کہے کہ میں فلاں وقت تیرے پاس آیا تھا اور تو نے میری موجودگی میں وہ کام کردیا تھا جو مجھے ناپسند تھا، تو نے میری توہین کی تھی، میری عزت احترام نہیں کیا تھا۔کیا تیری یہی دوستی ہے؟ تو اس سے معلوم ہوا کہ دوست اُسے کہتے ہیں جو دوست کا احترام کرے یا دوست کے احترام و ادب کا خیال رکھے۔تو جو لوگ اللہ کے دوست ہوتے ہیں اور اللہ جن کا دوست ہوتا ہے تو ایک دوسرے کی رعایت کرتے ہیں ۔وہ سب سے پہلے اپنے دوست کی چادر نہیں کھینچتے، اس کی چادر نہیں پھاڑتے۔دوست کی چادر پکڑ کے پھاڑ دیں، اسکی چادر کھینچ دیں، دوست کو ننگا کردیں کیا یہ دوستی ہوتی ہے؟

پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اللہ کے دوست: پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دوست اللہ جل شانہٗ کی چادر نہیں کھینچی یعنی اللہ کی عظمت اور اللہ کی بڑائی اللہ کی چادر ہے، اللہ جل شانہٗ کی وحدانیت اور اسکا لاشریک ہونا، اللہ کی چادر ہے۔جو اللہ کی عظمت اور اللہ کی بڑائی کو کھینچے گا اور اس میں شرک کی آمیزش کرے گا وہ اللہ کا دوست ہو ہی نہیں سکتا۔کیا ہوسکتا ہے؟ نہیں! دوست، دوست کی رعایت نہ کرے، یہ کیسی دوستی ہے؟ محبوب اگر محبوب کی رعایت کرے تو اس کا نام محبت اور صورت ہے۔(جاری ہے)

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 75

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیا، جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اسرار پر بچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے۔

شاہی قلعہ لاہور میں داروغہ جن کی دعوت: قارئین! بہت عرصہ پہلے شاہی قلعہ کے داروغہ جن کی بیٹی کی شادی میں میں نے اپنی شرکت کا آپ کو تفصیلی احوال سنایا تھا' ابھی عید کے بعد سب جنات اکٹھے ہو کر میرے پاس آئے کہ اس بیٹی کے ہاں بیٹا ہوا ہے اور بھی خاندان میں ولادتیں ہوئی ہیں ان سب کی خوشی میں اکٹھی دعوت کرنا چاہتے ہیں' میں نے ان کی دعوت قبول کی۔ حاجی صاحب' صحابی بابا اور دوسرے بہت سارے جنات کے ساتھ شاہی قلعہ لاہور میں داروغہ جن کی دعوت پر جب ہم پہنچے حسب معمول انوکھی ریل پیل' ہر طرف طلسماتی بجلیاں اور طلسماتی قمقمے جن کا دنیا کی بجلیوں سے اور دنیا کی روشنیوں سے نہ کوئی تعلق بلکہ اس سے بھی زیادہ انوکھی بجلی اور انوکھی روشنیاں کہ انسانی عقل حیران اور پریشان ہو جائے۔ ہر طرف جنات مختلف شمعیں' پھولوں کے گلدستے اور رنگا رنگ کی مختلف روشنیاں لے کر آنے والے مہمانوں کا استقبال کر رہے تھے۔ خواتین اور مردوں کا انتظام الگ الگ تھا جب ہم پہنچے تو انہوں نے بھرپور استقبال کیا' ہر طرف مرحبا مرحبا کی آوازیں تھیں۔ **مخلصین کا سونے چاندی کے برتنوں میں کھانے سے انکار:** اس کے بعد دسترخوان بچھے' دسترخوان کے بچھنے سے پہلے ایک جن قاری نے نہایت خوبصورت آواز میں سورۂ رحمٰن کا ایک رکوع بہت ہی اچھی آواز اور خوش الحانی میں پڑھا' اس کے بعد میں نے دعا کروائی۔ آخری اور تفصیلی دعا صحابی بابا نے کروائی۔ دعا کے بعد دسترخوان بچھا اس دفعہ دسترخوان میں سونے چاندی کے برتنوں کے ساتھ ساتھ کانچ' چینی اور قیمتی پتھروں کے برتن بھی تھے۔ میں نے اس سے پہلے جب اس تقریب میں شرکت کی تو ہمارے سامنے بھی برتنوں میں کھانا اور قہوہ آیا میں نے' صحابی بابا نے اور دوسرے مخلصین جنات نے سونے چاندی کے برتنوں میں کھانے سے انکار کیا تو فوراً ہمارے لیے انہوں نے قیمتی پتھروں کے برتن چن دیئے تھے۔ اس دفعہ ہمارے دسترخوان پر بہت قیمتی زمرد' یاقوت' مرجان زبرجد اور دودھیا پتھروں کے نہایت قیمتی برتن رکھے ہوئے تھے۔ کہیں کہیں انہوں نے سونے کے برتن اور چاندی کے برتن بھی رکھے ہوئے تھے۔ انہیں سخت تاکید کی جس کا انہوں نے آئندہ سونے اور چاندی کے برتن کا استعمال نہ کرنے کا مکمل وعدہ کیا۔ **جنات نے بنایا چھوٹی الائچی کا انوکھا قہوہ:** کھانا کیا تھا کہ قدرت کی انوکھی چیزیں تھیں ایک چیز جو میں نے محسوس کی اس کھانے میں جو شاید اور کہیں نہ ملے وہ چھوٹی الائچی کا قہوہ تھا لیکن وہ چھوٹی الائچی یہ نہیں تھی جو ہمارے پاس بلکہ چھوٹی الائچی لگنے سے پہلے اس کو ایک پھول لگتا ہے اس پھول کو کھلنے سے پہلے کلی کی شکل میں جنات توڑ لیتے ہیں' اس کو مخمل کے کپڑے میں سائے میں خشک کرتے ہیں یہ ساری باتیں مجھے ہمارے دیرینہ دوست باورچی جن نے بتائی۔ پھر اس کو مخصوص انداز میں قہوہ بنایا جاتا ہے آپ نے جتنی بھی خوراک کھائی ہے اور جتنی زیادہ کھائی ہے دوسرے معنوں میں آپ نے بہت ہی زیادہ بدپرہیزی کی اس سب کا حل صرف اس قہوہ کے دو گھونٹ تھے اور ہر گھونٹ کے اندر ایک انوکھی تاثیر' چاشنی' لذت' خوشبو' ذائقہ اور ہاضمہ کی قوت تھی۔ **دسترخوان پر غریب اور مفلس جنات کی کثرت:** یہ کھانا مسلسل دور بادور چلتا رہا یعنی ایک کھانا آتا وہ اٹھا لیا جاتا جتنا کوئی کھالے اس کے بعد دوسرے ذائقے دوسری لذتیں اور انوکھے کھانے اس بار میں نے انہیں ایک تاکید کی تھی جو کہ میں الحمدللہ! ہر دعوت پر اس کا اہتمام کرتا ہوں کہ دسترخوان پر غریب' مفلس' نادار جنات کو ضرور بٹھایا جائے اور اس دفعہ میں نے محسوس کیا کہ دسترخوان پر مفلس اور غریب جنات با کثرت موجود تھے اور اس کا مجھے بہت زیادہ احساس ہوا کہ واقعی یہ انہوں نے اس بار بہت اچھا کام کیا جس کا میں انہیں بار بار اصرار کر رہا تھا اور مجھے بہت خوشی محسوس ہوئی۔ کھانے کے بعد کچھ علماء جنات تھے جن میں بڑے بڑے محدثین' مفسرین جنات بھی موجود تھے مختلف موضوعات پر بات چلتے چلتے جنات کی انسانوں سے اور انسانوں کی جنات سے شادیوں کے موضوع پر چل نکلی۔ **جنات سے انسانوں کی شادی اور علماء جنات کی رائے:** میں نے وہاں موجود علماء سے اس کی رائے لی۔ کچھ علماء تو اس رائے میں تھے کہ یہ جائز ہے کچھ کہتے تھے کہ یہ ناجائز ہے۔ پھر مجھ سے رائے لینے لگے تو میں نے ان سے کہا کہ میں علماء کی بحث میں نہیں پڑنا چاہتا کیونکہ یہ ان کا اپنا فن ہے میرا ذہن ان علماء سے ملتا ہے جو کہتے ہیں کہ انسان کی جنات سے شادی نہیں ہو سکتی۔ لیکن ایک بات انوکھی یہ بھی ہے کہ ایسے کیس تاریخ اور تاریخ کی کتابوں میں آئے ہیں اور مشاہدات میں بھی لیکن میرا علم یہی کہتا ہے کہ اس شادی کی شرعی حیثیت علماء کے مطابق نہیں ہے اور میرا ابھی اسی پر اتفاق ہے۔ **بڑے بڑے علماء اور محدثین کی خواب میں زیارت:** ایک اور بات انوکھی سامنے آئی جو میں نے زندگی میں پہلی دفعہ سنی' ایک عالم جن کہنے لگے کہ میں نے صدیوں پہلے بڑے بڑے علماء اور محدثین کی زیارت کی ہے۔ ایک چیز جو میں نے ان میں دیکھی اور بہت انوکھی دیکھی کہ وہ گھنٹوں مراقبہ کرتے تھے جہاں وہ مطالعہ کرتے تھے اور پڑھاتے تھے اور خود بھی پڑھتے تھے اور اپنی مزدوری کسب حلال کے طور پر کرتے لیکن وہ گھنٹوں مراقبہ ضرور کرتے اور اس کا مجھے احساس اس لیے بھی ہوا کہ ان حضرات کے مزاج میں یہ چیز بہت زیادہ تھی کہ وہ اللہ سے تعلق قائم کرنے کیلئے مراقبہ کے ذریعے احادیث کی سند معلوم کرتے تھے بلکہ ایسے ایسے علماء میں نے دیکھے جو راتوں کو جاگ کر صرف یَالَطِیۡفُ یَاعَلِیۡمُ یَاخَبِیۡرُ کا ذکر کرتے تھے جو میں نے حدیث اور قرآن اور دینی مسائل کا علم ان پر کھلتے دیکھا اور کسی پر نہیں دیکھا اور جوان پر میں نے دیکھا کہ ان کو اتنا زیادہ علم ملا ہے اور میں نے کسی پر بہت کم دیکھا ہے اس کی وجہ یہ تھی کہ انہوں نے شریعت کو اور دین کو الہامی طور پر عرش سے لیا۔ **کاشغر کے جن کا انوکھا واقعہ:** باتوں ہی باتوں میں میں نے ان سے ایک بات کر دی یَالَطِیۡفُ یَاعَلِیۡمُ یَاخَبِیۡرُ کے فائدے میں نے بہت انوکھے دیکھے ہیں آپ جتنے بڑے بڑے ہمارے قابل احترام علماء' محدثین' مفسرین اور مفتی جنات بیٹھے ہیں آپ کیا اپنے کوئی مشاہدات اس وظیفے کے بارے میں بتانا چاہیں۔ سب جنات سوچنے پر مجبور ہو گئے۔ ایک جن کہنے لگے ہاں! میری زندگی میں ایک واقعہ ایسا ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ نہایت انوکھا واقعہ ہے اس دور میں میں کاشغر (روس) میں پڑھتا تھا ہمارے ایک استاد جن تھے' یہ وہ ہستی تھی جنہوں نے براہ راست امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھا تھا ہم انہیں استاد فوقانی کہتے تھے' میں جس وقت ان سے پڑھنے پہنچا ان کی زندگی کے آخری سال تھے' میں نے

پانچ سال تین مہینے ان سے پڑھا' ابھی میرے چند سال باقی تھے کہ ان کا وصال ہوگیا۔ مجھے بہت رنج ہوا اور بہت دکھ پہنچا اور نہایت رنجیدہ ہوا۔ اب کیا ہوگا؟ **استاد فوقانی نے خواب میں آکر پڑھایا:** میں کئی ہفتے روتا رہا اور اس استاد کو یاد کرتا رہا ایک رات درود شریف پڑھتے پڑھتے اور روتے روتے میں سوگیا تو خواب میں وہی استاد مجھے ملے اور مجھے فرمانے لگے: کیوں روتا ہے؟ اور کیوں پریشان ہوتا ہے؟ اب بھی ہم تجھے پڑھائیں گے بس تو صرف تین الفاظ باکثرت پڑھنا شروع کردے وہ الفاظ ہیں یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ بس دن رات ہر حالت میں اس کو لاکھوں کروڑوں پڑھ ہم ہر رات آئیں گے اور ان لفظوں کی روحانیت کی بدولت تجھے پڑھا دیا کریں گے۔ **عالم جن کی آنکھوں میں انوکھا پیغام سچائی اور خلوص:** وہ عالم جن یہ بات کررہے تھے تو ان کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے' ان کی ڈبڈباتی آنکھوں میں میں نے ایک انوکھا پیغام میں سچائی اور خلوص دیکھا اور اس انوکھے پیغام سچائی اور خلوص میں میں نے بہت سی باتیں ڈھونڈنے کی کوشش کی۔ وہ اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے مزید بولے: بس پھر کیا تھا میں دن رات ہر سانس' ہر لمحہ' ہر لحظہ یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ پڑھتا رہا اور پہلی ہی رات میرے استاد محترم خواب میں تشریف لائے اور انہوں نے مجھے جہاں سے سبق چھوڑا تھا وہاں سے پڑھانا شروع کیا میں ہر رات ساڑھے چار گھنٹے سے زیادہ استاد محترم سے پڑھتا رہا اور استاد فوقانی مجھے ویسے ہی پڑھاتے رہے جیسے زندگی میں پڑھاتے تھے بلکہ میں دوسرے لفظوں میں یوں کہوں گا کہ زندگی سے زیادہ محبت کے ساتھ مجھے اور کہیں زیادہ بہتر پڑھاتے تھے۔ **جو علم میرے پاس وہ ان کے کسی شاگرد کے پاس نہیں:** میں سالہا سال ایسے ان سے پڑھتا رہا اور سالہا سال علم حاصل کرتا رہا آج میں شکرانِ نعمت کے طور پر یہ بات کہنے کے قابل ہوں کہ میرے استاد نے مجھے جو علم دیا اور استاد کے اور بھی شاگرد ہیں لیکن میرے پاس جو علم ہے وہ کسی اور شاگرد کے پاس نہیں ہے۔ حالانکہ انہوں نے مجھ سے زیادہ وقت استاد محترم کے پاس گزارا اور یہ سب کمال یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ کا ہے۔ **نظر' ذہن یا حافظہ کمزور بس یہی پڑھیں:** آج بھی میں نے اپنے بے شمار شاگردوں کو یہ وظیفہ بتایا جن کے علم میں کمی تھی' مطالعہ میں کمی تھی ذہن کمزور تھا' طبیعت میں بے رغبتی تھی' علم کی طرف ان کی طبیعت نہیں جاتی تھی اور ان کا ذہن علم کی طرف متوجہ نہیں ہوتا تھا' حافظہ کمزور تھا یا نظر کمزور تھی یا پڑھا ہوا یاد نہیں رہتا تھا اس سب کیلئے میں نے انہیں یہ بتایا اور جس جس نے یہ پڑھا اس کو حیرت انگیز کرشمات' کمالات' برکات حاصل ہونا شروع ہوگئیں۔ میں اس عالم جن سے یہ بات سن رہا تھا تو میرے ذہن میں کچھ باتیں گھومنا شروع ہوگئیں میں نے ان سے پوچھا اللہ کے ان تین صفاتی ناموں کے کمالات اتنے زیادہ آخر کیوں ہیں؟ **وظیفے کا پہلا کمال:** ابھی میرا سوال پورا ہی نہیں ہوا تھا کہ ایک بڑے عالم جن بولے کیا میں کچھ بولوں؟ تو میں نے عرض کیا: ضرور ارشاد فرمائیں! تو فرمانے لگے اصل بات یہ ہے کہ اس وظیفے کا سب سے پہلا کمال انسان پر جو کھلتا ہے وہ یہ ہے کہ کائنات ساری اللہ کے نور سے بنی ہے اللہ خود نور ہے اللہ نے اپنا نور اپنے ناموں میں بکھیر دیا ہے اور اللہ کے نور کی لطافتیں اور باریکیاں ان تین ناموں میں بہت زیادہ ہیں۔ **جو پڑھے گا حیرت انگیز کمال پائے گا:** یہ تین نام اللہ کی رحمتوں اور برکتوں سے بہت زیادہ مزین ہیں جو شخص یہ تین نام پڑھے اور دل کی گہرائیوں سے پڑھے گا اور اندر کے لطف اور درد سے پڑھے حیرت انگیز طور پر اس شخص کو انوارات الٰہی' کمالات الٰہی اور عرشی برکات اور انوارات حاصل ہوں گے اور عرش سے برکتیں اور رحمتیں علم' عمل 'انوارات' نور رحمت کی شکل میں اس کی طرف بہت زیادہ متوجہ ہوں گے۔ **صرف تین نام اور ترقیاں ہی ترقیاں:** وہ عالم مزید بولے: میں نے اپنی صدیوں زندگی میں ایک چیز بہت واضح دیکھی ہے کہ زندگی میں جنہوں نے بہت بڑا کمال حاصل کیا اور بہت بڑا مرتبہ حاصل کیا اس کمال اور مرتبے نے ان تین لفظوں کے بغیر ترقی کبھی پائی ہی نہیں جس نے بھی ان تین صفاتی ناموں کا سہارا لیا وہ خود چمکا اور اس کی وجہ سے لاکھوں' ہزاروں انسان چمکے۔ اس لفظ کے پڑھنے والا علم کے پیالے پاتا ہے' علم کے برتن پاتا ہے' علم کی روشنی پاتا ہے اور علم کے سمندر پاتا ہے اور اس لفظ کو پڑھنے والا عزتیں' خوشیاں' کامیابیاں' برکتیں اور اعلیٰ صفات پاتا ہے وہ مزید بولے ان صفاتی ناموں کو خلوص کی گہرائیوں دل کی توجہ اور بہت زیادہ پڑھنے والے کا حافظہ وسیع ہوتا ہے' یادداشت مضبوط ہوتی ہے' نظر کی وسعت' عقل کی وسعت' احساس اور ادراک' شعوری وسعت بہت زیادہ ملتی ہے۔ **دل' عقل' فہم کی روشنی پائیں:** دل کی روشنی' عقل کی روشنی' فہم کی روشنی اور وجدان کا ایک خاص احساس اس پر زندہ اور تابندہ ہوتا ہے۔ وہ ایک بہت بڑا انسان اور بلکہ بہت ذی عقل انسان ہوتا ہے جس کا مقابلہ نہ انسان کرسکتا ہے نہ جنات۔ اگر وہ جن ہے تو جنوں میں بہت آگے نکل جائے گا' اگر وہ انسان ہے تو انسانوں میں بہت بڑی ترقی پائے گا۔ یہ بظاہر تین صفاتی نام ہیں لیکن ہر صفاتی نام میں ایک بہت بڑا سمندر ہے اور وہ سمندر اور اس کا احاطہ کتنا زیادہ ہے وہ صرف اللہ کے علم میں ہے اور اللہ کے احاطہ میں ہے۔ زندگی کس طرح نکھر سکتی ہے؟ اور کمال کس طرح بن سکتے ہیں؟ اور زندگی کا کمال مزید کیسے ترقی پاسکتا ہے؟ یہ سب کچھ ان مبارک ناموں میں ہے۔ **جن کی اولاد کند یا کمزور ذہن ہے متوجہ ہوں!** وہ عالم جن مزید بولے اور میں ان کی باتیں دلچسپی سے سن رہا تھا کیونکہ ان کی باتوں سے خوشبو معلومات مشاہدات و تجربات بکھر رہے تھے وہ کہنے لگے میں نے ان والدین کو یہ لفظ بتایا کرتا ہوں جن والدین کی اولاد کند ذہن ہوتی ہے' کمزور ذہن ہوتی ہے جن میں علم اور معلومات اور سلیقے کی کمی ہوتی ہے جو یہ فیصلہ کرچکے ہوتے ہیں کہ ان کی اولاد اب کسی شکل میں پڑھ نہیں سکتی یا ترقی نہیں کرسکتی ہے یا کند ذہنی ان کا مقدر ہے ان سب کیلئے یہ لفظ بہت بڑی حقیقت ہے بس اس کی تعداد یہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ اس کو اور بہت زیادہ اس کو پڑھا جائے۔ **عزتیں' ترقیاں' کامیابیاں اور برکتیں:** خود پڑھیں یا والدین پڑھیں اور اس کا کمال دیکھیں اور ہر اس شخص پر اس کے کمالات کھلتے ہیں جو عزتیں' ترقیاں' کامیابیاں اور برکتیں پانا چاہتا ہے اور جو یہ چاہتا ہے اس کو بہت زیادہ ترقی عزت اور کامیابی ملے۔ وہ اس وظیفے یعنی ان تین مبارک اسماء الحسنیٰ کا کمال بہت زیادہ پاسکتا ہے۔ (جاری ہے)

پوشیدہ

والدین کے گھر بیٹھی شادی شدہ خواتین کیلئے تعویذ محبت

قارئین! عبقری میں چھپے یا کسی بھی عمل وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو جنات سے چھٹکارا ملا ہو یا آپ پر کیا گیا جادو ٹونا ہوا ہو تو وہ مکمل عمل اور اس کی مکمل روداد تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجئے۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اول دن سے آخر دن تک جتنی بھی نیک اور اچھی دعائیں مانگی جائیں گی وہ سب کی سب آپ' آپ کے اہل وعیال' آپ کی ٹیم کیلئے۔ آمین ثم آمین۔ آپ کو اپنے تجربات و مشاہدات اکثر بتاتی رہتی ہوں۔ مگر آج میں یہ تحریر بالخصوص اپنی ان بہنوں کیلئے لکھ رہی ہوں جو اپنے گھر کے حالات سے بہت زیادہ پریشان ہیں' جن کے شوہران کو بلانا تو در کنار دیکھنا بھی پسند نہیں کرتے' جن کے شوہر انہیں مارتے ہیں' خرچہ نہیں دیتے یا وہ بہنیں جو ماں باپ کے گھر بیٹھی ہیں۔ اب میں آتی ہوں اپنے مشاہدات کی طرف۔ میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے آپ کی شہرہ آفاق کتاب ''مجھے شفاء کیسے ملی؟'' اس میں ایک تعویذ محبت تھا' میں نے اور میری کزن نے صرف اور صرف غریب بے سہارا اور جو اس تعویذ کی حقدار تھیں' انہیں یہ تعویذ دیا۔ محترم حضرت حکیم صاحب! آپ یقین جانیے بہت بہت عورتوں کو فائدہ ہوا' میری کزن ہیلتھ ورکر ہے وہ عورتوں کے مسائل بتاتی ہے تو میں یہ تعویذ اسے دیتی ہوں تو میری کزن بتاتی ہیں کہ لوگ تمہیں بہت دعائیں دیتے ہیں۔ میری ایک کزن کے شوہر پر کسی نے کالا جادو کروایا ہوا تھا' اس کا اور اس کے شوہر کا بات بات پر جھگڑا ہوتا تھا' مار کٹائی رہتی۔ ہر دوسرے دن میرے پاس آتی اور اپنے جسم پر پڑے نیل دکھاتی۔ تو میں نے اسے یہ تعویذ دے دیا تو اس کا شوہر اب اس کی ہر بات چھوٹے بچوں کی طرح مانتا ہے۔ اس کزن کی والدہ مجھ دعائیں دیتی ہے کہ شکر ہے میرے گھر داماد اور میری بیٹی کی زندگی میں سکون آیا' پھر یہی تعویذ ایک اور عورت کو دیا اس کا شوہر خرچ نہیں دیتا تھا' مارتا تھا' گھر سے آدھی آدھی رات مار کے باہر نکال دیتا تھا' ساس مارتی تھی وہ اپنی ماں کے گھر سے بچوں اور خود کو پال رہی تھی پھر اسے یہ تعویذ دیا تو آج اس کا شوہر اسے خرچ دے رہا ہے' بچوں کا الگ اس کا الگ' اس کی ساس جو گالی کے علاوہ بات نہیں کرتی تھی وہی اب ''میری بیٹی میری بیٹی'' کہہ کر بلاتی ہے۔ اسی میری دوست کے بھائی اور بھابی میں ہروقت لڑائی جھگڑا رہتا' پتہ کروانے پر معلوم ہوا کہ کسی نے کچھ کروایا ہوا ہے' بیوی ہروقت جھگڑتی' بات نہ مانتی' نماز ذکر قرآن کچھ بھی نہیں۔ اس کے شوہر نے یہی تعویذ باندھا تو اب اس کے گھر میں آرام اور سکون ہے' وہ نماز پڑھنا سیکھ رہی ہے۔ الحمدللہ! بہت سی میری غریب اور نادار بہنیں جو اس کی حق دار تھیں ان کو میں نے یہ تعویذ دیا تو ان کو جادو جنات سے چھٹکارا ملا' گھر میں سکون آیا' گھریلو جھگڑوں سے نجات ملی۔ نوٹ: جن خواتین کی شادی میں رکاوٹ ہو وہ بھی یہ تعویذ گلے میں ڈال سکتی ہیں۔ آخر میں تعویذ محبت تحریر کرتی ہوں۔ سولہ خانے بنا کر نمبروار تحریر کرنا ہے۔

(خانہ 1) يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ نیچے یَاغَفَّارُ (خانہ 2) وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ (بقرہ آیت 165) نیچے یَارَحِيْمُ اس طرح (خانہ 3) وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ نیچے یاکریم وغیرہ نقشہ حاضر خدمت ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یاللطیف	يحبونهم كحب الله یاقہار	القاهر العزيز لنديد یاودود	والذين امنوا اشد حبالله یاللطیف	والقيت عليك محبة مني یارحمن	یاللطیف
بسم اللہ الرحمن الرحیم	والذين امنوا اشد حبالله یاکریم	والقيت عليك محبة مني یاکریم	يحبونهم كحب الله یارحمن	القاهر العزيز لنديد یارحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم
	والقيت عليك محبة مني یاکریم	والذين امنوا اشد حبالله یارحیم	القاهر العزيز لنديد یارحیم	يحبونهم كحب الله یاکریم	
یاودود	القاهر العزيز لنديد یاودود	يحبونهم كحب الله یاللطیف	والقيت عليك محبة مني یارحمن	والذين امنوا اشد حبالله یارحیم	یاودود

[illegible]

دائیں بازو پر باندھ کر عطر و خوشبو لگائیں یہ عمل ہر جائز محبت کیلئے کیا جاسکتا ہے خاص طور پر میاں بیوی (مخالفت زوجین کیلئے مفید ہے) دوسری جگہ جائز نہیں بلکہ حرام ہے۔

نوٹ: ناجائز کرنے والا سخت نقصان اٹھائے گا۔

شیخ ارسلان' شالی لاہور

خود اعتمادی نہ ہونے کی وجہ

جس انسان میں خود اعتمادی نہیں ہوتی وہ ہر ناکامی کو اپنی تقدیر کا نوشتہ قرار دے کر پست تر پست ہوتا چلا جاتا ہے۔

ایک ماہر نفسیات خود اعتمادی نہ ہونے کے اسباب سے متعلق تفصیل سے لکھتے ہیں جو اختصار کے ساتھ پیش خدمت ہے۔ لکھتے ہیں کہ اپنے آپ پر یقین رکھنا جہاد کا جذبہ رکھتا ہے مگر جن لوگوں میں خود اعتمادی نہیں ہوتی' ان کے دلوں میں یقین کی حرارت پیدا نہیں ہوتی۔ وہ انسان جو اپنی صلاحیتوں پر یقین رکھتا ہے۔ ناکامی کو آخری اور حتمی ماننے سے انکار کر دیتا ہے اور حصول مقصد کیلئے مسلسل جدوجہد کرتا رہتا ہے۔ جس انسان میں خود اعتمادی نہیں ہوتی وہ ہر ناکامی کو اپنی تقدیر کا نوشتہ قرار دے کر پست تر پست ہوتا چلا جاتا ہے۔ خود اعتمادی کا فقدان عملی زندگی میں کس شکل میں نمودار ہوتا ہے؟ اگر آپ اس اہم سوال کا جواب ذہن نشین کر لیں تو آپ کو اپنے کردار کا نقص دور کرنے میں بڑی مدد ملے گی اور اس کی ہزاروں بلکہ لاکھوں کروڑوں شکلیں ہو سکتی ہیں مگر ان سب میں ایک چیز مشکوک ہوتی ہے۔ خود اعتمادی نہ رکھنے والے اس وہم میں پڑے رہتے ہیں کہ نامعلوم لوگ اس کے بارے میں کیا سوچ رہے ہیں یا فلاں موقع پر کیا سوچیں گے اور وہ اس وہم کو اپنے لیے ایک مستقل رکاوٹ بنا لیتے ہیں! اگر آپ میں خود اعتمادی کا فقدان ہے اور آپ اپنے حالات پر غور کریں تو آپ کو بھی اپنی زندگی میں یہی عیب نظر آجائے گا آپ کو یا تو کسی کی علامت کا خوف ہوگا یا آپ کسی کی نظروں میں احمق بننے سے خائف ہوں گے۔ اگر آپ کو اسی طرح کی ذہنی عادت ہے تو گویا آپ ایک عذاب میں مبتلا ہیں جو آپ کے قلب اور دماغ کو مسلسل بیکار کئے ہوئے ہے۔ آپ کو اس عذاب میں مبتلا ہونے کی حالت میں یہ بھی محسوس ہو رہا ہوگا کہ اور لوگ خوش و خرم اور مطمئن ہیں اور صرف آپ پریشان ہیں آپ ان جیسا بننے کی آرزو کریں گے مگر یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک آپ اپنے اندر خود اعتمادی پیدا نہ کرلیں مگر اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ یہ کوئی مشکل یا ناممکن کام ہے آپ بھی اوروں کی طرح بے فکر اور خوش و خرم رہ سکتے ہیں۔ یہ خیال ہرگز دل میں نہ لائیے کہ آپ میں جو خرابی پائی جاتی ہے یہ آپ کا مزاج کا خاصہ ہے اور آپ اس سے کسی طرح بھی پیچھا نہیں چھڑا سکتے۔ آپ بھی خود اعتماد بن سکتے ہیں۔ شرط صرف یہ ہے کہ آپ اس کیلئے کوشش کرنے پر ہمہ تن آمادہ ہوں۔

ادویات کا نہیں ٹانگوں کا سہارا لیں اور صحت مند رہیں

(خالد محمود وارثی)

میں نے راستہ روک کر ان سے پوچھا کہ وہ اس عمر میں اتنی تیزی سے کیوں اور کیسے چلتے ہیں ان کی سیر کہاں سے شروع ہوتی اور کہاں ختم ہوتی ہے؟ وہ بزرگ میرے اس سوال پر مسکرائے اور یوں گویا ہوئے۔ ''یہ میری تفریح نہیں بلکہ زندگی کا معمول ہے

یہ 1960ء کی بات ہے میں نیا نیا لاہور سے ملتان آیا تھا اور چونکہ میں شروع سے صبح کی سیر کا عادی ہوں اس لئے حسن پروانہ کالونی سے سیر کرتا ہوا کمپنی باغ کی طرف نکل جاتا اور پھر وہاں سے واپس لوٹ آتا تھا۔ میں روزانہ ایک بزرگ کو دیکھتا جو انتہائی تیزی سے قدم بڑھاتے ہوئے شیر شاہ روڈ کی طرف نکل جاتے، انکے سر کے بال بھی سفید تھے اور چہرے پر چھوٹی سی خوبصورت ڈاڑھی وہ بھی تقریباً سفید، عمر ساٹھ سال کے لگ بھگ ہوگی لیکن ان کے چلنے کے انداز میں تیزی طراری کا عمر سے کوئی تعلق نظر نہیں آتا تھا۔ شام کو مغرب کے بعد جب میں سیر کو نکلتا تو یہ بزرگ اسی چستی اور تیزی سے واپس آتے بھی نظر آجاتے۔ یہ ان کا روزانہ کا معمول تھا ایک دن مجھ سے نہ رہا گیا میں نے راستہ روک کر ان سے پوچھا کہ وہ اس عمر میں اتنی تیزی سے کیوں اور کیسے چلتے ہیں ان کی سیر کہاں سے شروع ہوتی اور کہاں ختم ہوتی ہے؟ وہ بزرگ میرے اس سوال پر مسکرائے اور یوں گویا ہوئے۔ ''یہ میری تفریح نہیں بلکہ زندگی کا معمول ہے میں اسماعیل آباد ملز میں ملازم ہوں اور روزانہ بوہر گیٹ سے مظفر آباد ملز میں ڈیوٹی پر جاتا ہوں اور شام کو بھی پیدل ہی واپس آتا ہوں اور چونکہ فاصلہ ذرا زیادہ یہی کوئی سات آٹھ میل ہے اس لئے اگر میں تیز نہ چلوں تو وقت پر ڈیوٹی پر نہیں پہنچ سکتا اور یہ عمل میں گزشتہ دس بارہ سال سے کر رہا ہوں' سردی گرمی برسات اور کوئی بھی موسم میرے اس معمول میں رخنہ انداز نہیں ہوسکا۔ انہوں نے بتایا کہ پیدل چلنا میری ضرورت بھی ہے زندگی بھی ہے اور یہی میری خوشی کا سامان بھی ہے''۔ سحر خیزی اور صبح کی سیر کا ایک شاعرانہ تصور بھی ہے اور وہ یہ کہ ہم منہ اندھیرے کسی باغ یا بڑے پارک کی طرف نکل جائیں یا پھر ندی نالے کے کنارے یا کسی پہاڑی کے دامن میں قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہوئے سیر کریں اور کہیں کہ سبحان اللہ! کیا پر فضا مقام ہے ہرے بھرے درختوں پر پرندے چہچہا رہے ہیں پہاڑی سے اترتا ہوا جھرنے کا پانی ترنم ریزی کے ساتھ رواں دواں ہے۔ تازہ ہوا کے نرم جھونکے سانس کو معطر کر رہے ہیں اور جی چاہتا ہے کہ صبح کی یہ تازگی پورے جسم و جاں میں سرایت کر جائے۔ لیکن سچ تو یہ ہے کہ پیدل سیر کرنے کیلئے جگہ اور وقت کی کوئی شرط نہیں ہے شہر ہو یا دیہات' صبح ہو شام آپ اپنی سیر کیلئے جگہ اور قوت کا تعین اپنی مرضی سے کر سکتے ہیں سائنسی نقطہ نظر سے یہ شرط ضرور ہے کہ سیر کا عرصہ نصف گھنٹے سے ہرگز کم نہ ہو اور چلنے کی رفتار بھی سست نہ ہو لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ آپ سرپٹ بھاگتے رہیں اور دائیں بائیں مڑ کر بھی نہ دیکھیں! نہیں! بلکہ ہونا یہ چاہیے کہ سیر کرتے وقت آس پاس کے مناظر کا مشاہدہ کریں قدرت کی رعنائیوں پر نظر ڈالیں اور اگر جی چاہے تو تھوڑی دیر کہیں بیٹھ بھی جائیں۔ اچھی خوشگوار اور تیز رفتار سیر کے بعد ہمیشہ تازگی اور توانائی کی ایک نئی لہر آپ کے جسم و جاں کو محسوس ہوگی۔ پیدل چلنا ایک سائنسی ورزش ہے اور اس کے بے شمار فائدے ہیں مثلاً یہ کہ اس سے دوران خون میں تیزی اور باقاعدگی پیدا ہوتی ہے جسم میں توانائی کی لہر بیدار ہوتی ہے' ذہنی اور جسمانی تناؤ کم ہوتا ہے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت نکھر آتی ہے طبیعت ہشاش بشاش رہتی ہے اور عمر لمبی ہوتی ہے۔ حال ہی میں امریکی ماہرین صحت کی ایک منتخب ٹیم نے سترہ ہزار مردوں اور عورتوں کی عادات و اطوار پر برسوں کی تحقیق کے بعد یہ رائے دی ہے کہ جو لوگ پیدل چلتے ہیں اور ورزش کرتے ہیں وہ دل کی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں اچھی صحت کا لطف اٹھاتے ہیں اور زیادہ عرصے تک اس عالم رنگ و بو میں زندہ رہتے ہیں۔ ورزش کے یوں تو ہزاروں طریقے ہیں لیکن پیدل چلنا سب سے آسان اور سب سے بہتر ورزش ہے ان ماہرین کی رپورٹ یہ ہے کہ جو لوگ ہفتے میں 9 میل پیدل چلتے ہیں وہ ہفتے میں تین میل چلنے والوں کے مقابلے میں زیادہ لمبی عمر پاتے ہیں۔ ذہنی اور جسمانی تناؤ اور کشیدگی ختم کرنے کے سلسلہ میں پیدل چلنا ایک لاجواب نسخہ ہے جن لوگوں کو خود تجربہ ہے وہ یقیناً اس کی گواہی دیں گے لیکن جن لوگوں کو ذاتی تجربہ نہیں ہے انہیں ماہرین صحت کی اس بات پر اعتبار کر لینا چاہیے کہ پیدل چلنا ایک ایسا عمل ہے جس کے تمام اعصاب اور جوڑ حرکت میں آجاتے ہیں اور یہ حرکت طبعی اور نفسیاتی طور پر خوشگوار اثرات مرتب کرتی ہے۔ آج کل کون نہیں جانتا کہ موٹاپا بہت سی بیماریوں کی علامت ہے اس لئے آج کا انسان وزن گھٹانے کے ہزار جتن کر رہا ہے سلمنگ کے مرکزوں میں حاضر دیتا ہے، ہزاروں روپے برباد کرتا ہے، مشینوں اور مختلف دواؤں کا سہارا لیتا ہے لیکن وہ خود اگر اپنی دونوں ٹانگوں کا سہارا لے اور پیدل چلنے کا نسخہ آزمائے تو بیماری کا علاج خود اپنے اختیار میں ہے اور اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے۔ آیئے ہم جدید سائنسی تحقیقات کی روشنی میں دیکھتے ہیں کہ ورزش اور غذا جسم پر کیا اثرات مرتب کرتی ہے صحت کے ممتاز ماہرین نے پچیس ایسی خواتین کو جن کا وزن بہت زیادہ تھا ایک طے شدہ پروگرام پر عمل کرنے کی تاکید کی جس کا مقصد یہ تھا کہ وہ اپنے جسم میں روزانہ پانچ سو کیلوریز یا حرارے کم کریں ان خواتین کو تین گروپوں میں تقسیم کر دیا گیا۔

1۔ غذائی گروپ۔ اس گروپ میں شامل خواتین نے خوراک میں پانچ سو حراروں کی کمی کر دی اور ورزش میں کوئی تبدیلی نہ کی یعنی پہلے کی طرح جاری رکھی۔ 2۔ ورزش گروپ۔ اس گروپ کی خواتین نے روزانہ پانچ سو حرارے گھٹائے لیکن خوراک پہلی ہی رکھی۔ 3۔ غذائی اور ورزشی گروپ۔ اس گروپ کی خواتین نے روزانہ خوراک میں ڈھائی سو حرارے کم کر دیئے اور اتنی ورزش کی کہ ڈھائی سو حرارے ضائع ہو جائیں۔ نتیجہ یہ نکلا کہ پہلے اور تیسرے گروپ میں شامل عورتوں میں سے ہر ایک کا وزن بارہ پاؤنڈ کم ہو گیا جبکہ دوسرے گروپ والیوں کا ساڑھے دس پونڈ کے قریب وزن کم ہوا لیکن غذائی گروپ کے مقابلے میں باقی دونوں گروپوں کی عورتوں کے جسم میں داخل کریں اس سے ساڑھے تین ہزار حرارے خرچ کریں لہٰذا ہر ہفتے ایک پونڈ وزن کم کرنے کیلئے لازم ہے کہ آپ کے جسم میں روزانہ پانچ سے حرارے کم ہوتے رہیں اور اس کی سب سے آسان ترکیب یہ ہے کہ آپ ہر ہفتے پندرہ میل پیدل چلیں اگر غذا میں بھی تھوڑی سی احتیاط برتیں تو آپ کا مسئلہ زیادہ جلدی حل ہو سکتا ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ورزش سے بھوک بڑھتی ہے اور اس طرح جسم میں اور زیادہ کیلوریز کا اضافہ ہو جاتا ہے لیکن یہ بات درست نہیں اور ایسی باتیں وہ کرتے ہیں جو ورزش کے بے شمار فوائد کو نظر انداز کرنا چاہتے ہیں کسی بھی ورزش سے پورا فائدہ اٹھانے کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ مسلسل اور باقاعدہ ہو۔ پیدل چلنا ایک ایسی ورزش ہے جس کیلئے کسی مشیر، کسی کوچ، کسی ڈاکٹر یا مشین کی ضرورت نہیں ہے اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور اس میں جو محنت ہے اس کا بھی ایک خاص لطف ہے۔ لہٰذا آپ کے لئے ہمارا مخلصانہ مشورہ یہی ہے کہ سادہ غذا کھائیں اور اپنے حوصلے کے مطابق پیدل چلیں اور خوش و خرم زندگی بسر کریں۔

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا دامت برکاتہم العالیہ عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی نامور شہرہ آفاق کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

نیت کی اہمیت

بزم امین کی ہندی مجلس میں اس نو سالہ بچی نے تقریر کی تو دل و دماغ کے دریچے کھول دیئے' اس نے تقریر شروع کی تو بولی: آپ کسی بس میں سوار ہوئے' کنڈیکٹر آیا' آپ نے اس کو پیسے دیئے کہ ٹکٹ دے دو' کنڈیکٹر نے پوچھا کہاں کا؟ آپ نے کہا یہ تو پتہ نہیں کہاں جانا ہے؟ کہیں کا بھی دے دو' آپ سفر کر رہے ہیں اور آپ کو یہ بھی پتہ نہیں کہ ٹکٹ کہاں کا لینا ہے تو آپ سفر کس طرح کریں گے؟ یہی حال اس انسان کا ہے جو زندگی کے اس سفر میں عمل تو کر رہا ہے مگر اس عمل میں اس کی نیت کچھ بھی نہیں ہے بلکہ بے نیت مسافر کا حال' سچی بات یہ ہے کہ بے ٹکٹ مسافر کا ہے' آپ نے دیکھا ہوگا جگہ جگہ بسوں پر اسٹیشنوں پر بس اڈا پر لکھا رہتا ہے' تختیاں لگی رہتی ہیں'' بنا ٹکٹ یاتری ہوشیار' کڑی سزا ملے گی'' بے ٹکٹ سفر کرنے والا مسافر سزا کا مستحق ہے۔ اسی طرح بے نیت عمل کرنے والے کا حال بھی ہے کہ اللہ کا دیا ہوا وقت اور صلاحیت' آدمی بے نیت کسی عمل پر خرچ کر رہا ہے تو اس کا وقت اور ساری صلاحیت وقوت بے مقصد ضائع ہو رہی ہے۔ یہی سزا کیا کم ہے پھر دوسری بات یہ ہے کہ اگر نیت صحیح کر کے اخلاص نیت کے ساتھ یہ کام کرتا تو کتنا اجر ملتا' یہ اجر و ثواب اس کو نہیں ملے گا یعنی ہونے والے نفع سے بھی آدمی محروم رہے گا تو بے نیت کی اجر و ثواب سے محرومی اور وقت و صلاحیت کا ضیاع دوہری سزا ہوئی اور غلط اور بری نیت کرنے والا بدنیت آدمی تو غلط ٹکٹ لے کر سوار ہونے والے کی طرح ہے' جانا تو دہلی ہے اور ٹکٹ سہارن پور کا لے کر بس پر بیٹھ گیا تو اسے بے ٹکٹ سفر کرنے کا جرمانہ تو دینا ہی پڑے گا اور سہارن پور کے ٹکٹ کے پیسے مزید برباد گئے' یہ تو اور بھی خسارہ ہوا۔ اسی طرح گرچہ اور منزل تو ہے اللہ کی رضا اور اللہ کی رضا کی جگہ جنت اور جنت میں اعمال پر اجر و ثواب کے وعدے ہیں تو اگر آدمی اس کی نیت نہ کرے' نام و نمود' دکھاوا اور ریاکاری کیلئے عمل کرے تو اس کی محنت تو ضائع ہوگی ہی، اللہ کی طرف سے ایسے اعمال پر سزا بھی ملے گی ہم نے فضائل اعمال میں پڑھا ہے کہ میدان محشر میں سب سے پہلے تین لوگوں کا حساب ہوگا' اس میں ایک عالم ہوگا، اس سے پوچھا جائے گا تجھے علم دیا گیا تو نے اس کا کیا حق ادا کیا؟ وہ کہے گا الٰہی! میں نے علم حاصل کیا اور بہت لوگوں کو پڑھایا اور وعظ و تقریر بھی کی، حکم ہوگا تو جھوٹا ہے یہ سب اس لیے کیا کہ لوگ عالم کہیں، سو کہا جا چکا اور منہ کے بل جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ پھر مال دار کو بلایا جائے گا اس سے بھی سوال ہوگا ہم نے تجھے مال دیا اس میں ہمارا کیا حق ادا کیا؟ وہ کہے گا میں نے مال، غریبوں ضرورت مندوں اور خیر کے کاموں میں خرچ کیا، حکم ہوگا جھوٹا ہے تو نے یہ سب اس لیے خرچ کیا کہ سخی کہا جائے' سو کہا جا چکا اور منہ کے بل جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ اس کے بعد ایک شہید کو بلایا جائے گا اس سے بھی سوال ہوگا، ہم نے تجھے جوانی دی تھی اس میں ہمارا کیا حق ادا کیا؟ وہ عرض کرے گا، میں نے تیرے راستہ میں جہاد کیا اور اپنی جان قربان کر دی، حکم ہوگا، جھوٹا ہے، یہ سب اس لیے کیا کہ شہید کہا جائے سو کہا جا چکا اور اس کو بھی منہ کے بل جہنم میں ڈال دیا جائے گا، اللہ تعالیٰ معاف فرمائیں۔ تو بے نیتی اور بدنیتی کس قدر محرومی اور بدبختی کی بات ہے۔ چند سال پہلے یہ تقریر اپنی بچی سے بزم امین کی مجلس میں میں نے سنی تھی۔

کتنی بار اس تقریر نے مجھے خبردار کی، بار بار دل کی گہرائی سے، بلکہ روئیں روئیں سے دعا نکلی، الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ، مولائے کریم نے دین اسلام میں، دعوت کو ہمارا مقصدی فریضہ بنا کر دل و دماغ اور علم و عمل کے دریچے کھولنے کا کیسا مبارک نظام بنایا، جب آدمی دعوت کی راہ میں قدم رکھتا ہے اور دعوت سیکھنے کیلئے پرتولتا ہے تو نہ صرف اس کی عملی زندگی سنورتی ہے بلکہ اس پر اللہ کی رحمت سے علم و حکمت کے عجیب و غریب دریچے کھلتے ہیں اس نو سالہ بچی نے اخلاص نیت کی اہمیت اور بدنیتی اور بے نیتی کے سلسلہ میں ایک ایسی مثال سے بات سمجھائی جو نہ کسی کتاب میں پڑھی' نہ کسی حکیم سے اس سے پہلے سنی۔ بلاشبہ دعوت زندگی کے ہر موڑ اور ہر مسئلہ کیلئے شاہ کلید ہے۔

(بقیہ: مشکلات دور' حاجات منوانے کا آسان ٹوٹکہ)

کیلئے بھی دعا مانگی' وہ ایک ناجائز مقدمے میں پھنسے ہوئے تھے۔ جج نہ تو سزا دے رہا تھا اور نہ ہی رہا کر رہا تھا۔ بس مسلسل پیشیاں پڑ رہی تھیں میں نے درس کے بعد دعا کی تو دو گھنٹے کے بعد اطلاع آئی کہ ماموں رہا ہو کر باہر آ گئے تھے۔ مجھے یقین ہے کہ جہاں اللہ تعالیٰ نے میری یہ دعا قبول فرمائی ہے وہیں میری باقی دعائیں بھی قبول کی ہیں بلکہ جو مجمع تسبیح خانہ لاہور میں بیٹھا تھا یا جو جہاں بھی انٹرنیٹ کے ذریعے ان دعاؤں میں شامل تھا اللہ تعالیٰ نے سب کی دعائیں قبول کی ہیں۔ اللہ پاک ہمارے حضرت کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ان کو خوشحالیاں اور ترقیاں عطا فرمائے۔ آمین۔

ٹوٹکوں کی بھرمار

بیماری سے نجات: یَا مَاجِدُ 10 بار پڑھ کر شربت پر دم کر کے جو پی لیا کرے انشاء اللہ عزوجل بیمار نہ ہوگا۔ **جو امراء کے دروازے پر آیا:** جو امراء کے دروازے پر آیا، وہ فتنے میں پڑا، جس قدر اس کے نزدیک ہوا اتنا ہی خدا تعالیٰ سے دور ہوا ☆ ایمان دو نصف ہیں۔ نصف صبر اور نصف شکر ہے۔ **نظر کمزور نہیں ہوگی:** غسل کرنے سے پہلے پاؤں کے انگوٹھوں پر سرسوں کا تیل ملیے۔ کبھی نظر کمزور نہ ہوگی چاہے عمر سو سال سے تجاوز کر جائے۔ **رحمتوں کے سائے میں:** یَا مُقْتَدِرُ 20 بار جو روزانہ پڑھ لیا کرے گا انشاء اللہ عزوجل رحمتوں کے سائے میں رہے گا۔ **جنت کا ضامن** جس شخص نے اپنی زبان اور شرمگاہ کو قابو میں رکھا میں (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے واسطے جنت کا ضامن ہوتا ہوں، جو کوئی قصور کرے گا اسی سے اس کا مواخذہ کیا جائے گا۔ **ایماندار آدمی:** کے شایان شان نہیں کہ اپنے آپ کو ذلیل کرے۔ یعنی اس بلا میں ہاتھ ڈالے جس کے مقابلہ کی اس میں طاقت نہ ہو۔ **لو کا علاج:** اگر لو لگ جائے تو پالک کچی لیجئے اور اسے پیس کر اس میں ذرا سا پانی ملا لیجئے اور اسے پی لیجئے ایسا کرنے سے فوراً فائدہ حاصل ہوگا۔

مزید روحانی و جسمانی ٹوٹکے پانے کیلئے آج ہی دفتر ماہنامہ عبقری سے کتاب ''عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے'' (جلد اول' دوم) لائیے' آزمودہ ٹوٹکے پائیے۔

میاں بیوی کی محبت کیلئے خاص الخاص عمل

قارئین! گھریلو ناچاقی' میاں بیوی کی محبت' سالہا سال بیٹیاں ماں باپ کے گھر بیٹھی رہتی ہیں۔ ازراہ کرم! اپنے خصوصی تجربات اور مشاہدات میں سے کوئی نقش ہو وظیفہ ہو یا ٹوٹکہ ہو جس سے میاں بیوی کی محبت حیرت انگیز طور پر بڑھ جائے ضرور لکھیں! ہرگز نہ بھولیں۔ آپ نے آزمایا ہو یا آپ کے کسی قریبی نے آزمایا ہو بس صرف آزمایا ہوا لکھیں۔ کتابوں سے نقل کر کے نہ بھیجیں۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کروڑوں کیلئے صدقہ جاریہ ہے۔ جو لوگوں کا گھر بسائے گا اللہ اس کا اور اس کی نسلوں کا گھر آباد و شاد رکھے گا۔ (ایڈیٹر عبقری کی اپیل)

پھوڑے پھنسی کا خاتمہ: پھوڑے پھنسی کے خاتمہ کیلئے روغن کنجد دیسی انڈے کی سفیدی میں ملا کر متاثرہ جگہ پر لیپ کریں۔ چند بار ایسا کرنے سے پھوڑے پھنسی کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔

جنات کے پیدائشی دوست نے مجھے نئی زندگی دی

''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھنے کی وجہ سے ہی میں نے نیت کی تھی کہ یا اللہ میرے اوپر نیچے' دائیں بائیں پیچھے تو سب کو جنات' جادو' ٹونے' حسد' بغض' چغلی' سود اور حرام مال سے ہمیشہ کیلئے بچادے۔

پیدائشی دوست نے مجھے بچالیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ پچھلے ساڑھے تین سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ اس رسالے کے ملنے سے پہلے میں بہت سی مشکلات میں گھری ہوئی تھی خاص کر جنات نے ہمارے گھر کو جہنم بناڈالا تھا۔ میں ڈیپریشن کا شکار ہوچکی تھی' زندگی سے مایوس تھی۔ پھر مجھے عبقری ملا اور عبقری میں موجود مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' نے مجھے نئی زندگی دی۔ اس مضمون نے مجھے اتنا سکون دیا کہ پڑھتے وقت صرف ایک لائن پر انگلی پھیرتی ہوں تب بھی بہت سکون قلبی ملتا ہے۔ میرے دل سے اب جنات کا خوف دور ہوگیا ہے۔ اب سب مومن مومنات مسلم مسلمات کی مدد بڑھ چڑھ کر کرنے کی بھرپور کوشش کررہی ہوں۔ رات کو جنات خواب میں آتے ہیں' صبح اٹھ کر فوراً کہتی ہوں ''اب نہیں ڈروں گی'' بہت زیادہ تنگ کررہے ہیں' سوتے ہوئے بازو اٹھا کر پٹخ دیتے ہیں' اب میں نے سب کی نیت کی ہے تو مجھے خواب میں آیا کہ ''میرے پرانے گھر میں بہت سی بلیاں ہیں اور میں اور میرا بھائی ہیں' وہ کہتی ہیں کہ تم کو اور تمہارے گھر والوں کو اور تمہارے بھائی کو قتل کردیں گے۔ ہماری چھت پر پرندے دانہ کھاتے تھے' میں نے دو ماہ سے ان کو کچھ نہیں ڈالا تو میرے خواب میں آکر مجھے کہتے ہمیں بھوک لگی ہے دو ماہ سے کچھ نہیں کھایا' کان میں چڑیا کہتیں تم ہم کو باجرہ اور پانی دو۔ اب میں ان کو بہت پیار سے باجرہ اور پانی دیتی ہوں' میں کہتی ہوں اللہ تعالیٰ مجھے معاف کرنا تیری مخلوق کو دو ماہ سے کچھ نہیں دے سکی۔'' محترم حضرت حکیم صاحب! میرے گھر کے اوپر ایک انکل رہتے ہیں وہ سخت بیمار ہیں' چل پھر نہیں سکتے میں نے ان کی نیت کی تھی کہ اے اللہ کریم میں ان کو بھی تیرے کلام کے نور سے ملواؤں گی تو ان پر رحم کر تو تب میں نے یہ خواب دیکھا کہ بہت سے جادوگر ہیں اور میں ان کے پاس جاتی ہوں اور وہ ڈر جاتے ہیں کیونکہ میں آج کل سب کی نیت سے یَاقَهَّارُ پڑھ رہی ہوں۔ ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھنے کی وجہ سے ہی میں نے نیت کی تھی کہ یا اللہ میرے اوپر نیچے' دائیں بائیں پیچھے تو سب کو جنات' جادو ٹونے' حسد' بغض' چغلی' سود اور حرام مال سے ہمیشہ کیلئے بچادے۔ پہلے میری تسبیح گم ہوجاتی تھی' سارا سارا دن ڈھونڈتی ملتی نہ تھی اب گم ہوجاتی ہے تو خود بخود کوئی میری جھولی میں پھینک جاتا ہے۔ میرے گھر سے پہلے پیسے گم ہوجاتے تھے مگر اب الحمدللہ کافی عرصہ سے سکون ہے۔ عبقری کا رسالہ پڑھنے سے نور ہی نور مل رہے ہیں۔ الحمدللہ! ہم نے گھر میں فلمیں دیکھنی اور گانے سننے چھوڑ دیئے ہیں انشاء اللہ یَاقَهَّارُ کا پڑھنا مزید سب کچھ ٹھیک کردے گا۔ مجھے اب کسی چیز کا نہ ڈر ہے نہ پروا۔ یَاقَهَّارُ کی وجہ سے اللہ رب العزت کی ایسی شان عظمت ظاہر ہوگی کہ بس کمال ہوجائے گا انشاء اللہ۔ اب میں بہت فریش رہتی ہوں ڈرتی بالکل بھی نہیں ہوں۔ اب میں نے اپنی زندگی کے چند گھنٹے مخصوص کیے ہیں کہ سب کو میسج کرکے پوچھا کروں گی کہ گھر میں کیسے ہیں؟ سب گھر کے حالات' کوئی دکھ' کوئی تکلیف۔ میرے اس عمل سے میری صحت دن بدن بہتر ہورہی ہے۔ میں ڈیپریشن سے نکل رہی ہوں۔ پیدائشی دوست کے ملنے سے پہلے کا وقت بہت مشکل تھا' کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی۔ اب بہت تیزی کے ساتھ عام زندگی پر آرہی ہوں۔ زندگی میں ہر طرح سے بھلائی اور خیر خواہی ہے۔ بس! اللہ کریم مجھ پر اپنے کرم ولطف کی بارشوں کو دن بدن بڑھاتے جائیں اور نور ہی نور عطا کرتے جائیں۔ آمین ثم آمین۔ (ف۔ا، بورے والا)

حیرت کا انوکھا جہاں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتی ہوں اس میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے کالم کے تو کیا کہنے ہیں۔ سبحان اللہ! میں ان کا کالم انتہائی سے شوق سے پڑھتی ہوں اور کتاب ''جنات کا پیدائشی دوست جلد اول'' بھی لائی ہوں۔ کیا حیرت کا انوکھا جہان ہے۔ میرے پاس الفاظ ہی نہیں ہیں کہ میں ان کے بارے میں کیا لکھوں اور جب میں صحابی بابا کے بارے میں پڑھتی ہوں تو حیرت میں ڈوب جاتی ہوں کہ صحابی علامہ صاحب کے ساتھ ہیں؟ واہ بھئی واہ! بس حضرت حکیم صاحب! میرے پاس علامہ صاحب کی تعریف کیلئے واقعی کوئی الفاظ نہیں۔ میں نے ان کے کالم میں سے بہت سے وظائف خود بھی پڑھے اور لوگوں کو بھی بتائے۔ خاص طور پر ان کے کالم میں یا قہار کا وظیفہ بہت سے دکھی جادو و جنات کے ڈسے ہوؤں کے بتایا۔ الحمدللہ! جس جس نے بھی یقین اور توجہ کے ساتھ پڑھا اللہ نے اس کی جان جادو جنات سے چھڑوادی۔ (غ۔ش)

ناف نکالنے اور چیک کرنے کا آسان طریقہ

جس کو ناف اتر جائے یا چڑھ جائے وہ صبح نہار منہ اکڑوں بیٹھے یعنی پاؤں کے بل دونوں پاؤں ملا کر اگر پاؤں نہ ملا سکے تو کوئی حرج نہیں۔ سامنے کوئی نرم غذا حلوہ بسکٹ وغیرہ رکھ لے۔ دو یا اڑھائی فٹ لمبا ڈنڈا یا پائپ اپنے گھٹنوں میں دبا کر بیٹھ جائے۔ دو یا تین منٹ اس کے بعد وہ غذا استعمال کرے اور کھانے کے بعد ڈنڈا نکال دے۔ ناف صحیح ہوجائے گی۔ ناف چیک کرنے کا طریقہ: کوئی دھاگہ یا فیتہ لے کر ناف پر رکھے اور دونوں مرد یا عورت پستان چیک کرے اگر برابر ہے تو صحیح اگر دھاگہ چھوٹا بڑا ہوجائے تو ناف گری یا اتر ہوئی ہے۔ (ابوسعدین' نیو ملتان)

درس کی برکت سے امتحان میں شاندار کامیابی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایم اے کے پیپرز تھے اور میری تیاری بالکل بھی نہ تھی' خیر جیسے تیسے کرکے پیپرز دیئے جو کہ بالکل بھی اچھے نہ ہوئے۔ مجھے بہت تشویش ہوئی۔ میں سارا دن دوران امتحان اور رزلٹ آنے تک درس اس نیت سے سنتی رہی کہ اللہ مجھے ایم اے کے امتحان میں پاس کردے۔ جب میرا رزلٹ آیا تو مجھے خود یقین ہی نہیں آرہا تھا کہ میں بہت ہی اچھے نمبرز کے ساتھ پاس ہوگئی ہوں۔ میں کبھی اپنے دیئے پیپرز کا سوچتی اور کبھی رزلٹ پر اپنے نمبرز دیکھتی۔ یہ سب درس کی برکات تھیں جو مجھے اچھے رزلٹ کی شکل میں ملیں۔ (ب۔آ)

(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)

میرے شوہر نے میرا زیور تک بیچ دیا تھا' اب ان کی گھر کے دوسرے سامان پر نظر تھی۔ میرے سسر بہت بڑے زمیندار ہیں' جس کی وجہ سے گھر کا گزر بسر بہت اچھے سے ہوجاتا ہے۔ پہلی دفعہ میرے سسر گھر میں عبقری لائے' میں نے پڑھا تو مجھے لگا کہ یہ میگزین نہیں اللہ نے ہماری مدد کا ذریعہ ہمارے گھر بھیج دیا ہے۔ میں نے اس میں موجود روحانی محفل اپنے شوہر کی نیت کرکے کرنا شروع کردی' میں نے اور میری امی (ساس) نے مسلسل دو سال روحانی محفل اپنے (ج) کی نیت کرکے کی۔ میں ہر محفل کے بعد اللہ سے رو رو کر اپنے شوہر کی اس نشے سے چھٹکارے کیلئے اللہ سے دعا مانگتی۔ الحمدللہ! میرے شوہر اب پہلے سے بہت بدل گئے ہیں' اب صرف سادہ سگریٹ پیتے ہیں باقی ہر قسم کا نشہ ختم کردیا ہے' برے دوستوں میں اٹھنا بیٹھنا ختم کردیا ہے' شام ہوتے ہیں گھر آجاتے ہیں اور آکر گھر والوں کے ساتھ خوب باتیں کرتے ہیں اور ہنستے کھیلتے ہیں۔ روحانی محفل اب بھی ویسے ہی جاری ہے' مجھے کوئی مسئلہ ہو' کوئی مشکل ہو' کوئی ضرورت ہو میں صرف روحانی محفل کرکے دعا کرتی ہیں اللہ کریم فرمادیتا ہے۔ (ٹ، کھاریاں)

حج پر جانے کی تمنا: اگر حج پر جانے کی شدید تمنا ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو تو کثرت سے پارہ نمبر 26 کی سورۂ فتح کی آیت نمبر 27 کو پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی وسیلہ بن جائے گا۔

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

آئیں تندرستی کے راز پائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو لمبی صحت اور تندرستی والی زندگی عطا فرمائے اور ہم جیسے بھٹکے ہوؤں اور گنہگاروں پر آپ کی شفقت اور دعائیں ہمیشہ رہیں۔ آمین ثم آمین۔ میں اور میری والدہ آپ سے نیٹ کے ذریعے بیعت ہوئے ہیں۔ میری آپ کے درس سننے اور عبقری پڑھنے کے بعد یہ خواہش پوری ہوئی کہ میں دوسروں کے کام آسکوں کیونکہ اب آپ کے بتائے وظائف میں ایس ایم ایس کے ذریعے اور کال کے ذریعے دوسروں کو بتا سکتا ہوں اور ماشاء اللہ بتاتا بھی ہوں۔ عبقری سے تعلق جڑنے سے پہلے میں بہت سے امراض کا شکار تھا جن سب سے بڑا مسئلہ جریان اور پیشاب کے بعد قطروں اور کبھی کبھی کسی بھی وقت قطرے خارج ہو جاتے جس کی وجہ سے نماز رہ جاتی۔ ایک مرتبہ عبقری میں آپ کا آرٹیکل ''آئیں تندرستی کے راز پائیں'' میں ایک نسخہ چھپا تھا جس کے جہاں اور بے شمار فوائد تھے ساتھ یہ دوا پیشاب کے بعد قطروں کیلئے بھی لاجواب تھی۔ میں نے یہ نسخہ بنایا تو اس کے لاجواب رزلٹ ملے۔ جیسے ہی میں نے اس دوا کا استعمال شروع کیا میرے قطروں کا مسئلہ بالکل ٹھیک ہو گیا۔ نسخہ درج ذیل ہے:۔

ھوالشافی:۔ پھٹکری خام یعنی پھول نہ کریں بلکہ اصلی حالت میں 10 گرام، کباب چینی 100 گرام دونوں نہایت باریک کر کے پیس لیں۔ چوتھائی چھوٹا چمچ دن میں 4 بار یا حسب ضرورت 6 بار کچی لسی یا پانی کے ہمراہ دیں۔ بس ایک احتیاط لازم اور نہایت توجہ طلب ہے اس وقت کباب چینی کی بجائے ایک اور دوائی ہے۔ اصلی کباب چینی کی نشانی یہ ہے کہ اس کے ساتھ ڈنڈی ہوگی یہ کالی مرچ کی طرح کے بیج ہوتے ہیں اگر ڈنڈی نہ ہو تو ہرگز ہرگز نہ لیں۔ اس دوا کے مزید فوائد یہ ہیں:۔ دل کے مریضوں کو جنہیں دورہ پڑ چکا ہو یا دورے کے اثرات اور علامات ہوں انہیں بہت فائدہ ہوا۔ معدے کے انفیکشن السر، تیزابیت، جھلی کا سکڑ جانا یا گیس تبخیر نے عاجز کر دیا ہو، غذا کی نالی جلتی رہتی ہو ایسی حالت میں یہ دوا لاجواب اثر رکھتی ہے۔ ہاتھ پاؤں کی جلن، سینے کی جلن، معدے کی جلن، طبیعت میں بے چینی، سانس پھولنا وغیرہ کے لئے جس جس نے آزمایا مفید پایا۔ جسم میں یورک ایسڈ کی زیادتی حتیٰ کہ ایسے ایسے مریضوں نے آزمایا جو یورک ایسڈ کو ختم کرنے کی ہر دوا سے عاجز آ چکے تھے۔ یورک ایسڈ کے مریضوں کیلئے لاجواب ٹانک۔ پیشاب کی بیماریوں میں یہ پیام شفاء سے کم نہیں، پیشاب کی جلن، قطرہ قطرہ آنا، پیشاب کی رکاوٹ، حتیٰ کہ پتھری کیلئے بھی۔ پیشاب سے پہلے یا بعد میں قطرہ گرنا۔ جگر کے امراض، ان سب عوارضات کیلئے یہ ایک نہایت مفید اور موثر دوائی ہے۔ مزید یہ نسخہ چالیس بیماریوں کا آزمودہ علاج ہے۔ یہ نسخہ میں نے کافی لوگوں کو دیا ہے الحمدللہ جس جس نے بھی آزمایا ہے لاجواب پایا ہے۔ (محمد شعیب، وہاڑی)

ایک مہینہ میں نکاح ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست ہے اس کی منگنی ہوئی تھی لیکن اس کا منگیتر دوسری لڑکیوں کے چکر میں تھا اور اس میں بالکل بھی دلچسپی نہیں لیتا تھا اور کوئی رابطہ اس کے گھر والوں کے ساتھ نہیں رکھتا تھا اور منگنی ختم کرنا چاہتا تھا۔ میں نے اپنی دوست کو بتایا کہ تم ہر دو گھنٹے بعد سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اپنے منگیتر کا تصور کر کے پڑھ کر اسے دم کر دیا کرو اور ساتھ روحانی غسل بھی بتایا۔ کچھ ہی دن یہ عمل کیا تھا کہ وہ لڑکا بدل گیا۔ لڑکیوں سے دوستی چھوڑ دی اور رابطہ کرنے لگا۔ منگنی کو کافی عرصہ ہو گیا تھا لڑکی والے شادی کا نہیں بتا رہے تھے میری دوست نے سورۂ فاتحہ اور اخلاص والا عمل کیا۔ یعنی اول و آخر تین مرتبہ درود شریف، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ یہ عمل کسی کا دل نرم کرنے کیلئے بھی کیا جا سکتا ہے اور ایک درس میں آپ دامت برکاتہم نے بتایا تھا جن لڑکیوں کی شادی میں رکاوٹ ہو یا لڑکے والے تاریخ نہ دے رہے ہوں یا جن کی شادی نہ ہو رہی ہو وہ کر سکتے ہیں اور سسرال والوں کو ہدیہ شروع کر دیا ایک مہینہ کے اندر اندر انہوں نے نکاح کر دیا۔ اللہ تعالیٰ اب اس کو خوش رکھے۔ آمین۔ (سارہ افضل

یاسلام سے انٹرویو میں کامیابی

اول و آخر درود شریف کے ساتھ سو بار یَاسَلَامُ پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ ہر مقصد میں کامیابی ہوتی ہے۔ یہ میرا آزمودہ ہے۔ میں نے کہیں نوکری کیلئے کاغذات جمع کروائے تھے، جب انہوں نے انٹرویو کیلئے بلایا تو میرے کزن نے مجھے بتایا کہ جانے سے پہلے درج بالا عمل کر لینا انٹرویو جیسا بھی ہو مگر تمہاری جاب پکی ہے۔ مجھے یہ عمل کسی بزرگ نے بتایا ہے۔ میں نے انٹرویو سے کچھ دیر پہلے یہ عمل کر لیا۔ (یہ عمل راستے میں نہیں کرنا وہاں پہنچ کر کرنا ہے)۔ میرا انٹرویو بالکل بھی صحیح نہیں ہوا مگر چند دن بعد ان کا فون آ گیا کہ آپ نوکری پر آ جائیں۔ اس کے علاوہ یَاسَلَامُ یا وردا گر ہمیشہ رکھا جائے تو سلامتی خوشیاں، عافیت، سکون اور روشن مستقبل مقدر بن جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ میرا ایک آزمودہ عمل ہے کہ جو کہ چالیس دنوں پر مشتمل ہے۔ اگر نیت اور توجہ سے کیا جائے تو چالیس دن سے پہلے بھی کام ہو جاتا ہے۔ عمل یہ ہے: اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ (النمل 62) کو عشاء کی نماز کی بعد ایک تسبیح پڑھنی ہے۔ (شیریں رحمٰن)

شوگر ختم کرنے کا بہترین ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یوں تو شوگر کے بہت سے ٹوٹکے ہیں مگر جو ٹوٹکہ آج قارئین کیلئے لکھ رہی ہوں یہ بہت ہی آسان اور کمال کا نسخہ ہے۔ شوگر کو ختم کرنے کیلئے گھٹنوں میں لعاب کم ہو جاتا ہے۔ پھر بہت سے مرض ہو جاتے ہیں تو ان امراض کیلئے بھی یہ نسخہ بہت نافع ہے۔

ھوالشافی: مٹی کا ایک پیالہ لیجئے اس میں شام پانچ بجے پانی ڈال دیجئے، اتنا پانی ڈالیے کہ اس میں سات بھنڈی ڈالنے کی گنجائش ہو۔ اب سات عدد بھنڈی کے ڈنٹھل (بھنڈی کا سائز بہت چھوٹا نہ ہو) چھری سے دونوں طرف سے کاٹ لیں۔ اب جو پیالہ پانی میں رکھا اس میں ڈال دیں، پیالہ فریج میں رکھیں۔ (ایک بھنڈی کے پانچ پیس بنانے ہیں، سات بھنڈی کے 35 پیس بنانے ہیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی) صبح کو پیالہ لیں ان بھنڈیوں کو ہاتھ سے اچھی طرح دبا کر پیالے میں نچوڑ لیں اور بھنڈیوں کو پھینک دیں۔ اب پانی میں نمک ڈال کر پی لیں۔ چھ ماہ مسلسل استعمال کریں، شوگر ختم ہو جائے گی۔ اگر گھٹنوں میں درد ہوگا تو وہ بھی ختم ہو جائے گا۔ اگر گھٹنوں میں درد ہوگا انشاء اللہ۔

نسخہ شوگر کنٹرول: تازہ بڑے سائز کے کریلے ایک کلو لیجئے، ان کو دھو کر سکھا لیں۔ چھلکے نہ اتاریں مع ڈنٹھل کاٹ لیں۔ بہت چھوٹے پیس کر لیں۔ دھوپ میں نہیں

کاٹ لیں۔ بہت چھوٹے پیس کرلیں۔ دھوپ میں نہیں چھاؤں میں سکھالیں۔ پنکھے کے نیچے بہت جلد سوکھتے ہیں۔ جب سوکھ جائیں تو ہاون دستے میں کوٹ کر باریک پیس لیں۔ بڑے سائز کے خالی کیپسول لیں اور اس میں کریلوں کا سفوف بھر لیں۔ صبح، دوپہر، شام دو کیپسول پانی کے ساتھ کھائیں جن افراد کے چہرے پر دانے نکلتے وہ بھی اسی طریقہ سے استعمال کریں۔ الرجی اور خارش کیلئے بے حد مفید ہیں۔ (ذکیہ اقتدار، بہاولنگر)

دماغی کام کرنیوالوں کیلئے اعلیٰ درجہ کا سستا نسخہ

ایک حکیم صاحب نے نسیان کیلئے ایک نسخہ بنایا ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ اس کی افادیت کا پتہ استعمال کرنے کے بعد ہی معلوم ہوگا۔ سونے چاندی اور جواہرات کے مرکبات سے آپ اس کو بدرجہ بہتر پائیں گے۔ قیمتی ولائتی یا دیسی ادویات کو اس نسخہ کے سامنے ہیچ تصور کریں گے۔ **ھوالشافی:** برہمی تازہ بوٹی یعنی پرانی نہ ہو سات تولہ کا سفوف بنالیں، شہد خالص ایک پاؤ، ورق نقرہ اصلی ایک دفتری ملالیں۔ **طریقہ استعمال:** چھ ماشہ صبح، چھ ماشہ شام ہمراہ دودھ گائے آدھ کلو کے ساتھ کھائیں۔ اگر گائے کا دودھ نہ ملے تو بھینس کا دودھ ہی استعمال کریں۔ بچوں کو تین تین ماشہ استعمال کروائیں۔ طالب علموں، وکیلوں اور دماغی کام کرنے والے کلرک صاحبان کیلئے اعلیٰ درجہ کی کم لاگت اور کم محنت دوا ہے۔ نسخہ واقعی بہت اچھا ہے، میں نے ایک دفعہ تھوڑی سی تازہ برہمی بوٹی، مرچ سیاہ تین دانے کے ساتھ رگڑ کر صبح نہار منہ پی لی تھی، دماغ واقعی بہت تیز ہوجاتا ہے۔ بھولی باتیں یاد آنے لگتی ہیں۔

قیامت کے روز سب سے افضل عمل

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جو شخص سو مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہ پڑھ لے اللہ تعالیٰ اس کے سارے گناہ بخش دیتے ہیں، اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ سے زیادہ ہوں اور جو شخص روزانہ پڑھے گا قیامت کے دن کوئی اس سے افضل عمل والا نہیں ہوگا مگر وہ جس نے اس مقدار یا اس سے زائد یہ دعا پڑھی۔ (مسلم، ترمذی، نسائی) مزید: اس دعا کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضور نبی کریم ﷺ کا یہ ارشاد پاک نقل فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی دن یہ کلمات ایک ہزار مرتبہ پڑھ لے اس نے اللہ تعالیٰ سے اپنا نفس خرید کر عذاب الٰہی (عذاب خدا) سے بچالیا اور زندگی کے آخری دن وہ عتیق اللہ (اللہ کا آزاد کیا ہوا) کے لقب سے ملقب ہوگا۔ **فائدہ:** یہ بہت بڑا فائدہ اور سعادت کی بات ہے جس شخص کو عتیق اللہ کا لقب حاصل ہوجائے وہ تو کامیاب ہے اس لیے ہمیں اس پر عمل کرنا چاہیے۔ (ثوبان علی، لاہور)

کان کے ہر مسئلے کا آزمودہ و یقینی حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کی کتاب ''مجھے شفاء کیسے ملی؟'' دفتر ماہنامہ عبقری سے خریدی، کیا لاجواب کتاب ہے۔ اس کے تو ایک ایک صفحے پر لاکھوں کا ایک نسخہ ہے۔ اسی کتاب میں سے میں نے ایک علاج پڑھا، بنایا، استعمال کیا اور اللہ نے مجھے شفاء دے دی۔ ورنہ میں نے تو بہت علاج کروائے مگر آرام نہیں آیا، لاکھوں خرچ کرچکا تھا۔ جو لوگ کان کے مسائل میں ہیں جن کو پیپ آتی ہو، سنائی نہ دیتا ہو، وہ استعمال کریں انشاء اللہ تعالیٰ اللہ شفاء دے گا۔ نسخہ یہ ہے۔ **ھوالشافی:** ملٹھی، ہلدی، سونف ہموزن اور کالا نمک حسب ضرورت لے کر باریک کرکے چھان لیں یہ پھکی بن جائے گی۔ آدھا چمچ دن میں تین بار کھانے کے بعد جن کو دائمی نزلہ زکام ہے، دائمی ریشہ ہے استعمال کریں انشاء اللہ آرام آجائے گا ایک ماہ مسلسل استعمال کریں۔ (ضیاء الحق)

دلائل الخیرات پڑھنے کا انعام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج کے دور میں جب ہر طرف پریشانیاں ہی پریشانیاں ہیں۔ ماہنامہ عبقری کی خدمت ناقابل فراموش ہیں۔ اللہ اس کو ترقی عطا فرمائے۔ آمین! اور آپ کو لمبی عمر و صحت عطا فرمائے۔ آپ کے مرشد سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کو خزانہ عرش سے خاص رحمت عطا کرے۔ آمین۔

بندہ ناچیز کافی عرصہ سے روحانی علم کا طالب علم رہا، کافی وظائف اور کتب پڑھیں۔ پھر کہیں سے عبقری کے رسالے پر نظر پڑھی، تمام کتب چھوٹ گئیں۔ تین سال سے پڑھ رہا ہوں اس کی ویب سائٹ سے کافی علم کا خزانہ ہاتھ لگا۔ بندہ کافی عرصے سے دلائل الخیرات پڑھتا رہا جس کی برکت سے حضور نبی کریم ﷺ کا دیدار کا شرف حاصل ہوا۔ ایک بہت بڑا انعام اور خوش قسمتی ہے جس کی ہر مسلمان کو خواہش ہوتی ہے۔ رسالے سے آپ سے ملاقات کا نمبر لیکر فون کرکے آپ سے ملاقات کا ٹائم لیا۔ جب ملاقات ہوئی اور اپنے گھریلو مسائل بیان کیے، آپ نے چند وظائف پڑھنے کو بتائے۔ الحمدللہ! مسائل کامیابی کی طرف گامزن ہیں۔ جب سے میں نے آپ کے دیئے وظائف شروع کیے ہیں میرے بہت سے مسائل حل ہوچکے ہیں جیسا کہ میری بیوی کا رویہ میری کم آمدنی کی وجہ سے میرے ساتھ کچھ اچھا نہ تھا، ہر وقت نوک جھونک چلتی رہتی تھی۔ مگر اب ایسا بالکل بھی نہیں ہے۔ ایک دن بے چینی اور سخت غصے کے موڈ میں جبکہ بیوی کے ساتھ تھوڑی تلخ کلامی ہوئی۔ میں نے چار رکعت نماز حاجت پڑھی اور ہر سجدہ میں چالیس دفعہ آیت کریمہ پڑھی۔ خواب میں عجیب و غریب شکل کے انسان تھے، ان کو بری طرح مرے ہوئے دیکھا، کسی کا پیٹ پھاڑ دیا گیا تھا اور کسی کے منہ سے انتڑیاں نکالی گئی تھیں۔ جنگ کا سماں تھا۔ اسی طرح میں درود خضری بہت شوق سے پڑھتا ہوں تو کچھ عرصہ پہلے مجھے خواب میں دیدار رسول اکرم ﷺ ہوا۔ خواب میں میں نے آقا دو جہاں حضور نبی کریم ﷺ سے عرض کیا حضور ﷺ گستاخی معاف ہو، میں اونچی آواز میں بات کرتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا یہ درود پڑھا کرو، آپ ﷺ کے سامنے ایک پیالہ تھا۔ اس میں لیمینیشن کارڈ تھے جن پر درود شریف لکھا تھا۔ ایک کارڈ پکڑا اور مجھے دے دیا۔ میں نے کہا حضور ﷺ میں نے فلاں درود پڑھتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں جو تمہیں کہہ رہا ہوں وہ کرو۔ وہ درود یہ تھا: **وصلی اللہ علی النبی امی و آلہ**۔ (محمد ذیشان انور)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس چند ٹوٹکے ہیں جو ہمارے خاندانی آزمودہ ہیں قارئین کی خدمت میں پیش ہیں: 1۔ جس آنکھ میں تکلیف ہو اس کے مخالف پیر کے ناخن پر آک کا دودھ ڈال کر ملیں، تکلیف ختم ہوجائے گی۔ 2۔ پیٹ بڑھ رہا ہو تو سوتے وقت سرسوں کا تیل ناف میں لگا کر سوئیں۔ 3۔ سر میں شدید درد ہو رہا ہو تو پیاز کاٹ کر اس کو سونگھیں، سر درد فوری دور ہوجائے گا۔ 4۔ انگلیوں کے درمیانی خلا کو دن میں دو سے پانچ بار مسل کر دبائیں، ہر قسم کے امراض سے نجات پائیں۔ (حاجی محمد بلال یار، کھوسہ ڈیرہ غازیخان)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

بال مضبوط خشکی بھی دور: سرسوں کے تیل میں آدھا لیموں ڈال دیں پھر بالوں کی جڑوں پر مساج کریں بال بھی مضبوط اور خشکی کا بھی یقینی خاتمہ۔

جناب! چائے نہیں قہوہ پی لیں پھر بے شک زندگی جی لیں

چوہدری غلام محمد یٰسین

مگر آج کل جو چائے ہم پی رہے ہیں وہ چائے نہیں ہوتی کیونکہ اس میں دودھ کی بجائے پانی جیسی کوئی پتلی چیز ہوتی ہے جس میں بے شمار ملاوٹیں اور مضرصحت اشیاء شامل کی جاتی ہیں۔ غذائی ماہرین کے مطابق اس میں کم وبیش چھ مضرصحت چیزوں کی ملاوٹ کی جاتی ہے

آج سے چند سال پہلے کوئی بیمار ہوتا تھا تو اسے چائے یا چائے کے ساتھ دوائی کھانے کو کہا جاتا تھا۔ آہستہ آہستہ چائے کا رواج پڑتے پڑتے اس قدر زیادہ ہوگیا ہے کہ ہر کوئی چائے پینے کا شوقین بلکہ کچھ لوگ تو اس کے عادی اور نشئی بن گئے ہیں۔ چائے ہے کیا؟ دودھ چائے کی پتی اور چینی کا آمیزہ۔ چائے کی پتی میں تھی ان ڈین سٹرین ٹینک ایسڈ کلوروفائل البوین ایتھریل آئل اپوتھیما موم اور کچھ منجمد قسم کے مادے پائے جاتے ہیں۔ تھی ان کیفین سے ملتی جلتی ہے یا اسی کو کیفین کہہ لیں۔ جو چائے میں آٹھ سے دس فیصد زائد ہوتی ہے۔ چائے نیند اڑاتی ہے خشکی پیدا کرتی ہے۔ دودھ اگر خالص ہو (جو آج کل صرف خوش نصیبوں کو ملتا ہے) چائے کی پتی خالص ہو تو یہ حرارت پیدا کرتی ہے ذہنی قوتیں تیز کرتی ہے۔ دل کے فعل کو تیز کرتی ہے نفسیاتی طور پر سکون مہیا کرتی ہے بعض لوگوں میں چائے پینے کے بعد چستی آجاتی ہے اور وہ اپنا کام زیادہ توجہ محنت اور لگن سے کرتے ہیں۔ مگر آج کل جو چائے ہم پی رہے ہیں وہ چائے نہیں ہوتی کیونکہ اس میں دودھ کی بجائے پانی جیسی کوئی پتلی چیز ہوتی ہے جس میں بے شمار ملاوٹیں اور مضرصحت اشیاء شامل کی جاتی ہیں۔ غذائی ماہرین کے مطابق اس میں کم وبیش چھ مضرصحت چیزوں کی ملاوٹ کی جاتی ہے چائے کی پتی میں رنگ پیدا کرنے کیلئے حیاوتی خون شامل کیا جاتا ہے اور سفید چینی تو سفید زہر ہے۔ حکماء تجویز کرتے ہیں کہ ہمیں چائے چھوڑ قہووں کے استعمال کو بڑھانا چاہیے بعض حکما دوائی کے ساتھ مختلف قہوہ بھی تجویز کرتے ہیں قہووں کے بے شمار طبی فوائد ہیں۔ جو درج ذیل ہیں:۔

مختلف قہوہ جات اور ان کے مختصر مختصر طبی فوائد

درج ذیل مختلف خوش ذائقہ قہووں میں حسب ضرورت حسب خواہش نمک چینی یا شہد ملا کر استعمال کریں۔

قہوہ: لونگ۔ دارچینی۔ **مختصر فوائد:** اینٹی سیپٹک ہیضہ بلغم سے آرام سردی میں حرارت جگر کو طاقت بھوک لگائے کھایا پیا ہضم کرے ریاح خارج پتھری فالتو چربی کا علاج۔

قہوہ: ادرک۔ **فوائد مختصر:** بھوک لگائے ریاح پتھری خارج مقوی بصارت چہرے کی رنگت میں نکھار۔ **قہوہ:** تیزپات۔ **فوائد مختصر:** کاسر ریاح مقوی معدہ مقوی قلب سر درد میں نہایت مفید۔ **قہوہ:** اجوائن دیسی۔ **فوائد مختصر:** کاسر ریاح بخار میں مفید گرمی کے موسمی امراض سے بچاؤ۔ **قہوہ:** گل بنفشہ: **فوائد مختصر:** کھانسی نزلہ زکام میں مفید سانس کی نالیوں کو کھولتا حلق کی خراش دور کرتا ہے۔ **قہوہ:** گورکھ پان۔ **فوائد مختصر:** بلڈ پریشر میں کمی مصفی خون خارش دور کولیسٹرول کم کرتا ہے۔ **قہوہ:** ادرک شہد۔ **فوائد مختصر:** شہد میں شفا سردی کے موسمی اثرات سے بچاؤ نزلہ زکام کھانسی بند ناک میں مفید ہے۔ **قہوہ:** انجبار۔ **فوائد مختصر:** اسہال بند آنتوں میں قوت جاری خون بند ٹانگوں میں درد کڑل دور۔ **قہوہ:** ڈاڑھی بوڑھ۔ **فوائد مختصر:** فالج لقوہ میں مفید عورت مرد کی تولیدی بیماریوں میں مفید طاقت بخش دوا۔ **قہوہ:** گل سرخ۔ **فوائد مختصر:** گاڑھی بلغم رقیق قبض دور سردیوں میں حفظ ماتقدم طبیعت کو نرم لطیف کرے۔ **قہوہ:** کالی پتی۔ **فوائد مختصر:** نقاہت دور کرتا ہے پسینہ لاتا ہے خون کی گردش تیز سردی کے موسم میں سردی سے دفاع۔ **قہوہ:** لیمن گراس۔ **فوائد مختصر:** بلغم نزلہ سردی میں مفید اسہال کڑل دور لو بلڈ پریشر میں مفید۔ **قہوہ:** زیرہ سفید الائچی۔ **فوائد مختصر:** معدے کی جلن بواسیر میں مفید کھانا ہضم کرے بھوک صالح پیدا کرے۔ **قہوہ:** سونف۔ **فوائد مختصر:** کاسر ریاح خشک کھانسی معدے کی جلن میں مفید ہاضم بڑھائے بھوک لگائے۔ **قہوہ:** بادیان خطائی دارچینی الائچی۔ **فوائد مختصر:** قوت ہاضم بھوک بڑھائے چائے پینا بس ایک عادت ہے اس کو دور کرے بے شمار طبی فوائد۔ **قہوہ:** بنفشہ ملٹھی۔ **فوائد مختصر:** نزلہ زکام کھانسی بلغم سینے کی جلن حلق کی خراش قبض کو دور کرے۔ **قہوہ:** بہی دانہ بنفشہ۔ **فوائد مختصر:** گلے کے امراض نزلہ زکام دل کا درد گردوں کے درد پیشاب کی جلن قبض دور کرتا ہے۔ **قہوہ:** بھوسی گندم۔ **فوائد مختصر:** نزلہ زکام بند ناک گاڑھی بلغم کا علاج پیشاب میں جلن دور کرتا ہے۔ **قہوہ:** بنفشی قہوہ عبقری۔ **فوائد مختصر:** دائمی ریشہ کیرا نزلہ زکام کھانسی کا مکمل علاج بے شمار دیگر فوائد کا حامل ہے اور ہر موسم میں کارگر ہے۔

(بقیہ: دشمن کے نرغے میں ایک رات)

کی مرمت کے بارے میں پوچھنے آئے گا۔ اس کے علاوہ ایک گروپ ٹینک کیلئے ایمونیشن دینے آئے گا۔ ان تمام حالات کا اندازہ کرتے ہوئے ان میں گھبراہٹ طاری ہو رہی تھی۔ ٹینک کو سٹارٹ کر کے بھگا لے جانا ابھی ممکن نہیں تھا لیکن صبح کی روشنی سے پہلے پہلے وہاں سے نکلنا ضروری تھا' اللہ تعالیٰ سے التجا کرتے ہوئے سب نے بار بار دعائیں مانگیں آخر صوبیدار صاحب نے اپنے تینوں جوانوں کو کہا ہم ہتھیار بالکل نہیں ڈالیں گے اور بچنے کی پوری کوشش کریں گے۔ یہ بھی فیصلہ کیا گیا جو بھی کام کرنے والے بندے آئیں بالکل مختصر بات کرنی ہے جیسے "ٹھیک ہے" "کردو" "نہیں ضرورت" وغیرہ وغیرہ۔ تھوڑی دیر بعد بھارتی فوج کی پٹرول ڈالنے والی گاڑی آئی اور ٹینک میں پٹرول ڈلوا لیا گیا۔ پھر بھارتی فوج کے فیلڈ سروس (یعنی مرمت) والے لوگ آئے کہا گیا نہیں ضرورت' ایمونیشن دینے والے لوگ آئے تو نہیں لیا گیا کیونکہ ہمارے ٹینک کی گن کا بور مختلف تھا البتہ پانچ گولے پہلے سے بچے ہوئے تھے۔ صبح سحری کے وقت جبکہ ابھی اندھیرا ہی تھا۔ بھارتی فوجیوں کی نقل و حرکت اور تیاری سے اندازہ ہوا کہ کچھ دیر بعد رسالے کو مارچ کا حکم آنے والا ہے۔ لیکن صوبیدار صاحب نے بسم اللہ پڑھتے ہوئے اپنا ٹینک پہلے سٹارٹ کردیا اور کبھی آگے اور پیچھے کرتے ہوئے (جیسے ٹیسٹنگ کا دکھاوا کرتے ہیں) دشمن کے جم گھٹوں سے ذرا سو میٹر باہر لے گیا۔ یک دم انہوں نے بڑی گن کا رخ بھارتی ٹینکوں کی طرف کیا۔ پورے پانچ گولے دشمن پر فائر کیے اور فرنٹ لائن کی طرف دوڑ لگا دی جو کہ تین چار کلومیٹر دور تھی۔ تھوڑی دیر تک دشمن کو بالکل سمجھ نہیں آئی پھر اس نے توپ خانے کی مدد سے ٹینک کو روکنے کی کوشش کی۔ بہرحال فرنٹ لائن کے قریب پہنچ کر ایک اور خطرناک مرحلہ ابھی عبور کرنا باقی تھا۔ پاکستانی فوجیوں کو کیسے معلوم ہو کہ بھارت کی طرف سے ان کا اپنا ٹینک آرہا ہے۔ اب قدرے روشنی ہونے لگی تھی۔ ٹینک کی گن پر سفید کپڑے باندھ دیے گئے اور گن کا رخ ایک سائیڈ کی طرف موڑ دیا گیا تاکہ دیکھنے والوں کو معلوم ہو کہ خطرناک ارادہ نہیں ہے۔ پاک فوج کے جوانوں نے ٹینک کو نشانے پر لے رکھا تھا اور عجیب کشمکش میں دیکھ رہے تھے کہ دشمن ہتھیار ڈالنے کیوں آرہا ہے۔ ٹینک آہستہ آہستہ بڑھتا ہوا ہمارے مورچوں کے درمیان آگیا۔ چاروں جوان نعرہ تکبیر بلند کرتے ہوئے باہر نکلے اور ارد گرد موجود فوجی جوانوں سے گلے مل رہے تھے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال تھی جس کی وجہ سے انہوں نے خطرناک صورتحال میں رات گزارنے کے باوجود بھارت کے پانچ ٹینک تباہ کردیے اور خود بھی کامیابی سے واپس آگئے۔

گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

قسط نمبر 19

کچھ سامان اٹھوانے کے بعد اس نے سب کو کچھ کھلایا اور میری دوست کے شوہر کو علیحدہ سے کوئی چیز کھلائی جو اس نے اس وقت کھالی۔ اس کے بعد میری دوست کا شوہر اس کے جال میں پھنس گیا اور ہر رات اس کے گھر میں گزارتا اور اپنے بیوی بچوں کو بلاتا تک نہیں تھا۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

